بعون و توفیق خالق برحق و تائید شافی مطلق

[illegible]

علاج الغربا

مطبع نامی منشی نول کشور واقع لکھنؤ میں مزین بطبع ہوا



بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد بیحد اُس حکیم علی الاطلاق کو سزاوار ہے جس نے اپنی حکمت شاملہ اور قدرت کاملہ سے ہیژدہ ہزار عالم پیدا کئے اور انسان ضعیف البنیان کو افضل مخلوقات بنایا اور اسی کیواسطے عرش سے فرش تک تمام موجودات کو منصۂ ظہور پر جلوہ گر فرمایا اور اُس کی مدار حیات و مناط ثبات صحت اور مرض کو قرار دیا اور حفظ صحت حاصلہ اور اعادۂ تندرستی زائلہ کے لئے اغذیہ و ادویہ کو ایجاد کیا اور اُس کی تشخیص اور امراض کے واسطے اطبائے جسمانی و حکمائے روحانی کو خلعت وجود سے سرفرازی بخشی اور اُن کی ذات بابرکات کو کیسی کیسی آفات سے نجات دی علی الخصوص زمرۂ اولیا و رسل کہ اُن کی نوشدارو سے ہدایت و ارشاد دفع زہر ضلالت اور الحاد کا اثر بالکلیہ دفع فرمایا اور مبتلایان مرض مہلک جہل و نادانی کو آب حیات علم و حکمت پلایا اللہم صل علیہم اجمعین خصوصاً بر روح پرفتوح سید المرسلین باعث ایجاد عالمین حضرت محمد مصطفےٰ احمد مجتبےٰ کہ اُن کے ارشاد فیض بنیاد سے علم ابدان کو بھی عز علم ادیان کے شرف حاصل ہوا اور ان کی آل ذوی کمال اور اصحاب فیض مآب کی ترتیب و تہذیب سے علم طب کامل ہوا صلی اللہ علیہم الی یوم الدین بعد اسکے مجرم پر جرائم [illegible] ابن حکیم امیر علی ابن مولوی حاجی افضل علی خان گوپاموی خدمت ارباب عقل و دانش میں گذارش کرتا ہے

Ilaj-ul-Ghuraba by Hakeem Ghulam Imam | Hakeem Hakeem Mohammad Asghar Ali
Hakeem Mohammad Asghar Ali

الحمد للہ

[illegible]

علاج الغربا

راجہ رام کمار پریس ... لکھنؤ

وارث

منشی نول کشور ... مطبع ...

اعلان - حق تصنیف و تالیف اس کتاب کا بحق منشی نولکشور محفوظ ہے - قیمت ...

چونکہ علم طب بدن انسان سے تعلق رکھنے کے باعث شریف ترین علوم ہے اور اس علم میں
بہت کتب اور مختلف اقسام پر تصنیف ہوئے اور یہ ایک عجیب تر بہ غایت خوبی اور لطافت سے
لاکن بالفعل ایک کتاب مسمی بہ علاج الغربا چھاپی گئی ہے مصنف حکیم غلام امام صاحب مرحوم
نے خدا انکو جزائے خیر دے خلائق کے واسطے کیا ہی آسانی کر دی کہ بیسلے کیلئے نسخے سہل اور
آسان ہر مرض کے اس میں لکھے کہ خلائق کو بہ صرف قلیل گوہر گرانبہائے صحت حاصل ہوا آجکل
منشی صاحب والا مناقب عالیشان قدر دان شرفا و نجباء مرجع اعلی و ادنی معدن فتوت و حلم
جوہر شناس علم دار باب منشی نولکشور صاحب اوصل اللہ تعالی الی ماتمناہ کی نظر سے یہ کتاب
گذری نظر بہ تعمیم فوائد انام و رفاہ خاص و عام اس خاکسار بے مقدار کو کہ کچھ اس علم شریف میں
دخل رکھتا ہے مامور فرمایا کہ کتاب مذکور کو زبان فارسی سے اردو میں ترجمہ کرے ناچار بہ حکم
المامور معذور راقم الحروف نے مطالب اس کتاب کو زبان اردو عام فہم میں اس طرح سے کہ
فہم مطلب میں دقت نہ ہو موافق محاورہ ترجمہ کیا اور موقع و محل پر مطالب مفیدہ اور مضامین ضروری
علاوہ کتاب مذکور کے بڑھائے امیدوار اہل علم و کمال سے یہ ہے کہ اگر کسی جگہ سہو و خطا نظر آئے
اسکو اصلاح فرمادیں اور حرف گیری کو معرض اظہار میں نہ لائیں ع کہ ہیچ نفس بشر خالی
از خطا نبود و الحمد للہ علی احسانہ کہ یہ ترجمہ ستائیسویں ذیقعدہ ۱۲۸۱ سن بارہ سو اکیاسی ہجری
میں مرتب ہوا جاننا چاہیے کہ اس کتاب میں دو مقالہ ہیں پہلا مقالہ علم نظری میں اس میں دس
باب ہیں پہلا باب امور طبعی کے بیان میں یعنی وہ امور کہ منسوب بہ طبیعت ہیں اور ان کو بقائے
انسان میں دخل ہے اور وہ سات ہیں ایک ان میں سے ارکان ہے اور اس کو عناصر بھی
کہتے ہیں اور عناصر چار ہیں آگ گرم و خشک ہے ہوا گرم و تر ہے پانی سرد و تر خاک سرد و خشک
ہے دوسرا امور طبعی سے مزاج ہے اس کی نو قسمیں ہیں چار مفرد گرم و سرد و تر و خشک اور چار
مرکب گرم و خشک گرم و تر سرد و تر سرد و خشک نواں معتدل وہ دو قسم ہے معتدل حقیقی اور غیر حقیقی
معتدل حقیقی کا وجود نہیں تیسرے امور طبعی سے اخلاط اور وہ چار ہیں ایک خون مزاج اس کا گرم و تر
ہے بہترین خون سرخ رنگ شیریں ہے جو معتدل القوام ہے اگر کوئی ان اوصاف سے متغیر
ہو جائے وہ خون غیر طبعی ہے دوسرا صفرا کہ طبیعت اس کی گرم و خشک ہے بہتر صفرا سرخ

زردی مائل تیز مزہ ہوتا ہے اور غیر طبعی چار ہیں مرّہ صفرا اور صفرائے محی اور صفرائے کراثی اور صفرائے
زنگاری مرّہ صفرا وہ کہ جس میں رطوبت رقیق ملے اور صفرائے محی وہ کہ جس میں رطوبت غلیظ
ملے صفرائے کراثی وہ کہ بعض اجزا صفرا کے جل کر باقی اجزا سے مل جائیں اور رنگ اس کا
مثل گندنے کے ہوتا ہے پیدائش اس کی معدہ میں ہے صفرائے زنگاری وہ ہے کہ بالکل جل
جائے اور رنگت اس کی مانند زنگار کے ہوتی ہے مزاج اس کا مزاج زہر کے قریب ہے
پیدائش اسکی جگر میں ہے تیسرا بلغم مزاج اس کا سرد و تر ہے بہترین بلغم کا وہ ہے کہ صلاحیت خون
ہوجانے کی رکھے اور بلغم غیر طبعی یا مزہ کی جہت سے ہوگا یا قوام کی راہ سے مزہ کی وجہ سے اس طرح
ہے کہ خون کی آمیزش سے میٹھا ہو جائے وہ حلو ہے یا صفرائے محترقہ کے ملنے سے نمکین ہو جائے وہ
مالح ہے اس کی طبیعت صفرا کی طبیعت سے قریب ہے یا حرارت ضعیفہ کے عمل کرنے سے ترش ہوجائے
وہ حامض ہے یا آمیزش اجزاء مائیہ سے پھیکا ہوجائے وہ تفہ ہے یا سودا کے ملنے سے کسیلا ہوجائے
وہ عفص کہلاتا ہے اور غیر طبعی قوام کی راہ سے یا رقیق ہے جس کو مائی کہتے ہیں یا غلیظ اس کو جصی
مختلف القوام کہ بعض اجزا اسکے رقیق ہوں اور بعض غلیظ اسکو مخاطی کہتے ہیں چوتھا اخلاط سے
سودا اسکا مزاج سرد و خشک ہے سودائے خالص خون کا تلچھٹ ہے سیاہ رنگ مائل بہ ترشی اور
سودائے غیر طبعی ہر خلط کے جل جانے سے پیدا ہوتا ہے یعنی کہ اگر سودا محترق ہو جائے اور احتراق
ہر خلط اس کے قوام کے غلیظ ہو جانے کو کہتے ہیں اور کمی اور زیادتی خلط کی موافق کمی و زیادتی
اس خلط کے احتراق کے ہے فائدہ اخلاط کی پیدائش ہضم دوم سے ہوتی ہے اور ہضم چار ہیں اول
ہضم معدہ میں اس کے خلاصہ کو کیلوس کہتے ہیں اس کا فضلہ براز ہے دوسرا ہضم کبد میں
اس طرح کہ خلاصہ غذا کا باریک رگوں سے جو درمیان معدہ و جگر کے ہے ماساریقا میں جگر میں
آکر ہضم ہوتا ہے اس کے خلاصہ کو کیموس کہتے ہیں فضلہ اس کا بول ہے تیسرا ہضم عروق چوتھا
اعضا میں ہے اور فضول ان دونوں ہضموں کے پسینا اور میل ہوکر مسامات کی راہ سے اور
کچھ ناک کان وغیرہ منافذ سے دفع ہوتے ہیں چوتھے امور طبعی سے اعضا ہیں اسکی دو قسمیں ہیں
مفرد اور مرکب اول اعضائے مفردہ سے استخوان ہے جو بدن کی بنیاد ہے اور وہ جملہ دو سو
اڑتالیس ہیں دوسرے کری تیسرے پٹھے وہ دو نوع ہیں ایک دماغ سے اگے ہیں اسکے

ایک چھٹانک چینی کر ملاکر پیا کرین جریرہ مقوی دماغ جو نے پھٹے کا چھلکا دور کرکے نو دانہ باریک پیسکر بادام روغن بادام مین بریان کرکے بعد اس کے نشاستہ تودہ درم دانہ خشخاش سفید نو درم قند چار درم ملاکر گاے کے دودھ مین جریرہ پکائین پھر نو درم گھی اس مین ملا کر گرم کھائین دوا گرم درد سر کے واسطے نافع ہے دھنیا کا ہرا اجعا ایک درم پانی مین پیسکر شیرہ نچھا کر تھوڑی شکر سے میٹھا کرکے ایک تولہ اسپغول پھونک کر نوش کرین یا دو تولہ شربت نیلوفر شکر کے ہمراہ نوش فرمائین دوا بالخاصیت اس درد کو نفع کرتی ہے جو نزلہ سے ہو صدف تلخی سیب سرکہ مین پیسکر کان کی دونون لو ن مین لگاتے رہین دوا دیگر کہ بالخاصیت فائدہ رکھتی ہے تخم کو سر پر باندھین دوسری دوا صداع کہنہ کو مفید ہے دھتورے کے بیج دو چار ہم وزن مہوہ کے پھول کا روغن درد سر حار و بارد کو فائدہ کرتا ہے صفت اس کی یہ ہے سونٹھ بادرنگ بلیلہ تخم [illegible] مہوہ ہموزن [illegible] کا تیل چار حصہ مہوے کے پھول کا شیرہ نکال ڈالین اور سب دواؤن کو اول اس قدر پانی مین کہ تیل کے دو چند ہو جوش کرین جب پانی تیل کے برابر رہجائے صاف کرکے روغن مین ملا کر جوش دین جب صرف روغن رہجائے اور پانی جل جائے چھان کر رکھین چند قطرے ناک مین ٹپکائین بہت اقسام کے درد کو فائدہ کرتا ہو

سعوطات سعوطات ادویہ رقیقہ کو کہتے ہین کہ ناک مین ٹپکائین **سعوط** کہ درد سر سرسام گرم کو فائدہ کرے کافور صندل گلاب مین گھسکر ناک مین ٹپکائین **سعوط دیگر** کدو کاہو دھنیا تازہ کاسنی تازہ مکو کی پتیان سبکو ایک ایک درم مناسب [illegible] نچوڑکر صاف کرکے چند قطرے ناک مین ٹپکائین سعوط درد سر بارد کو نافع ہو سیاہ مرچ پیپل لونگ ان سبکو پانی مین [illegible] بقدر مناسب وقت ضرورت کے عرق مین پیسکر ناک مین ٹپکائین سعوط کہ درد سر بارد اور بلغمی کو نفع کرے پانی برگ سداب کا صاف کرکے ناک مین ٹپکائین سعوط درد سر بارد کو نفع کرتا ہے [illegible] کو جوش دیکر اسکے چند قطرے ناک مین ٹپکائین سعوط نافع درد سر بارد [illegible] سونٹھ قند سیاہ [illegible] گرم پانی مین پیسکر ناک مین ٹپکائین سعوط دماغ کو رطوبت سے پاک کرے چنبیلی کے پھول تین عدد روغن گل مین ملا کر سعوط کرین سعوط نافع شقیقہ کل دو پہر کو ایک [illegible] پھول [illegible] پھول کی پنکھڑیان [illegible] اسکا ناک مین ٹپکائین چند قطرے [illegible] اگر بائین طرف درد ہو داہنے نتھنے مین اور اگر داہنے نتھنے کی طرف

درد ہو بائین نتھنے مین ٹپکائین دیگر مرچ سیاہ ایک عدد کھی کا گوہ اس کے برابر اس عورت کے دودھ مین کہ لڑکی جنی ہو پیسکر کان مین ٹپکائین اور تھوڑا آنکھون مین بھی لگائین دیگر نافع شقیقہ دراس کے پھول اڑھائی پنکھڑی آدھی کالی مرچ کے ساتھ پانی مین پیسکر اگر درد داہنی جانب ہو بائین نتھنے مین والا بالعکس سعوط کرین ایضاً نافع شقیقہ پوست ریٹھہ کو پانی مین خوب ملین جب کف نکلے گرم کرکے ڈھائی قطرہ دونون نتھنون مین سعوط کرین ایضاً شقیقہ کے واسطے تخم سرس تھوڑے پانی مین پیسکر کپڑے مین پوٹلی باندھکر جس طرف کہ درد سر ہے اڑھائی قطرہ اس طرف کے نتھنے مین ٹپکائین ایضاً دافع شقیقہ نوشادر سیاہ دانہ ہر ایک دو رتی پانی مین پیسکر گاے کے گھی مین ملاکر سعوط کرین ایضاً شقیقہ کو نافع پیاز تخم مہوہ تھوڑا سا چار کالی مرچون کے ساتھ پانی مین پیسکر اگر درد جانب چپ مین ہو داہنے نتھنے مین اور اگر جانب راست مین ہو بائین نتھنے مین ٹپکائین اور تھوڑا کالی مرچ روغن گاو مین سعوط کرنا بھی شقیقہ کو مفید ہے ایضاً نافع درد شقیقہ مغز [illegible] پانی مین پیسکر اگر درد بائین جانب ہو داہنے نتھنے مین سعوط کرین والا بالعکس اور اگر اس کی تیزی کا خوف ہو تو عورت کے دودھ مین سعوط کرین سعوط نافع اس درد شقیقہ کے واسطے کہ باری سے آتا ہو صندل پانی مین بھگو کر پانی چھان کر دو قطرے ناک مین ٹپکائین مادہ شقیقہ کو بہا کر دور کرے گا

سفوفات وے ادویہ کہ جن کو خشک پیسکر کھائین ہندی مین اسے پھنکی کہتے ہین **سفوف مقوی دماغ** بنفشہ دو ماشہ اسطوخودوس ایک ماشہ دھنیا دو ماشہ بالچھڑ ایک ماشہ سونٹھ ایک ماشہ گل سرخ دو ماشہ مغز بادام دو ماشہ مصری سب دواؤن کے برابر پیس چھانکر کھائین خوراک ایک تولہ شربت ہلیلہ صفراوی درد سر کو نافع اور ملین طبع ہے پوست ہلیلہ زرد دس عدد نیم کوفتہ چینی کے پیالے مین پانی مین بھگو کر تین دن دھوپ مین رکھین پھر چھٹے روز مل کر چھانئین اور پھر گیارہ عدد پوست ہلیلہ زرد بدستور اسی پانی مین تین روز دھوپ مین رکھکر چھٹے روز مل کر چھان کر ایک سو پچاس مثقال شکر سفید مین قوام کرین اور اگر بجائے شکر سفید ترنجبین ہو بہتر ہے شربت نافع درد سر بنفشہ نیلوفر گل سرخ ہر ایک چار مثقال اسطوخودوس دو مثقال آلو بخارا دس دانہ پانی مین بھگو کے لین اور چھان کر [illegible] شکر مین

دوا اگر صمغ عربی اور کتیرا اور نشاستہ اسبغول کے لعاب یا تخم خرفہ کے پانی میں ملا کر سفوف بنا کر
لیں دھوپ سے رنگ سیاہ ہو **فصل کلف** یعنی داغ سیاہ کہ منھ پر ہو جاتے ہیں اسے
جھائیں کہتے ہیں دوا دافع کلف تربوز میں تھوڑا سوراخ کر کے اس میں چاول بھر کر سات روز رکھیں
پھر چاول نکال کر خشک کر کے ابٹنا بنائیں دیگر آب کی کلی جامن کی گٹھلی پانی میں پیس کر لگائیں
دیگر کلف کو نافع ہے تازہ بو کی پتیاں تلسی کی پتیاں پیس کر منھ پر لیپیں دیگر خولنجان پانی میں پیس کر
چند روز لگانا جلد کے اندر سے سیاہی جذب کر کے دور کرتا ہے چاہیے کہ چند روز لگا کر پھر چاول
پیس کر طلا کریں تا جلد کا رنگ برابر ہو جائے دیگر کلف کو مفید ہے جولائی کی جڑ اور شاخ جلا کر
پانی میں پیس کر کلف پر لیپیں اور ایک گھڑی دھوپ میں بیٹھیں بعد خشک ہونے کے گرم پانی سے
دھوئیں اور [illegible] کا سپید منھ پر لیپیں دیگر کلف کو نافع ہے تلسی کی خشک پتیاں پیس کر منھ پر
لیپیں دیگر شورہ قلمی ہڑتال ہر واحد ایک درم تین حصہ کر کے ایک حصہ پانی میں ملا کر منھ پر
لیپیں ایک گھڑی دھوپ میں بیٹھیں اور گرم پانی سے دھوئیں تین روز میں دفع ہو دیگر
لیموں کا قدری تراش کے ہلدی ٹکڑے ٹکڑے کر کے اس میں بھریں پھر لیموں کے دونوں ٹکڑے
ملا کر ایک ہفتہ تک رکھیں پھر نکال کر نرکل کی پرانی جڑ کے ساتھ پیس کر رات کو لگا کر صبح گرم پانی
سے دھو ڈالیں دیگر کلف کو نافع ہے گوہ کا مغز گائے کے دودھ میں پیس کر طلا کریں چہرہ کو
برق اور روشن کرتا ہے دیگر نافع کلف شہد سرکہ اور نمک میں ملا کر طلا کریں دیگر کلف کو
مفید ہے تخم خربوزہ سرکہ میں پیس کر لیپیں دیگر کلف کو فائدہ دیتا ہے اگر روت دو حصہ تخم کا ایک حصہ
کوٹ چھان کر گائے کے تازہ دودھ میں ملا کر ہر روز کئی مرتبہ منھ پر لیپیں جلد صحت ہو دیگر
نافع کلف کبوتر کی بیٹ پانی میں پیس کر ہر روز چند مرتبہ لگائیں دیگر سفید کلف سنگ سور
لیموں کے عرق میں پیس کر لگائیں دیگر پھٹکری بریان حرام مغز ایک ایک درم جو دو آدھ
اور دو سیر لیموں کے عرق میں خوب پیس کر مرہم کے مثل کر کے کلف پر لیپیں ایک ہفتہ میں دور
ہو جائے اور جب لیموں کا عرق خشک ہو جائے اور ڈال دیں **فصل چھیپ کی دوا**
دوا چھیپ کو مفید ہے ہلدی سیاہ تیل بھینس کے دودھ میں پیس کر طلا کریں دیگر چھیپ
کے پھول اور چھال اور پتیاں اسکی پانی میں پیس کر لگائیں دیگر جھاؤ کے پھول لیموں کے عرق میں

عرق میں پیس کر لگائیں چھیپ اور چھائیں دفع ہو جائے دیگر چھیپ کو نافع ہے جولائی کی جڑ
اور شاخیں جلا کر راکھ اسکی پانی میں ملا کر چھیپ پر لگائیں اور ایک گھڑی دھوپ میں بیٹھ کر
گرم پانی سے دھو ڈالیں دیگر چھیپ کو نافع ہے [illegible] کے بیج [illegible] کے پانی میں ملا کر
دو تین روز رکھیں پھر بدن میں مل کر نہا ڈالیں دیگر چھیپ کو مفید ہے سہاگہ صندل پانی
میں پیس لگائیں **فصل** مسّہ اور تل کی دوا میں دوا مسوں کو نافع ہے طاؤس کی بیٹ
سرکہ میں ملا کر لگائیں دیگر چونا اور [illegible] پانی میں گھول کر مسّہ کو جنگلی کنڈے سے کھجا کر لیپیں
دو تین روز میں آرام ہو جائے دیگر دھنیا پیس کر لگانا مسوں اور تل کو دفع کرتا ہے دیگر
[illegible] کے پتے شہد میں ملا کر ضماد کرنا مسوں کو دفع کرتا ہے دیگر خرفہ کی پتی مسوں پر ملنا
نافع ہے دیگر سیب جلا کر سرکہ میں ملا کر ضماد کرنا مسوں کا دافع ہے دیگر مسوں کو نافع ہے
ہڑتال زرد و سرخ کی [illegible] گوشت کو [illegible] کے کوٹ کر ضماد کریں دیگر صاحب تحفۃ المومنین
نے لکھا ہے کہ اگر خشک ہو چاند کی پہلی تاریخ مسوں کے شمار لیکر ایک ایک چنا ایک ایک
مسے میں چھو لا کر سب کو ایک لتے میں باندھ کر اس لتے کو ہاتھ میں لیکر دونوں پاؤں کے
بیچ سے ہاتھ نکال کر اس پوٹلی کو اس طرح پھینکیں کہ شانہ کے اوپر سے پشت کی طرف
جا گرے ایک ہفتہ میں سب دفع ہو جائیں گے لیکن وہ دستکش تھا کہ میرے تجربہ میں
آیا ہے **فصل خیارک** اسکو ہندی میں بد کہتے ہیں چاہیے کہ ابتدا میں اسکی تحلیل کا علاج
کریں کیونکہ جب پک کر پھوٹ جاتی ہے بہت اذیت دیتی ہے اور کبھی اسکے چیرنے کی
حاجت ہوتی ہے اسوقت ادویہ مرہم کے استعمال کی حاجت پڑتی ہے دوا بد کو نافع ہے کیلے
کی جڑ آدمی کے پیشاب میں پیس کر نیم گرم کپڑے پر رکھ کر لگائیں دیگر پیپل کے پتے سیدھی طرف
گرم کر کے باندھیں دیگر ہیوڑے کے پتے نیم گرم باندھیں دیگر نرسل کے پتے باندھیں دیگر سنبھالو
کی پتی نیم گرم باندھیں دیگر میتھی باون پیس کر ضماد کریں دیگر [illegible] کی چھال املی کی چھال
پانی میں پیس کر باندھیں دیگر چونا اس قدر کوٹیں کہ ٹکیا کی طرح ہو وے نیم گرم کر کے باندھیں
دیگر گھیکوار کا پٹھا دو ٹکڑے کر کے تھوڑی رسوت اور ہلدی پیس کر اس پر رکھ کر نیم گرم کر کے
باندھیں دیگر ابتدا میں چونہ اور شہد ملا کر کپڑے پر مرہم لگا کر بد پر باندھیں اور بعضوں نے

ہونے مین انڈے کی سفیدی طلا کر لگانا اچھا ہے دیگر بد کو نافع ہو پوست ہلیلہ ریندی کے تیل
مین بریان کرکے پیسکر سرکہ مین خمیر کرکے ضماد کرین دیگر بد کے توڑنے کے لیے سریع الاثر ہے
توتیا آدھا حصہ ہاون ہلدی دال ایک ایک حصہ گوگل دو حصہ گڑ اڑھائی حصہ باہم پیسکر
ضماد کرین دیگر بد کو نافع ہو چنے کا آٹا گوگل مین ملاکر ٹکیا بنا کر باندھین اور اوپر سے نیب کی
پتیان گرم کرکے باندھین اور فقط برگ نیب ہی باندھنا کافی ہو ضماد لجہ صندل کی طرح
گھسکر سیاہ مرچ ملاکر نیم گرم ضماد کرین دیگر رائی گرم پانی مین پیسکر ضماد کرین دیگر ضماد بد کے
لیے مجرب ہے اگر بد کلان ہو چار روز مین تحلیل کرے پیاز کو چھری سے قیمہ کرکے نابالغ لڑکے
کے پیشاب مین پکائین جب گل جائے ٹکیا بنا کر باندھین دوا ورم بغل کی جسے ہندی مین
ٹھکواری کہتے ہین رائی گرم پانی مین پیسکر ضماد کرین ضماد ورم پس گوش اور ورم بغل کو جلد
تحلیل کرتا ہے السی کی پتیان اسکے برابر ارنڈی کی کونپل پیسکر تھوڑا نمک ملاکر نیم گرم ضماد کرین

فصل اورام کا علاج ورم پھولنا اور غلیظ ہونا عضو کا ہے کہ عضو پر مادہ گرنے سے
پیدا ہو اور یہ ورم اور خلط اخلاط اربعہ یا مائیت یا ریاح سے ہوتا ہے **علاج** اور یہ مادہ
کی روکنے والی اور گلانے والی اور پکانے والی اور بہانے والی اوقات اربعہ کہ ابتدا
اور تزاید اور انتہا اور انحطاط ہے ملاحظہ کرکے اسکے موافق استعمال کرین بعد ٹوٹ جانیکے
مراہم مندملہ کا استعمال کرین حسب جدول کہ تحلیل اورام مین خطائی کی قائم مقام ہو جدوار
گیرو سوت تخم خطمی صندل سرخ ریوند چینی کتھ سفید کالی زیری مساوی کوٹ چھان کر
گولیان بنائین اسانہ برگ کو یا تر دھنیے کے عرق مین یا سرکہ یا گلاب یا پانی مین پیسکر طلا کرین
طلاء ورم چہرہ کو نافع ہے ہلدی گیرو سونٹھ اسبار برابر کوٹ چھان کر گولیان بنائین اور برگ کو
کے عرق مین پیسکر طلا کرین دوا کہ درد کو ساکن اور ورم کو تحلیل کرے اجوائن باریک کوٹ چھانکر
عرق لیموں مین پکاکر نیم گرم ورم پر باندھین اور اگر عرق لیموں نہ ہو سرکہ مین استعمال کرین
طلاء اورام اور جوشش کو نافع ہو آب کی بکلی پانی مین پیسکر نیم گرم لگائین خیر التجارب مین
لکھا ہو کہ یہ تحلیل کرنے مین مثل جدوار کے ہے دیگر ورم کو تحلیل کرتا ہے اندٹی کی چھال بکھیڑ
کی چھال سونٹھ پیسکر نیم گرم طلا کرین دوا برگ دھتورہ ورم پر باندھنا تحلیل کرتا ہے **طلاء**

گبری کی بیشگنی طلا کرنا اورام کہنہ کو تحلیل کرتا ہو دوا ورم زیر گوش اور بغل کو جلد منفجر کرتی ہے
رسکی ایک درخت مشہور ہے جسے جلسونی بھی کہتے ہین اسکی پتی لیکر اسکے برابر کونپل ارنڈ
کی پیسکر تھوڑا نمک ملاکر نیم گرم باندھین دیگر ورم بغل کو نافع ہے اور اس دوا کو لال دارو
کہتے ہین کتھ مردار سنگ تخم صندل سرخ کباب ہوتیا سے سبز کوٹ چھان کر پانی مین ملاکر
ضماد کرین **ضماد** تسکین درد و ورم و اورام کے پکانے کو مفید ہے مونگ اور جو اور لوبیا اور مسور
کا آٹا مساوی الوزن لیکر سرکہ اور پانی مین گھول کر مثل پیٹے کے پکاکر ضماد کرین دوا کہ درد
اور ورم کو نافع ہے برگ سرس ہر روز چند مرتبہ گرم کرکے باندھین دیگر ورم اور سختی کو نافع
ہے بڑ کے پتے گھی مین چرب کرکے نیم گرم باندھین دیگر گولر کے پتے کا عرق تجربہ کر چوکے آٹے
مین ملاکر باندھین دیگر ورم سخت کو تحلیل کرتا ہے دیگر تحلیل ورم بیوش کے پتے گرم کرکے باندھین
دیگر کاسے کا گوبر ورم پر باندھین دیگر ضعیف آدمی کے پیشاب مین پیسکر ضماد کرین **طلا** کا گچھا کیلام
سونٹھ دو دو دام سرکہ مین پیسکر گرم کرکے لگائین دیگر ورم کو نافع ہے بیخ اندرائن
سرکہ مین پیسکر ضماد کرین دیگر اسپغول لعاب کرکے ضماد کرین دیگر ورم کو پکاکر الایش نکالے
پیپل کی چھال پیسکر ضماد کرین دوا برگ عباسی گرم کرکے باندھین **طلا** ورم کو پکاکر توڑ کر
مواد نکالے تخم دواسن پیسکر نیم گرم طلا کرین دوا برگ کنگھی برگ املی چاول ہر ایک تھوڑا لیکر
جوش دیکر اور ٹکیہ کرکے پھوڑے پر لگائین ایک روز مین پکانے دیگر تخم املی پکاکر باندھین پھوڑون
کے توڑنے اور پکانے کو مفید ہے دیگر پھوڑے کے توڑنے کو نافع ہو برگ بکسر وہ دال مونگ
کبوتر کی بیٹ پیسکر نیم گرم پھوڑے پر باندھین **ضماد** پھوڑے کو نافع ہو اور مادہ کو پکاکر نکالتا ہے
تھوڑی تنبا کو کھانے کی پانی مین پکاکر ضماد کرین **طلا** دنبل کو نافع ہو جس روز کہ دنبل نکلے
چونہ روغن مین ملاکر لگائین بڑھنے نہ دیگا دوا اس دنبل کے واسطے جو زور زیادہ کرنے اور
منفجر نہ ہو اس سے زیادہ دوا کوئی قوی الانفجار نہین ہے تخم سرس سنبل زنگار ہر ایک نو ماشہ
ریوند چینی ایک تولہ پیاز برگ نیب ایک ایک تولہ ابو اجمد ماشہ اکلیل الملک گوگل تخم السی
ہر ایک سات ماشہ کلونجی چھ ماشہ پیسکر شراب تیز مین ملاکر نیم گرم لگائین **طلا** دنبل کو نافع ہے
کبوتر کے پر جلاکر راکھ اسکی روغن مین ملاکر ین دنبل کو پکاکر توڑے گا فائدہ یعنی جی

میدہ لکڑی دو درم کوٹ کر لڑکے کے پیشاب میں پکا کر پیسکر کپڑے پر ملکر گرم کرکے مثل پٹی کے
باندھیں دوا زخم کے کھولنے کے لیے ہلدی جلا کر اسکی راکھ کڑوے تیل میں ملا کر زخم پر
رکھیں ضماد پھوڑے کے توڑنے کے واسطے صابون ریوند چینی گوگل مقل پیسکر کپڑے میں
رکھکر بگرم ضماد کریں دوا زخم کو نافع ہے برگ اپوڑہ برگ گوندی جلا کر اسکی راکھ گھی میں
ملاکر زخم پر باندھیں ضماد بغل کے پھوڑوں کے واسطے نافع ہے سونٹھ ریٹھی دونوں پانی
میں باریک پیسکر بگرم ضماد کریں اور اوپر سے ارنڈ کے پتے باندھیں دوا پانوں کے چھالوں کو
کہ راہ چلنے سے پڑ جاتے ہیں نافع ہے چاول پکا کر دہی میں ملاکر ضماد کریں فوراً آرام ہو جائے
دیگر بھگندر کو نافع ہے برگ ارو سے پیسکر تھوڑا نمک ملاکر بھگندر پر باندھیں دیگر بھگندر کے
ورم کو نافع ہے برگ کریل اور ارنڈ گرم کرکے باندھیں ورم تحلیل ہو جائے دیگر درد رگی کو
نافع ہے عاقرقرحا کا چھلکا اجوائن خراسانی سونٹھ ترکچور برابر تل کے تیل اور ریٹھی کے تیل
میں ملاکر طلا کریں دیگر درد رگی کو نافع ہے ریٹھی کے تیل یا میٹھے تیل سے مالش کرکے تھوہڑ کے
پتوں پر وہ تیل لگاکر نیم گرم باندھیں دیگر اس ورم کے واسطے جو بھلانوہ کے دھوئیں سے
پیدا ہوتا ہے نافع ہے آنبہ ہلدی ساٹھی کے چاول گھاس دوب پانی میں پیسکر ورم پر
طلا کریں دیگر چیرونجی کھانا بھلانوہ کے ورم کو نافع ہے دیگر گولر کی چھال پانی میں پیس کر
ضماد کریں بھلانوہ کے دھوئیں کے ورم کو مفید ہے دیگر مردار سنگ پیسکر لگائیں دیگر میٹھا تیل
ملیں فی الحال ورم دور ہو جائے گا دیگر اس ورم کے واسطے کہ بھلانوہ کے دھوئیں سے ہو
تیندو کی لکڑی پیس کر ضماد کریں دیگر ورم سلعہ یعنی رسولی کے واسطے مفید ہے برگ نگرزہ(?)
گھی میں چرب کرکے شروع میں ایک ہفتہ تک رسولی پر باندھیں **فصل ثبور کا معالجہ** ثبور
چھوٹے دانے کو کہتے ہیں ہندی میں اس کا نام پھنسی ہے دوا ثبور کو نافع ہے پوست
درخت سرس پانی میں پیس کر لگائیں حب ثبور اور جوشش بدن کو نافع ہے گیرو رسوت
ہلیلہ زنگی مردار سنگ کتھ صندل سرخ برابر کوٹ چھان کر گولیاں بنائیں اور کوکے عرق میں
ضماد کریں حب کہ ہر قسم کے ثبور کو نافع ہو مردار سنگ پوست ہلیلہ زرد جھنگ(?) چونہ کی گلی(?)
کتھ سفید ایک ایک حصہ توتیا نیم حصہ پانی میں گولیاں بنا کر وقت حاجت گھی میں رگڑکر طلا کریں

حب نافع ثبور کتھ مردار سنگ توتیا بریان مغز چلغوزی(?) مساوی پیسکر گولیاں بنائیں اور بوقت
وقت حاجت پانی میں پیس کر لگائیں یہ گولیاں اس پھوڑے کو بھی نافع ہیں جسے اونٹ ساز(?) جی
کہتے ہیں یعنی وہ پھوڑا کہ جس میں مثل چلغوزی کے مواد جمع ہوتے ہیں ضماد نافع ان ثبور کو جن میں
سوزش ہو گرو مازو کتھ سر کہ میں پیسکر ضماد کریں حب ثبور کو نافع ہے کتھ سفید توتیا بریان
سپاری سوختہ مردار سنگ پوست ہلیلہ زرد ریوند خطائی مساوی پانی میں پیسکر گولیاں بنائیں
اور وقت حاجت لگائیں ضماد کنٹھ مالا کہ گردن کے نیچے ہوتا ہے مفید ہے تخم سوسن تخم مولی
تخم سپند جو سرسون السی مساوی کوٹ چھان کر گائے کے دودھ میں پیسکر ضماد کریں طلا
چھلوں(?) اور درد کو نافع ہے انجو(?) پانی میں پیسکر تھوڑا کھاری نمک ملاکر طلا کریں طلا اس ثبور
کے واسطے کہ لکڑی مٹنے سے ہو جائے نافع ہے منڈوہ پانی میں پیسکر لگائیں دیگر انجو پانی میں
پیسکر لگائیں دیگر زیرہ سفید سونٹھ پانی میں پیسکر طلا کریں دیگر لکڑی کے زہر اور اسکے دانوں کو
نافع ہے کینچوا پیسکر ملیں اور اگر کینچوا نہ ملے تو مٹی اسکی ضماد کریں دیگر لکڑی کے دانوں کو مفید ہے
چونہ لیموں کے عرق میں حل کرکے طلا کریں اور اگر لیموں میسر نہ آئے میٹھے تیل اور چرونجی میں
پیسکر طلا کریں دیگر لکڑی کے زہر کو صندل سفید مردار سنگ پیسکر لگائیں دیگر کھلی اور ہلدی
پانی میں پیسکر طلا کریں لکڑی کا زہر دفع ہو جائے **فصل شقاق اطراف** یعنی ہاتھ پانوں
کا پھٹ جانا اسکا سبب خشکی ہے دوا ہاتھ پانوں کے پھٹ جانے کے لیے شہد پانی میں
پیسکر لگائیں بعد چار گھڑی کے دور کرکے ریٹھی کا تیل ملیں دوا واسطے ایڑی پھٹ جانیکے
برگد کا دودھ زخم میں بھر دیں دیگر ببول کا گوند بکری کے گھی(?) میں بھر دیں دیگر گائے کی کلیجی بکری کی
قلم کا مغز بھر دیں دیگر صابون لاہوری پانی میں پیسکر رات کو سوتے وقت زخم میں بھر دیں
صبح کو دھو ڈالیں فائدہ جاننا چاہیے کہ جو خشونت خشکی سے ہتھیلی میں پیدا ہو اس کو چھاجن
کہتے ہیں اور جو ورم کہ زخم پانوں پر حادث ہو اسکو اکوتہ کہتے ہیں اور دوا اکوتہ کی ذکر ہو چکی
ہیں بکائن چھاجن کو نافع ہے ببول کی چھال آب کی چھال جوش دیں اور ہانڈی کا سر پوشش
مضبوط چھپائیں کہ بخار باہر نہ جائے پھر ہانڈی کو اتار کر ہتھیلی اور تلووں کو بھگو دیں اور بعد
تجربے کے مسکہ گائے کا ملیں دیگر کتھائی خرو مع بیخ اور برگ اور شاخ ریزہ ریزہ کرکے پانی کے ساتھ

ہانڈی مین ڈال کر سرپوش مضبوط سے چھپا کر جوش دین تاکہ بخار اسکا باہر نہ جائے پھر ہاتھ پانون
مریض کے گھی سے چرب کرکے اس کا بخار لین جب سرد ہونے لگے پانی سے پانون دھوین دوا
چھاجن کو مفید ہو تھوڑا نوشادر میٹھے تیل مین پیس کر لین علاج ہاتھ پانون کے فاسد ہو جانے
کے لیے کہ سردی سے سیاہ ہو جائین پہلے ہاتھ پانون کو گرم پانی مین رکھین بعد اسکے روغن
بیگم لین **فصل کثرت قمل** یعنی زیادتی جون کی اسکا سبب فضلات کا زیادہ بدن مین جمع ہونا
علاج بدن کو مسہلات سے پاک کرین کتاب الخواص مین لکھا ہے کہ چاندی مین جھگڑکر بالون مین
کنگھی کرنا بالخاصیت جون کو پیدا کرتا ہے **دوا** گاے کا پتہ سر مین ڈالین **دوا** پارہ تلسی کے
پتون کے عرق یا پان کے عرق مین حل کرکے اس مین تاگا تر کرکے سر مین رکھین دو تین دن مین
سب جون مر جائین گی **فصل خزاز سبوسہ** یعنی سرکہ جسے ہندی مین بفا کہتے ہین اس کا
علاج سر مین تیل ڈالنا ہے دیگر جو اسگوری کے پیشاب مین پیسکر سر مین ڈالین دیگر چنے کے
آٹے کو ایک تھوڑی سی سرکہ مین ڈالدین بعد اسکے وہ سرکہ لیکر شہد مین ملاکر سر پر لین **دوا**
لیمون کا عرق شکر مین ملاکر ملین اور بعد دو پہر کے سر دھو ڈالین **دیگر** صابون سے سر دھونا
جون کو مارتا ہے اور بفا کو سر سے دفع کرتا ہے دیگر جو شاندہ برگ و بیخ چقندر کا تھوڑے نمک کے
ساتھ نطول کرنا بفا اور جون کے دفع کے واسطے مفید ہے **فصل امراض ناخن** **دوا**
ناخن کے ٹوٹ جانیکی انار کی پتی پیسکر باندھین اور اگر ہاتھ یا پانون کا ٹوٹ گیا ہو نیلا کپڑا اسپر
باندھکر پیشاب کیا کرین **علاج** ناخن کے پھٹ جانے کا ایک حصہ سرکہ دو حصہ روغن کنجد مین
جوش دین اور تھوڑا اسرپیش اس مین ڈالکر گلائین جب مرہم کے مثل ہو جائے طلا کرین
فصل حصبہ و جدری حصبہ چھوٹی چیچک جسے ہندی مین کھسرا کہتے ہین اور جدری
وہ چیچک ہے کہ جسکے دانے بڑے ہون اسکی بہتر قسم کو ہندی مین موتیا کہتے ہین اسکا سبب
دودھ کے فضول اور رطوبت کے فضلون کا جوش کرنا ہے جاننا چاہیے کہ جب چیچک کا موسم کہ
ہندوستان مین اکثر چیت کا مہینا شروع ہو دودھ پینے والے لڑکے اور انکی دودھ پلانیوالی
کو وہ دوائین کہ مصلح خون ہین مثل عرق شاہترہ اور عرق سر پھوکا اور خوب کلان اور شربت
عناب سادہ اور شیرہ تخم کاہو اور لعاب اسبغول کبھی کبھی پلایا کرین اور جس لڑکے کا سن

دو برس سے کم ہو موسم چیچک مین قبل نکلنے کے جونکین لگانا مناسب ہے اور اس فصل مین چکنائی
اور گوشت اور مٹھائی سے پرہیز کرین اور جب چیچک نکل آئے گرم اور سرد چیزین نہ دین اور
ہندوستان مین جب لڑکے کے چیچک نکلتی ہے اشیائے گرم کا استعمال کرتے ہین اور غذا مین چنے
اور قند سیاہ کھلاتے ہین ایسی تدبیر سے خدا کی پناہ تپ کی حالت مین اور نکلنے چیچک کے فقط کھچڑی
یا دال مونگ پر اکتفا کرین اور شوربا دال بھی نافع ہو گی قسمین چیچک کی بڑی ہین اسمین صحت
کم ہوتی ہے اسکا سیاہ اور دودی ہے اور بہترین چیچک سفید اور قلیل العدد ہے اب چند دوائین
سہل لکھتا ہون اگر قبل نکلنے چیچک کے دین تو یقین ہے کہ نہ نکلے اور اگر نکلے تو عنایت الٰہی سے
کم نکلے **دوا** شربت شقائق طفل کو پلانا چیچک نکلنے کو نافع ہے اسکا نسخہ مرگی مین مذکور ہوا
دوا چیچک کے دفع کی اور کم نکلنے کے واسطے جب چیچک کا شبہہ معلوم ہو اگر لڑکا دودھ پیتا ہو
پارہ تولہ کھوپرہ اسکے دودھ پلانے والی کو ایک ہفتہ تک کھلائین اور اگر دو برس کا لڑکا ہو
دو تولہ کھوپرہ اور اگر تین برس کا ہو تو تین تولہ علیٰ ہذا القیاس ایک ہفتہ تک اس لڑکے کو کھلائین
کھلائین فضل الٰہی سے چیچک کم نکلے گی یہ نسخہ ایک فرنگی نے بتایا ہے **دوا** اگر موسم چیچک مین
کھلائین چیچک نہ نکلے اور اگر نکلے کم نکلے اور رواج کہ ہندو اسکا ملا لیناتے ہین پیسکر لڑکے کو
پلائین دیگر موسم چیچک مین قبل نکلنے کے تھوڑی کا دودھ پلائین دیگر تین یا چار تخم حنظل کے بیج
نگل جائین چیچک بہت کم نکلے گی دیگر اسارون عرق ترنج کے ساتھ چیچک نکلنے کے قبل کھلا
سے چیچک بہت کم نکلے گی **دوا** ہندی اطفال کی چیچک کو نافع ہے ملٹھی مقشر تھوڑا انار دانہ
برابر موافق مزاج کے پانی مین جوش کرکے عرق شاہترہ کے ساتھ پلائین طلا چیچک کے داغ کو
اچھا کرے درخت سرس کی چھال درخت پیپل کی چھال درخت لسوڑہ کی چھال درخت
گولر کی چھال کوٹ چھان کرکے گاے کے گھی مین ملاکر دانون پر لگائین اگر چیچک سوزش کے ساتھ
ہو بہت مفید ہے ٹپنا چیچک کے داغون کو نافع ہو آنبہ ہلدی سرکنڈے کی جڑ جلانی ہوئی کوڑی
سادی کوٹ چھانکر بھینس کے دودھ مین ملا کر رات کو منہ پر لگاکر صبح بھوسی پانی مین بھگو کر
اس پانی سے دھوئین ٹپنا نمک تھوڑا سا کرے اور جلا دے مسور مقشر مغز تخم خربزہ دو دو تولہ کے
پیسکر ٹپنا لگائین **دوا** اگر ہو تو جوش کرکے صبح اُس سے منہ دھویا کرین **فصل** بالون کی دوائین

طول شعر اور تسوید شعر (یعنی بالونکا اور سیاہ کرنا) دوا کہ بالوں کو بڑھائے برگ سیب اور برگ بیر پیسکر نہاتے وقت سر مین لگائین بعد چار گھڑی کے دھو ڈالین **دوا** بالون کے لمبے ہونے کی تخم شریفہ برگ بیر برابر پیسکر دو دام بالون کی جڑون مین ملین بعد چار گھڑی کے گرم پانی سو دھو ڈالین **دوا** بالون کی درازی کے لیے کلونجی پانی مین پیسکر اس سے بال دھوئین اسی طرح ایک ہفتہ تک دھویا کرین **دیگر** آملہ عرق لیموں مین پیسکر بالون کی جڑون مین ملین **دیگر** کریلی کی جڑ پیسکر بالونکی جڑون مین ملین بال لمبے ہوجائین گے اور بفادہ فع ہو گی **تیل** کہ بالونکو سیاہ کرے ایک سیر میٹھے تیل مین گیندے کی پنکھڑیان کاٹ کر دیگچی مین ڈال کر جوش دین پھر اسے زمین مین دفن کرین بعد ایک مہینہ کے نکال کر وہ تیل بالون مین ملین **روغن** بالون کی سیاہی نگاہ رکھے اور سفید نہ ہونے دے تر و تازہ بھانگ کی جڑ خوب کوٹ کر اسکے ہم تل کے تیل اور دونون کے برابر پانی مین جوش دین جب سب پانی اور نصف روغن جل جائے گا گاڑھا ہوجائیگا پرانگاہین چند روز مین سفید بال بھی سیاہ ہوجائین اور ہرگز سفید نہ نکلین **روغن ذوباب** جنگلی مکھی کا تیل کہ بالونکو سیاہ رکھے سو عدد مکھی روغن کنجد مین ڈال کر چالیس روز دھوپ مین رکھین بعدہ صاف کرکے بالون مین لگایا کرین **روغن** بالون کی درازی اور سیاہی کے لیے برگ سرو ایک حصہ آملہ دو حصہ پانی مین جوش دین جب گل جائے تل کا تیل ملا کر جوش دین تاکہ پانی جل کر روغن باقی مع ثفل حل کرکے بالون کی جڑون مین ملین **روغن** بالونکی درازی کے لیے بھنگرے کا عرق میٹھے تیل مین جوش دین جب پانی جل کر روغن رہجائے ہر روز بالون مین ملین **دوا** نہاتے وقت سیاہ تل کی پتیوں سے بالون کو دھوئین بال لمبے اور نرم کرتا ہے **دیگر** بالون کی درازی کے واسطے کرو یعنی کسمہ یخ شکسم اور پوست دونوں مساوی جلا کر خاک کرین اور چنبیلی کے تیل مین ملا کر مرہم کے مانند کرکے بالون کی جڑون مین ملین لمبے اور نرم ہو جائین گے **دیگر** ریٹھا وشان ملا کر سر لگائین بالون کو گرنے سے محفوظ رکھے **ادویہ** کہ بال خورہ کو نافع ہین **دوا** ہاتھی دانت جلا کر رسوت اسکے برابر ملا کر لگائین **دوا** نافع بال خورہ کرپٹی تو جلا بغیر پانی کے پیسکر تین روز مین بال نکل آئین **دیگر** بھنگرہ پیسکر ملنا بال خورہ کو مفید ہے **دیگر** بالخورہ کو نافع ہو برگ حنظل کا عرق چار دام گرم دے تیل مین جلا کر ملا کرین **دیگر** بالخورہ کو مفید ہے گھوڑے یا گدھے کا سم

جلا کر اسکی خاکستر میٹھے تیل مین ملا کر ملین اور سینگ جلا کر ملنا بھی مفید ہو **دیگر** بالخورہ کو نافع ہو گندھک پانی مین پیس کر شہد مین ملا کر لگائین **دیگر** نافع بالخورہ آملہ عرق نقصہ مین پیسکر لیپ لگا کرین پانچ چھ روز مین بال نکل آئین **دیگر** بال خورہ کے لیے تھوڑا ادی بے قلعی تانبے کے برتن مین ڈالکر لیمو سے اسقدر حل کرین کہ سبز ہو جائے پھر طلا کرین **دیگر** بالخورہ کو غسل سے پہلے گرم پانی سے جہان بالخورہ ہو دھو کر پلے چند زخم اس جگہ پر لگائین کہ خون نکل آئے بعد اسکے نوشادر باریک پیسکر سرکہ مین ملا کر مالش کرین ایک ہفتہ مین بال نکل آئین گے **دیگر** سندھ مین کا استعمال کہ بکرکنڈش اور ہاتھی دانت کا برادہ مرغ کی چربی مین ملا کر جس جگہ ملین مرض بالکل جاتی رہے بال نکل آتے ہین **فصل ادویہ** کہ بالون کو نکلنے سے مانع ہین **دوا** اگر بیل کا پتہ مرغ کے انڈے کی سفیدی مین ملا کر بال اکھاڑ کر طلا کرین بال کبھی نہ نکلین **دوا** جونک کو نمک مین خشک کرکے بکری کے پیشاب مین پیس کر جس جگہ بال ہون اکھاڑ کر لگائین پھر وہان بال نہ نکلین **دیگر** لعاب اسپغول سرکہ مین ملا کر بال اکھاڑ مین اور اگر تھوڑا کف دریا ملائین بہت فائدہ رکھتا ہے **دیگر** بکری کی مینگنی اور رائی باریک پیسکر بال اکھاڑ کر ملین **دیگر** ریٹھی کی گودی پیسکر بال اکھاڑ کر ملین **دیگر** کف دریا اجوائن افیون خالص سرکہ مین پیسکر لعاب اسپغول ملا کر بال اکھاڑ کر طلا کرین **دیگر** کچلا پانی مین پیسکر بال اکھاڑ کر لگائین **دیگر** جونک سرکہ مین جلا کر بعد اکھاڑنے بالون کے طلا کرین **دیگر** بال اکھاڑ کر چیونٹی کے انڈے طلا کرین **دیگر** بال اکھاڑ کر سانپ کی کینچلی لگائین **دیگر** چمگادڑ کا خون اور مرغ کا پتہ اور خرگوش کا خون اور کچھوے کا پتہ اور تیتر کی چربی ہر ایک بالون کو اکھاڑ کر لگانا بالون کے نکلنے کو منع کرتا ہے **دیگر** نوشادر گائے کے پتہ مین حل کرکے بال اکھاڑ کر لگائین **دیگر** انجیر کا دودھ اور خشک مینڈھک کی چربی اور مینڈھک کا خون اگر بال اکھاڑ کر لگائین یہی خاصیت رکھتا ہے **دیگر** بکری کا بھیجا چونہ مین ملا کر بعد اکھاڑنے بال کے لگائین **دیگر** پیاز کا عرق نمک سیاہ سرکہ مین ملا کر بال اکھاڑ کر ملین **فصل داء الثعلب** وہ بیماری ہے کہ بال گر جائین بلکہ نکلنے سے موقوف ہو جائین **علاج** چوہے کی مینگنیان سرکہ مین ملا کر طلا کرین **دیگر** لہسوڑہ پانی مین جوش دین جب پانی گاڑھا ہو جائے تو داء الثعلب پر ملین **دوا** بہ سیاہ شدن

تازہ کو نچوڑ کر داء الثعلب پر ملنا فائدہ کرتا ہے دیگر پرانا روغن بادام لگانا نافع ہے دیگر قسط
سرکہ اور شہد مین پیسکر لیپ کرین دیگر بچھو بیٹھے تیل مین جلا کر طلا کرین دیگر کعت دریا جلا کر سرکہ مین ملا کر
لگائین دیگر برگ چقندر کا ضماد کرنا مفید ہے دیگر مینڈھک جلا کر سرکہ مین ملا کر لگائین دیگر بکری کا
تخم جلا کر سرکہ مین ملا کر دا الثعلب پر لگائین **فصل باد سموم** کہ اسکو لون کہتے ہین دوا اس کی
مضرت کے دفع کے لئے کچی آب بجھو بجل مین گاڑ دین جب گل جائے نچوڑ کر شکر مین ملا کر شربت
بنا کر پئین لون کی اذیت کو کہ اکثر سفر مین ہوجاتی ہے نفع کرتا ہے **فصل حمیات** یعنی تپ
کے معالجہ کا بیان تپ کی اصل تین قسمین ہین ایک حمی یوم کہ زیادتی رنج و غم و خوشی اور جاگنے
اور ماندگی و زیادتی استفراغ و درد و تخمہ و مرگی اور زکام اور نزلہ و بھچش وغیرہ سے ہوتی ہے
اکثر تین چار روز سے زیادہ نہین رہتی ہے اس کا علاج سبب کو دفع کرنا چاہیئے مثلاً غم و ہم
کے تپ مین فرحت اور راحت دینا اور غصہ کی تپ مین تسلی دینا اور خوشی کی تپ مین تو ہین اور تحقیر
کرنا بھوک کی تپ مین غذا دینا اسی طرح تھوڑی تدبیر اور تقویت قلب کی اس مین کافی ہے
دوسری وہ تپ کہ خلط سے پیدا ہوا ہین اگر مادہ رگون کے اندر متعفن ہو وہ تپ ہر دم برابر
رہتی ہے اور اگر مادہ رگون کے باہر متعفن ہو وہ تپ ہر دم لازم نہین رہتی اور خون رگون کے
اندر رہتا ہے اگر جوشش خون سے تپ عارض ہو اسے سونوخس کہتے ہین اور اگر تعفن خون
سے ہو اسکا نام مطبقہ ہے خون کی زیادتی کی علامات مذکور ہوچکی ہین اُن علامات سے خون
کی زیادتی دریافت ہوسکتی ہے علاج اُس کا بعد فصد کے خون کو ادویہ سرد سے صاف کرنا مثل
لعاب اسپغول شیرہ تخم کاہو کاسنی شربت عناب وغیرہ کے **شربت عناب** کا نسخہ یہ ہے
پاؤ سیر عناب پانی مین بھگو کر جوش دیکر چھان لین اور آدھ سیر قند مین قوام کرکے رکھین اور
تپ صفراوی اگر اسکا مادہ باہر رگون کے متعفن ہو تیسرے روز لرزہ سے آتی ہے اور صفرا کی
زیادتی منھ کی تلخی اور پیاس کے غلبہ اور رنگ کی زردی سے معلوم ہوجاتی ہے اور اگر اسکا
مادہ عروق کے اندر متعفن ہو اگرچہ تپ لازم ہوتی ہو مگر تیسرے روز غلبہ کرتی ہے اور اگر تپ
صفراوی کا مادہ جگر کے قریب کی رگون کے اندر متعفن ہو تپ مین سوزش اور گرمی بہت ہوتی
ہے اسکو محرقہ کہتے ہین اس کا علاج ادویہ سرد پلانا اور بعد نضج صفرا کو نکالنا تھوڑا

تپ صفراوی کو نافع ہو اگر دقی ہوجائے ہمیشہ پلائین تپ صفراوی بالکل جاتی رہے املی
دو تولہ رات کو پانی مین تر کرکے صبح کو پانی صاف اسکا لیکر تھوڑی شکر ملا کر پہلے ایک تولہ
اسپغول پھانک کر اس پر یہ افشردہ پی لین **سکنجبین بزوری** تپ صفراوی کو نافع ہے اور یہ
نسخہ صاحب ذخیرہ و حکیم اسمٰعیل صاحب کا ہے پوست بیخ کاسنی تخم کاسنی بادیان تخم خیارین
مساوی الوزن تین حصہ سرکہ دو حصہ شکر مین قوام کرین اور شیرہ تخم تربز مغز تخم کدو سے شیرین
کے ساتھ پئین اور اگر سرکہ نہ ملائین اسکو شربت بزوری بارد کہتے ہین **شربت تربز** تپ
صفراوی کو مفید ہے آب تربز کلان کے برابر شکر سفید ملا کر قوام کرین خوراک مزاج کے موافق
قرص طباشیر تپ صفراوی کو نافع ہے بعد مسہل کے دینا چاہئے طباشیر گل سرخ پانچ پانچ حصہ
تخم کاہو تخم کاسنی مغز تخم تربز تخم خیارین ہر ایک تین حصہ گل نیلوفر دو حصہ کوٹ چھان کر قرص
بنائین خوراک دو درم **دوا نافع** تپ صفراوی تخم کاہو تخم خرفہ ہر ایک دو دو درم پانی مین شیرہ نکالکر
املی کا آب زلال دو تولہ زیادہ کرکے اسپغول ایک تولہ چھڑک کر پئین دیگر تپ صفراوی کو نافع ہے
شیرہ برگ شاہترہ و تخم کاسنی دو دو درم پانی مین پیسکر سکنجبین سادہ دو تولہ ملا کر پئین **شربت لیمون**
تپ صفراوی کو نافع ہے اور اخلاط سوختہ اور حدت خون کی اصلاح کرتا ہے نیم رطل شکر کا قوام
کرکے چھ درم عرق لیمون چھانکر اضافہ کرکے قوام ہوجانے کے بعد اُتار کر رکھ چھوڑین **جوشاندہ**
اس تپ صفراوی کو کہ تیسرے روز آتی ہے اہل ہند کے طریقہ پر گلو یعنی گرچ دھنیا صندل
سرخ مغز کنول گٹہ پوست اندرون درخت نیب ہر ایک پانچ ماشہ کوٹ چھان کر تین پاؤ پانی
مین جوش دین جب آدھ پاؤ رہے صاف کرکے پئین اگر طبیعت کے قبول کرنے کے لئے دو تولہ
شربت نیلوفر اضافہ کرین مضائقہ نہین **شربت نیلوفر** تپ گرم اور درد سر گرم کو نفع دیتا ہے
گل نیلوفر تازہ نیم رطل کو گھر دو چار تولہ چار رطل پانی مین جوش دین اور چھان کر ایک سیر قند مین قوام
کرین خوراک ایک درم تک **ماء الفواکہ** تپ صفراوی اور تموزی اور دق کو نافع ہے کدو تازہ
دراز شیرین یعنی لوکی لیکر کچھ دور کرکے [illegible] ایک [illegible] دین جب پکجائے
نکال کر [illegible] اُس کی اوپر سے دور کرکے [illegible] اسکا پانی لیکر قند یا سکنجبین یا شربت
یا شربت نیلوفر یا سکنجبین یا شربت بنفشہ کے ساتھ جو مناسب ہو پئین **مطبوخ** یعنی جوشاندہ

تپ گرم و کہنہ کو نافع ہے گاؤزبان شاہترہ دھنیا منقی بہیدانہ کا گرد اسبغول تلخ خس صندل تخم کاسنی برگ
عناب تخم خرفہ تخم خیارین مساوی اس میں سے دو دام لیکر آدھ سیر پانی میں جوش دیں جب چہارم حصّہ
رہے چھان کر پئیں دیگر دموی اور صفراوی تپ کو نافع ہے نیلوفر تین مثقال خاکسی ایک مثقال
دونوں کو ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دیں جب آدھ پاؤ رہے ململ کپڑے میں بعض جھوٹے میں
چھانیں تاکہ نیلوفر رہ جائے اور خاکسی چھن آئے اور تھوڑی مصری ڈال کر میٹھا کرکے
پئیں دیگر تپ کو مفید ہے گریج پوست عناب دھنیا ماگ تخم کاسنی صندل خس مساوی بقدر
دو دام کے ایک سیر پانی میں جوش دیں جب آدھ پاؤ رہے چھان کر پئیں دیگر تپ کو نافع ہو
منقیٰ شکر کا گرد اسبغول گاؤزبان شاہترہ چرائتہ خس صندل تخم کاسنی تیز بالا اوپت آو دھنیا جو اسے
دو دو درم مساوی ہر روز تین پاؤ پانی میں تر کرکے صبح کو جوش دیں جب آدھ پاؤ پانی رہے
صاف کرکے پئیں حب کرنجوہ تپ دلرزہ بلغمی وصفراوی کو نافع ہے مغز کرنجوہ چھیل ہر واحد
ایک درم زیرہ سفید برگ ببول ہر ایک آدھا درم کوٹ چھان کر پانی میں ناسے کے برابر گولیاں
بنائیں تین روز تک ایک گولی صبح اور ایک دوپہر اور ایک شام کو کھائیں حب صفراوی
کو نافع ہو کتھہ سفید چار حصّہ کافور ایک حصّہ کوٹ پیسکر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں خوراک
ایک گولی دیگر تپ دلرزہ کو نافع ہے اہل ہند کے طریقے پر سفید کتھہ ایک ماشہ سنکھیا ایک سرخ
پیسکر برابر مونٹھ کے گولیاں بنائیں ایک گولی لرزہ سے پیشتر کھائیں دیگر تپ دلرزہ کو واسطے
گھوڑے کا پر جلے برابر افیون ایک رتی برگ نیب ڈھائی عدد باہم پیسکر قند سیاہ میں ملاکر
گولیاں بنائیں اور تپ آنے سے تین گھڑی پہلے ایک گولی نگل جائیں جب تپ شروع ہو
دوسری گولی دیں یقین ہے کہ تیسری گولی کی حاجت نہ ہو عمل تپ دلرزہ کو نافع ہو برگ لہسن
داہنے ہاتھ میں کلائی کے جوڑ پر باہر کی طرف رکھکر اس پر ایک چھوٹی ٹھیکری مضبوط باندھیں
وہاں ایک آبلہ پیدا ہوگا نوبت کے روز لرزہ نہ آئیگا اور تپ دفع ہو جائیگی دوا کہ تپ لرزہ
دور کرے پھٹکری بریان مصری دونوں پیسکر مریض کے مزاج کے موافق آدھے ماشہ سے
دو ماشہ تک دیں اگر کھانسی ہو اس دوا کا استعمال نہ کریں دوا تپ کو نافع ہو برگ تلسی چھ ماشہ
سیاہ مرچ چار عدد پیس ایک تولہ مصری ملاکر پئیں دوا تپ دلرزہ کو نافع ہو

افیون ایک ماشہ سیاہ مرچ دو ماشہ گیگر کی لکڑی کا گودہ چھ ماشہ باہم پیسکر برابر ایک ماشہ یا
کم وزیادہ موافق مزاج کے نوبت تپ سے چار گھڑی پہلے دیں اور تھوڑا دیں کرتے ہوجائیگی
بلکہ پہلے تھوڑی غذا کھائیں اور بعد دوا کھانے کے جب دو پہر یا زیادہ گذرے تب غذا دیں
کے اندر دینا یقین ہے کہ ایک خوراک کافی ہوجائیگی دوا تپ دلرزہ کو مفید ہے ستھو کے
بیج ایک کٹیا میں بھر کر اسکا منہ بند کرکے گل حکمت کرکے تنور میں رکھیں جب تخم جل جائیں اسکی
راکھ چار ماشہ جوان کو چار رتی لڑکے کو کھلائیں دوائے ہندی کہ ایک روز میں تپ کی
اور صفراوی کو دور کرے ہرتال چٹکری ہر ایک پانچ درم ٹھکوار کے عرق میں نیب کے اس
سوٹے سے کہ جس میں پیاجڑا ہو سولہ پہر گھوٹیں اور قرص بناکر خشک کرکے مٹی کے برتن میں
قرص کے نیچے اور پر پیپل یا انڈی کی لکڑی کی راکھ دیکر رکھیں اور برتن کو گل حکمت کرکے بارہ پہر
جنگلی کنڈوں کی آگ دیں خوراک ایک چاول کے برابر غذا شیر برنج گلوہ کہ تپ دلرزہ کو دفع
کرتا ہو طب کی کتابوں میں لکھا ہے کہ اسکا منجملہ کا نجور لرزہ کے دفع کرنے کو مجرب ہے
خمیرہ خس تپ صفراوی اور پیاس کو مفید اور دل اور جگر کا مقوی ہے آدھ سیر خس کے عرق
میں چار درم خس رات کو بھگو کر صبح کو جوش دیں جب نصف باقی رہے پاؤ سیر شکر ڈالکر قوام
کریں اور ایک ماشہ عطر خس اضافہ کرکے خمیرہ بنائیں اور تھوڑا گلاب زیادہ کریں اور شربت
کی زیادتی کے لئے بھی ایک تولہ کدو کے بیج پیسکر ڈالتے ہیں اور تپ دق کے واسطے شربت
میں دو روز چار رتی کافور ملاتے ہیں اور وقت اسہال اور تپیں طبیعت کے دو درم طباشیر
ملاتے ہیں اور اس خمیرے میں بہت فوائد ہیں فائدہ نوبت کے وقت مریض کو غذا نہ دیں بلکہ جب
تپ کی گرمی کم ہونے لگے غذا دیں تپ گرم میں بہتر غذا آش جو یا کھچڑی ملائم یا دال ماش کا اور
شوربہ یا پالک کا ساگ اور کدو اور توری ہو تپ بلغمی کا مادہ اگر رگوں کے باہر متعفن ہو ہر روز نوبت
کرتی ہے اور اسکو نائبہ کہتے ہیں اور اگر اس مادہ رگوں کے اندر متعفن ہو اسکو مواظبہ کہتے ہیں
اور وہ بھی ہر روز آتی ہے علامت منہ کی پیاس نہ ہو پیشاب کا رنگ قارورہ میں سفیدی گندھ
کا میلا ہوتا ہے علاج بعد پکنے مادہ کے منضج کو نکالیں جوشاندہ تپ بلغمی کو نافع ہو سونف
ایک درم سونف کی جڑ منقیٰ تخم بادیان کا گرد [illegible] ہر ایک دو درم مویز [illegible] تین درم

جوش دیگر گلقند دو تولہ سکنجبین بزوری دو تولہ حل کر کے پئین **طلسم** ایک بھی آدھی سیاہ مرچ
بہت تھوڑی سی ہینگ پانی مین پیسکر آنکھون مین لگائین لرزہ دفع ہو جائے **طلسم** دافع تپ
اُتو کا پر اور گوگل سیاہ کپڑے مین لپیٹ کر گھی مین چرب کر کے بتی بنا کر جلائین اُسکا کاجل لے کر
آنکھون مین لگائین تپ ربع کے واسطے یعنی جو کہ چوتھے روز آتی ہو عجیب الاثر لکھا ہے دیگر
سفید دھتورہ تو اور کو کھا کر داہنے ہاتھ مین باندھین تپ ایک روز مین دفع ہو جائے **حب**
تپ بلغمی کو نافع ہو اہل ہند کی ترکیب دی ہوئی پیپل دراز مغز تخم کرنجوہ ہر ایک ایک تولہ زیرہ سفید
برگ نیم ہر ایک نیم تولہ کوٹ چھان کر چنے کے برابر گولیان بنائین ایک گولی صبح اور ایک بعد
اور ایک شام تین روز کھائین تپ زائل ہو جائیگی **جوشاندہ** تپ مرکب کو نافع اہل ہند کے طرق پر
دھنیا سات ماشہ برابر شہد کے ساتھ پانی مین جوش دیکر پئین **شربت بزوری** معتدل جو کہ
نافع ہے بادیان بیخ کاسنی ہر ایک چار دام قند پاؤ سیر دستور ادویہ کو رات کے جوش دیکر چھان کر
قند ملا کر قوام کرین **دوا** تپ بلغمی کو نافع ہو کہ مکڑی کا ایک سفید جالا صاف کر کے گڑ مین لپیٹ کر
باری سے پہلے نگلین لرزہ نہین آتا ہو اور تپ دفع ہوتی ہے لائق تین روز تک استعمال کرنا
چاہئیے **دوا** املی کی کلی کر چھلکا شہد قند سیاہ مین لپیٹ کر گولی بنا کر نگل جانے سے تین دن مین
لرزہ دفع ہوتا ہے **حب شفاف** تپ لرزہ کو نافع ہے دھتورہ بارہ درم ریوند چینی آٹھ درم
سونٹھ ببول کا گوند ہر ایک چار درم کوٹ چھان کر چنے کے برابر گولیان بنائین دو گولی لرزہ آنے
کے قبل کھائین **دوا** تپ بلغمی کو مفید ہے کرنجوہ کی گولی تین عدد سیاہ مرچ دو عدد پانی مین پیسکر
پلائین **دیگر** مغز کرنجوہ پانی مین پیسکر ناک مین ٹپکائین تپ لرزہ سے نجات ہوتی ہے **حب**
تپ لرزہ کو نافع ہے مدار کی جڑ دو حصہ سیاہ مرچ ایک حصہ دونون کو بکری کے دودھ مین پیسکر
چنے کے برابر گولیان بنائین خوراک باری سے پیشتر ایک گولی **حب آنند بھیرون** کہ
ہندوؤن کے بیچ مین گزرا ہے شام بلغمی بیماریون اور تپ بلغمی اور زکام اور بدہضمی اور ہاتھ پاؤن
اور سب اعضا کے سرد پڑنے کو نافع ہے کچلہ مقشر سیاہ مرچ پیپل سہاگہ شنگرف ہر ایک ہموزن لیمون
مین پانچ گھڑی کھرل کر کے ماش کے برابر گولیان بنائین خوراک ایک گولی صبح و شام شکر کے
ساتھ اور حبس کا اخراج نہایت سرد ہو دو گولی دین اور دوسرے نسخہ مین تخم تشیمل عاقرقرحا

سونٹھ زیادہ کیا ہے سات روز تک برگ پان کے عرق مین پیسکر گولیان بنا اور آہستہ عرصے
مین کھانا لکھا ہے **حب** تپ لرزہ کو نافع اہل ہند کے معمولات سے ہے پارہ گندھک دیسار
پھٹکری مدبر ہر واحد ایک دانگ سونٹھ کالی مرچ پیپل پانچ پانچ دانگ تخم دھتورہ تیس دانگ
ہرتال آٹھ دانگ پارہ اور گندھک خوب پیسکر ادویہ کوٹ چھانکر چار پہر ادرک کے عرق میں
کھرل کرین اور دو رتی کی گولیان بنائین خوراک ایک گولی شکر یا پانی کے ساتھ **دوا** تپ
لرزہ کو مفید ہے پارہ گندھک سونٹھ پیپل سیاہ مرچ سہاگہ جمال گوٹہ ہر وزن مین برابر لیکر
دو پہر عرق لیمون مین کھرل کر کے سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنائین خوراک ایک گولی **دوا** تپ
بلغمی کو نافع ہو برگ تلسی سیاہ مرچ ہر واحد ایک عدد پیسکر سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنائین
اور ایک ایک گولی تین روز تک کھائین **دوا** تپ بلغمی کو نفع دیتی ہے علاوہ زرد پتے
کوہون کی آگ مین راکھ کر کے صبح کے وقت چار رتی شہد مین ملا کر کھائین **حب رام بان**
اشتہا کو زیادہ اور قبض کو دفع کرتی ہے اور بلغمی تپون کو نافع ہے پارہ گندھک بچھناگ مدبر
لونگ ہر ایک اڑھائی دام جائپھل سوا دانگ جمال گوٹہ مدبر ڈیڑھ دام کوٹ چھان کر تین روز
لیمون کے عرق مین کھرل کر کے سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنائین خوراک دو گولی تک گرم پانی
کے ساتھ **سفوف جگ** ہندوستانیون کے معمولات سے اگر ایک گھڑی تپ آنے سے پیشتر
کھائین تپ لرزہ کو نفع کرتا ہو پیپل سیاہ مرچ گلو کی جڑ راسن گیرو ہر ایک ایک ماشہ برگ نیب
دو ماشہ کوٹ چھان کر سفوف بنائین خوراک ایک ماشہ باری کے قبل کھائین اگر مریض طفل
ہو ایک ماشہ سے کم دین **سفوف** معمولات اہل ہند سے تپ لرزہ بلغمی و سوداوی کو نافع
ایک دام سنکھیا بینگن مین رکھ کر گل حکمت کر کے تھوڑے جنگلی کنڈون مین پھونک دین پھر
اسی طرح دوسرے بینگن مین رکھ کر آگ دین بعد اسکے پیسکر لوہے کی کڑاہی مین آدھ سیر پانی
کے ساتھ ڈال کر نرم آگ پر پکائین جب خشک ہو جائے اُسکو کڑاہی سے نکال کر ایک دام
گیرو کے ساتھ کھرل کرین وقت حاجت ایک چاول سے ایک رتی تک بقدر حاجت مریض
کو پتاسہ مین کھلائین غذا خشکہ و دال مقشر کم نمک کھائین **فائدہ** تپ ربع سوداوی جو
کہ دو روز درمیان دیکر آتی ہے ہندی مین اس کو چوتھیا کہتے ہین اس کا مادہ رگون کے اندر

متعفن ہوتا ہے اور تپ سوداوی لازم کا حدوث کہ مادہ اسکا رگون کے اندر متعفن ہو کم ہے اور یہ
تپ برسون رہتی ہے اور بدشواری دفع ہوتی ہے اصل علاج اسکا بعد نضج کے اسکے مادہ کا نکالنا
ہے اب یہان چند ادویہ سہل منفعت تپ ربع ذکر کی جاتی ہین دوا کہ تپ ربع کو نافع ہے ہینگ
نمک دو دو ماشہ ایک سیر پانی مین جوش دین جب بقدر تین چار دام کے رہے پی جائین تپ
ربع چند روز مین زائل ہوگی دیگر نوشادر تین رتی سیاہ مرچ دو عدد کوٹ چھان کر نوبت کے روز
کھلائین دیگر کلونجی چار درم باریک کرکے شہد مین ملاکر چار روز برابر کھائین مگر جس روز کہ
تپ کی باری ہو اسی روز سے شروع کرین حب برگ دھتورہ سیاہ برگ پان سیاہ مرچ ہر ایک
اڑھائی عدد باریک کرکے سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنائین ایک گولی صبح اور ایک گولی شام
گرم پانی کے ساتھ دین تپ ربع کو نافع و مجرب ہے سفوف تپ ربع و تلی کو نافع ہے مغز
[illegible] پھل سیاہ مرچ برگ تلسی برابر کوٹ چھانکر سفوف بناکر ایک ماشہ یا کم و زیادہ مزاج و
سن مریض کے موافق ایک گھڑی پہلے نوبت سے پانی کے ساتھ کھلائین دیگر گل [illegible]
ایک دام چنے کی بھوسی دو دام کوٹ چھان کر تین حصہ کرین ایک حصہ پانی کے ساتھ
استعمال کرین دیگر تپ ربع کو نافع ہے تین چار ماشہ چونا پانی مین گھول کر ایک لیمون اسمین
نچوڑ دین جب چونا کا ادھا ہوکر تہ نشین ہو جائے اسکا آب زلال لیکر جب تپ آنیکی علامات
مثل کسل و گرانی کے ظاہر ہون پلائین اگر ایک بار پلانا کفایت نہ کرے دوسری مرتبہ دین
دوا تپ تلی کو نافع ہے تین درم اجوائن کوٹ چھانکر شہد مین ملاکر دین دیگر تپ ربع کو نافع ہے
کھیکوار کاٹ کر اسکے اوپر کا پوست دور کرکے آگ پر رکھین اور تھوڑی افیون اور ہلدی باریک
پیسکر اس پر ڈالین پھر آگ سے اتار کر کپڑے مین رکھ کر نچوڑین اور قہوہ کے دو پیالون مین
بھر کر پئین دو تین روز مین تپ ربع زائل ہو جائے حب تپ ربع کو نافع ہے پلاس پاپڑہ کا مغز
چھلکا دور کرکے مغز سفید اسکا لیکر اسکے برابر مغز کرنجوہ ملاکر خوب باریک پیسکر سیاہ مرچ
کے برابر گولیان بنائین ایک گولی باسی پانی مین نگلا کرین دوا تپ ربع کے واسطے نیب کے
درخت کا اندرونی چھلکا پانچ دام آدھ سیر پانی مین جوش دین جب آدھ پاؤ باقی رہے تین چار
ٹکڑے چقماق کے [illegible] آگ مین گرم کرکے اسمین بجھائین جب پانچ چھ دام پانی باقی رہے

مریض کو پلائین اسی طرح تین روز استعمال کرین حب تپ کہنہ کیواسطے اسپند بریان چھ ماشہ
کلونجی ہلیلہ [illegible] ہر واحد ایک تولہ کوٹ چھان کر ساڑھے تین تولہ گڑ مین ملاکر بقدر [illegible]
گولیان بنائین گرم پانی سے نہار ایک گولی کھایا کرین شربت سب قسم کا تپ اور کھانسی
کو نافع ہے [illegible] شاہترہ نیلوفر تخم خیارین تخم خطمی تخم کاسنی برادہ صندل ہر واحد ایک تولہ ملیٹھی بیخ
[illegible] تین [illegible] عناب ایک درم ڈیڑھ پاؤ قند مین قوام کرکے شربت بنائین جوشاندہ کہ تپ کو
نافع ہے پوست خشخاش دس دانہ سیاہ مرچ کے ساتھ کوٹ کر جوش دیکر پئین دوا کہ بالخاصیت
تپ ربع کو نفع کرتی ہے ایک جونک باقلا مین محبوس کرکے رکھ کر اسکا منھ بند کرکے گلے مین [illegible]
جوارش شونیز یعنی کلونجی تپ ربع کو نافع اور تپ سوداوی کو بھی فائدہ دیتی ہے تیسری قسم
تپ کی تپ دق ہے کہ حرارت غریبہ یعنی غیر اصلی اعضائے اصلی خصوصا دل مین قیام کرتی ہے
اور یہ تپ [illegible] اکثر تپ یوم یا اور تپ گرم رہتے رہتے تپ دق ہو جاتی ہے کبھی دق خود بخود
بہت کم ہوتی ہے اور اس تپ کی گرمی کا غلبہ بعد غذا کے زیادہ ہوتا ہے اس کا علاج [illegible]
قرص کافور تپ دق کو نافع ہے کافور زعفران ہر واحد ایک درم ملیٹھی مغز [illegible] خشخاش مغز
ہر ایک دو درم تخم خرفہ تخم خیارین مغز تخم کدو صندل گلاب مین گھسا ہوا تخم [illegible] مغز تخم
تین درم صمغ عربی کتیرا ہر ایک آدھا درم دوائین کوٹ پیسکر قرص بنائین خوراک ایک مثقال
آبزن حرارت کو نافع ہے کدو تازہ [illegible] مغز [illegible] تازہ کھیرے ککڑی کے ٹکڑے نیلوفر
برگ کاہو برگ خرفہ ان دواؤن سے جس قدر میسر ہو پانی مین جوش دین جب نصف پانی رہے
آبزن کرکے بدن سے پانی پونچھکر سرد روغن مثل روغن کدو وغیرہ سے تدہین کرین حب کافور
تپ محرق اور تپ دق کو نافع ہے صندل گلاب مین رگڑ کر ایک درم زہر مہرہ [illegible] سفید کتھ
کتیرا تخم خرفہ [illegible] تخم خشخاش ہر واحد ایک درم زعفران نیم درم [illegible] شیرین [illegible]
ہر ایک ڈیڑھ درم کوٹ چھان کر لعاب بہدانہ یا لعاب اسپغول مین گولیان بنائین مطبوع
تپ دق کو مفید ہے [illegible] جو کوب ایک تولہ ملیٹھی [illegible] چھ ماشہ تخم خطمی خبازی شاہترہ ہر ایک
دو دو ماشہ [illegible] سیر گرم پانی مین رات کو بھگو دین صبح کو اسکا آب زلال لیکر تخم کاہو تخم خرفہ اسی
پانی مین پیس کر تھوڑی شکر ڈال کر پئین اسی طرح سے چند روز استعمال کرین جوشاندہ

تپ دق کو نافع اہل ہند کے معمولات سے برگ نیب اکیس عدد ثابت سیاہ مرچ اکیس عدد دونوں کو
باریک پیس کے پوٹلی باندھ کر آدھ سیر پانی میں جوش دیں جب چارم پانی باقی رہے چھانکر
ہر روز دونوں وقت پیا کریں ایک ہفتہ میں آرام تمام ہو جائیگا

فصل بحران کا بیان

بحران مرض کے ساتھ طبیعت کی لڑائی کو کہتے ہیں اگر طبیعت غالب آئے بحران جید ہے اور ایک
لڑائی میں بالکل نہ غالب آئے بلکہ دوسری لڑائی کی محتاج ہے اسکو بحران جید ناقص
کہتے ہیں بقول مرض کی دلیل ہے اور اگر مرض غالب آئے بحران ردی کہتے ہیں اور اگر
بالکل نہ غالب آئے بلکہ دوسری لڑائی کا محتاج ہو ردی ناقص کہتے ہیں اور اگر طبیعت
بحران کے مادہ اعضائے رئیسہ شریفہ سے رذیل و خسیس اعضا کی طرف دفع کرے اسکو
بحران انتقالی کہتے ہیں اور بحران جید کے بارہ روز ہیں چوتھا ساتواں گیارھواں چودھواں
بیسواں اکیسواں چوبیسواں ستائیسواں اکتیسواں چونتیسواں سینتیسواں چالیسواں اور
بحران ردی یعنی بحران ناقص پر خطر کے اٹھ دن ہیں چھٹا آٹھواں دسواں بارھواں پندرھواں
سولھواں اٹھارھواں انیسواں اور جن دنوں میں بحران نہیں ہوتا ہے تیرہ دن ہیں بائیسواں
تیئیسواں پچیسواں چھبیسواں اٹھائیسواں انتیسواں تیسواں بتیسواں تینتیسواں پینتیسواں
چھتیسواں اڑتیسواں انتالیسواں اور پانچ روز واقع فی الوسط ہیں ان میں بھی بحران
ہوتا ہے اور کبھی نہیں ہوتا ہے تیسرا پانچواں نواں تیرھواں سترھواں بقراط کے نزدیک بعد
چالیس روز کے بحران نہیں ہوتا ہے اور بحران کئی طرح ہوتا ہے کبھی نکسیر ہوتی ہے کبھی دست
آتے ہیں کبھی قے ہوتی ہے کبھی ادرار ہوتا ہے کبھی پسینا نکلتا ہے فائدہ جس روز تپ آئے اگر
قبل زوال آئی ہو اس دن کو روز ابتدائے مرض شمار کریں گے اور اگر بعد زوال آئے اسکے
دوسرے روز کو اول روز مرض قرار دیں گے اور بحران اور باری کے دن مسہل نہ دینا چاہیے
کہ نہایت برا ہے اب مترجم سہولت حفظ کے لئے شمار ایام بحران جید اور ایام واقع فی الوسط
کے ابیات کا ترجمہ بعد تصحیح اور ایام بحران ردی کو موزوں کرتا ہے

قطعہ

بالیقین بحران جید کے ہیں بارہ دن	اہل طب کو چاہیے حفظ اسکو رکھیں بر زبان
روز چوتھا ساتواں پھر گیارھواں اور چودھواں	بیسواں اکیسواں چوبیس و ستائیسواں

بعد ازاں اکتیسواں چونتیسواں سینتیسواں	خاتمہ کا روز ہے چالیسواں اے دوستان
پانچ ہیں ایام واقع وسط میں جس میں کبھی	کلفت بحران نہیں ہوتی کبھی ہوتی عیان
تیسرا ان پانچواں دن تیرھواں پھر سترھواں	اور سترھواں بقول حاذق قانون دان

قطعہ بیان ان دنوں کا میں کرتا ہوں اب جو کہ جن میں برائی ہے بحران کی چھٹا
آٹھواں اور دسواں بارھواں جو پندرہ اور سولہ کو بھی جو پھر اٹھارھواں اور انیسواں دوان
آٹھوں میں بحران ہوگا ردی

فصل علاج مسموم یعنی زہر کا علاج جس شخص نے زہر
کھایا ہو علاج اس کا بقول کلی گرم پانی سے قے کرنا ہے اور گئی کا گھی اور دودھ پلانا اور
مرغ کا شوربا پانی میں حل کرکے جس وقت پلائیں فوراً زہر کو قے کرتا ہے اور جاننا چاہیے کہ جنگل
اور دریا میں کاٹنے والے جانور بہت ہوتے ہیں ان کے کاٹنے سے مزاج میں عارضے ظاہر
ہوتے ہیں اس کا قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ زہر کو جذب کریں اور جب تک امراض سے خلاصی
نہ ہو زخم کو نہ بھرنے دیں اور فادزہر اور جدوار اور وہ ادویہ کہ زہر کو دفع کریں کھانے اور
پینے میں استعمال کریں دوا گرم زہر کی سب قسموں کو نافع ہے چولائی کی جڑ اگر تازہ ہو ایک
تولہ اور اگر خشک ہو چھ ماشہ پانی میں پیسکر گائے کے گھی کے ساتھ کھائیں دوا نافع زہر
گائے کا گھی دس درم لاہوری نمک دو درم ملا کر کھائیں سانپ کے کاٹے ہوئے کو بھی
نافع ہے دوا چھوٹی کٹائی اگر پیسکر کھائیں اہل ہند کے تجربہ میں دافع زہر ہے دوا
کندر سیاہ مرچ پیسکر تھوڑا کھائیں سانپ کے زہر کو نافع ہے دیگر زہر کی سب قسموں کو نافع ہے
ایک ماشہ اریل در پانی میں پیسکر پلائیں دیگر بہت زہروں کو نافع ہے مغز تخم کوشت کر گائے کے
مکان کے اندر اس کا بپھارہ لین حب اذاراقی یعنی کچلہ فالج ولقوہ اور دماغی بیماریون
اور درد کمر کو مفید ہے اور سرد مزاجون کو درست کر دیتا ہے پندرہ عدد کچلہ پندرہ روز
پانی مین تر کرکے تین روز کے بعد پانی بدلتے رہین جب پندرہ روز کے بعد نرم ہو جاوے پوست
دور کرکے خشک کرین پھر آگ مین اتنا جلائین کہ دھوان نکلنے سے موقوف ہو جاوے کوٹ
کر سرد کرکے اس کے برابر سیاہ مرچ ملا کر پیسکر سیاہ مرچ کے برابر گولیان باندھین ایک گولی
ہر صبح کو کھاتے رہین نسخہ دیگر اہل ہند کا ترکیب دیا ہوا فالج و امراض عصبی کو نفع کرتا ہے
کچلہ تخم جینگ(?) ہر ایک آٹھ درم تینون دواؤن کو پاؤ آثار دودھ اور آدھ پاؤ پانی مین مرتب جیش
جب چوتھائی رہ جاوے کچلہ اور تخم جینگ مقشر کرکے بیج دار فلفل سونٹھ بادیان ہر ایک
ڈیڑھ درم کوٹ چھان کر سبز برگ [illegible] کے پانی مین یا خشک برگ [illegible] کو پانی مین جوش دیکر
اس پانی مین سب ادویہ کو کھرل کرین اور چنے کے برابر گولیان بناکر صبح و شام ایک
ایک گولی کھائین فائدہ مرض مین جب تک اشتہائے صادق نہ ہو غذا نہ کھائین اور جب تک پیاس
نہ لگے ماء العسل نہ پئین صاحب لقوہ کو اندھیرے مکان مین بٹھانا اور جب ہو کر وہان

ہو اور بھوک اور جس کو فالج تپ کے ساتھ ہو گرم دوائیں نہ دیں بلکہ اوّل علاج تپ کا کریں
بعد فالج کا معالجہ کریں گرم پانی مفلوج کے بدن کو ضرر کرتا ہے دوا معمولات اہل ہند سے
فالج کے واسطے مجرب ہے قلعی جست بیش سیاہ و پارہ ہر ایک دس ماشہ سیاہ مرچ پانچ درم
اوّل جست اور قلعی کو گلا کر پارہ میں ملائیں کہ گرہ بند ہو جائیں پھر پیسیں پھر کھرل کریں بعدہ ان
بیش سیاہ کو مقوٹا القوٹا اس میں چھڑک کر پیچھے پھر پیسیں اس کے بعد سیاہ مرچ دفعہ دفعہ
ڈال کر اسی طرح کھرل کریں تا کہ اٹھارہ پہر کھرل ہو جاوے خوراک ایک چاول پان کے ساتھ
غذا پرندوں کا گوشت معجون فرح القولنج کے واسطے مجرب ہے ورچ بیس درم سونٹھ زیرہ سیاہ
ہر ایک سات سات درم دو مثقال شہد میں ملائیں ہر روز ایک مثقال کھایا کریں اس دوا کے استعمال
میں بادام اصل بہت ضرور ہے دیگر نافع فالج و لقوہ و جمیع امراض بلغمی ورچ دس درم کالی مرچ
پودینہ زیرہ سیاہ کلونجی ہر ایک تین درم پاؤ سیر شہد میں بدستور ملائیں خوراک دو مثقال
دیگر بھلاوہ کا مغز شکر کے ساتھ بعد تنقیہ کے کھانا فالج اور لقوہ اور صرع کو فائدہ کرتا ہے
و لوگ یعنی لونگ کی دوا کہ زبان پر ملنے سے فالج کو مفید ہے کائی عاقر قرحا پیسکر شہد میں ملا کر
زبان پر ملیں دوا کہ مزاج مفلوج کو تعدیل کرتی ہے ایک سیر چھوٹی سرسوں اٹھارہ کے پان
کی گلوری میں روز کھلائیں دوا فالج میں بہترین اور بے جھنگ ہے جالینوس کہتا ہے کہ
اگر سیاہ مرچ باریک پیسکر تیل میں ملا کر ملیں کوئی دوا اس کے برابر نہیں ہے دوا نافع
لقوہ سن کے بیج پانچ درم شہد میں ملا کر بعد تنقیہ کے پندرہ روز کھائیں روغن جس کا ملنا
فالج و لقوہ کو نفع کرتا ہے سفید کنیر کی جڑ کا پوست سفید چکنی کی دال سیاہ دھتورا کی پتیاں
ہر ایک دو دام سب کو کوٹ چھان کر ٹکیاں بنا کر پاؤ سیر تیل میں کہ جب ٹکیاں اُبل جائیں
اس روغن میں حل کریں جس وقت اس کا درد ختم نہیں ہو جاوے عضو مفلوج پر روغن کی مالش کریں
اور اس روغن کا لگانا باہ کو بھی قوت دیتا ہے روغن جس کا ملنا فالج کو نافع ہے میٹھا تیل پاؤ سیر
حنظل یعنی کوٹ کلونجی ہر واحد دو دام ان دونوں کو روغن میں خوب جلا کر استعمال کریں روغن
اوراق یعنی پتوں کا تیل کہ اس کا ملنا فالج کو نفع کرتا ہے برگ ارنڈ برگ دھتورہ برگ آک برگ
سمبھالو برگ بکائن برگ [illegible] برگ سہنجنا و سب مساوی کوٹ کر عرق نچوڑ کر برابر میٹھے تیل میں

جوش دیں یہاں تک کہ پانی جل کر روغن رہ جاوے بعد اس کے سونٹھ اور قسط تلخ پیسکر ملا کر جن
کریں روغن کہ پٹھوں کو قوت دے اور فالج اور استرخا کو نافع ہو اور ریاح کو تحلیل کرے قسط دو درم
پانچ عنصل بیربہوٹی عاقر قرحا سونٹھ ہر ایک ایک درم اور دیگر کچھ پانی میں بھگو دیں صبح جوش دیں کہ
سوم حصہ رہ جاوے مل کر چھان کر پاؤ سیر میٹھا تیل ملا کر پھر جوش دیں کہ پانی جل جاوے اور روغن
روغن وافر و قائم مقام روغن بابونہ سردی کی بیماری کو نافع ہے گل داوودی بدستور
روغن گل تیار کریں مگر پھول تین مرتبہ بدلیں روغن سُداب یعنی تیل کہ اس کا ملنا
استرخاء اعصاب کو نفع کرتا ہے برگ تازہ سداب کو چار چند میٹھے تیل میں جوش دیں جب فقط
روغن باقی رہے چار اوقیہ سُداب خشک سیر بھر پانی میں پکائیں جب آدھا رہ جاوے صاف کر کے
ایک اوقیہ وہی میٹھا تیل ڈال کر یہاں تک جوش دیں کہ صرف روغن باقی رہ جاوے روغن بابونہ
امراض باردہ و دماغی کو طریق تدبیر نفع کرتا ہے گل بابونہ تازہ دو حصہ [illegible] روغن کنجد چھ حصہ شیشے میں
رکھ کے چالیس روز دھوپ میں رکھیں اور بعض گل بابونہ اور میتھی کو دس حصہ پانی میں جوش کرتے
ہیں یہاں تک کہ روغن رہ جاوے دیگر برگ تازہ سداب کے ساتھ روغن کنجد ملا کر شیشے میں
رکھ کے دھوپ میں رکھیں بعد چالیس روز کے استعمال کریں روغن کہ ملنے سے فالج و رعشہ کو
نفع کرتا ہے جند بیدستر مقشر چار درم قسط تلخ ہر ایک دو دام اکا کی چھال تخم دھتورہ ہر ایک دو دام
کوٹ چھان کر پانی میں ترمس باندھ کر دو چند میٹھے تیل میں جلا کر صاف کر کے لیں روغن نافع
امراض بلغمی یعنی کلونجی اجوائن عاقر قرحا اسپند کھاری نمک مساوی بھگو کر آٹھ حصہ پانی میں
بھگا کر جوش دیں جب چہارم حصہ رہے چھان کر روغن کنجد ہموزن اور دو سیر میں ملا کر پھر جوش دیں
کہ روغن باقی رہ جائے روغن بابونگ نافع فالج بھی آدھ سیر اجوائن خراسانی ڈھائی دام کوٹ چھان کر
پانی میں ترمس بنائیں اور ڈھائی سیر دھتورہ کے درخت کا عرق اور آدھ سیر میٹھا تیل ملا کر لوہے کی
کڑاہی میں پکائیں جب ترمس جل جائے چھان کر لیں روغن جمیع امراض باردہ و دماغی کو نافع
ہے مال کنگنی بھلاوہ اجوائن ہر ایک کوٹ چھان کر گولیاں بنا کر تین روز خشک کر کے پتال جنتر میں
تیل نکالیں خوراک ایک بوند سے چار بوند تک پان میں روغن استرخاء یعنی مجبور اور دیگر
امراض باردہ کو نافع ہے جنگل پانچ دام سونٹھ کر نجو [illegible] قسط تلخ ہر ایک تین دام کلونجی [illegible]

مجرب مشہور ہو ایک چنگشی اسپند ہلیلوں کا چھلکا اجوائن خراسانی عاقر قرحا اجوائن دیسی ہر ایک دو دو درم اطریفل
بادیر نگ ہر ایک یکدام روغن کنجد دو سیر روغن ریٹھی آدھ پاؤ روغن السی آدھ پاؤ بدستور روغن تیار کرکے مالش
کریں ایام سرد میں ہوا اور سرد چیزوں کے کھانے سے پرہیز کریں سفوف دافع فالج و امراض ریحی اجوائن دیسی
کابلی نمک لاہوری دیودار شیطرج چیتہ ہلیلوں سونٹھ پیپل سیاہ مرچ ہر ایک اڑھائی ماشہ نمک پوست ہلیلہ زرد
ساڑھے بارہ ماشہ بدستور سونٹھ ہر ایک پانچ ماشہ کوٹ چھان کر ایک تولہ سے ڈیڑھ تولہ تک کھایا کریں
معجون سیر آدھ پاؤ لہسن کے بڑے بڑے جوئے چھیل کر ڈیڑھ پاؤ گائے کے دودھ میں جوش دیں
جب گھل مل جائے چھان کر قوام کریں گل بابونہ سونٹھ سیاہ مرچ پیپل پوست ہلیلہ کابلی
عاقر قرحا کباب چینی خولنجان بیخ کلیجن ہر ایک ایک درم کوٹ چھان کے قوام میں ملائیں مفرح
فالج اور لقوہ کو نفع رکھتا ہے نمک لاہوری پیپل کوٹ کریں معجون اقرقرحا نافع امراض سرد
بلغمی سونٹھ تیزپات بالچھڑ اگر سونٹھ سیاہ مرچ عاقر قرحا لونگ قسط یعنی کٹ شہد ہر ایک
دو حصہ بھنگ رائی پیپل ایک حصہ کوٹ چھان کر روغن بادام میں چرب کرکے سہ چند شہد میں
ملا کر رکھیں بعد چھ مہینے کے استعمال کریں شربت ایک درم سے دو مثقال تک سعوط نافع لقوہ
وہیج و دولع کو رطوبت سے پاک کرتا ہے تھوڑی کلونجی اور اسپند کے کر زخ چقندر اور بیخ
اندرائن کے عرق میں پیس چھان کر چند قطرے ناک میں ٹپکائیں شربت صاحب لقوہ و فالج کے
دماغ پاک کرنے کے لئے کام آتا ہے سونٹھ بالچھڑ کلیجن ہر ایک ایک مثقال سیاہ مرچ پیپل
ہر ایک آدھی مثقال اور پیکوٹہ تھیلی میں باندھ کر دو سیر شہد اور تین سیر پانی میں جوش دیں
اور بعد ازاں تھیلی کو نچوڑتے رہیں کہ قوام ہو جائے خوراک دو تولہ لعوق [illegible] اور لقوہ کو
نافع ہے بیخ عاقر قرحا کا چھلکا کلیجن سیاہ مرچ پیپل سونٹھ زیرہ کو ہلیلوں ساوی الوزن سے کر
برابر شہد میں ملائیں خوراک ایک موافق رائے طبیب کے **فصل مالیخولیا** یعنی دیوانگی کا علاج
اگر مادہ ہو اس کو جنون کہتے ہیں اگر مالیخولیا میں غصہ اور رنج غالب ہو اس کو مانیا
کہتے ہیں اور اگر ہنسی اور کھیل اور ایذا دینا غالب ہو اس کو داء الکلب کہتے ہیں اور اگر خوف
اور آدمیوں سے نفرت ہو اس کو قطرب کہتے ہیں مالیخولیا کے علاج میں جلدی ضرور ہے
ہر حال ابتدا میں فصد کریں کیونکہ پہلے یہ علاج سہل ہے اور استحکام کے بعد تھوڑی

ہوتی ہے اور ہر حال میں مریض کو خوش رکھنا اور معتدل جگہ میں بٹھانا اور غذائے تر کھلانا
اور بہت سلانا بہترین علاج ہے اور مسہلات سے کئی مرتبہ تنقیہ کریں اور قلب کی تقویت
کریں اور صاحب مالیخولیا کو جو امر کہ پسند پڑے اس میں بہت مشغول رکھنا چاہیے مگر خلوت و
تنہائی و دوستی مضر ہے اور جب صاحب مالیخولیا کثرت شہوت کی شکایت کرے جماع معتدل کا
حکم دیں اور زیادتی سے منع کریں اور بعد فصد کے ماء الجبن پلانا بہترین تدبیر ہے اور ایام استعمال
ماء الجبن میں طاقت کا لحاظ کرکے مسہل دیتے ہیں **سکنجبین افتیمونی** کہ بیماری سوداوی کو
نفع دیتی ہے افتیمون سات مثقال شاہترہ گاؤزبان ہر ایک چار مثقال قند سے چند سرکہ
خوب ترش قند کا تیسرا حصہ سب کو قوام کریں بکری کا دودھ کہ جس کا ماء الجبن بنائیں اسی سکنجبین
سے پھاڑیں مالیخولیا میں اکثر فصد سر کا فائدہ کرتا ہے تاکہ اس کو عقل آئے اور قوت
حاسہ درد کی وجہ سے تنبیہاً آگاہ ہو تو اگر بیماری جو دور کرے پھر ماریں اور افیون کھانا
اس کا علاج ہے ضعیف دانق سے ابتدا کرکے نصف درہم تک پہنچائیں مگر یہ فائدہ
اسی شخص کو کرتی ہے جو جوان ہو اور دماغ کو چھوڑ دینا بہتر علاج ہے طبیب یوسفی میں ہے شیخ
شراب پینا اور راگ دیکھا کرنا اس مرض کے علاج میں لکھا ہے دیگر سکنجبین افتیمونی ماء الجبن
میں اس مرض سوداوی کے واسطے استعمال کرتے ہیں ہلیلہ سیاہ نمک ہندی ہر ایک ایک
مثقال افتیمون پانچ مثقال سرکہ میں بھگوئیں اس سرکہ سے سکنجبین سادہ بنا کر آدھے
اوقیہ دودھ ملا کر پکا کر شروع کرکے پکائیں پانچ اوقیہ سے نو اوقیہ تک جسقدر چاہیں
نوش کریں سعوط نافع جنون بخاصیت آدمی کے بال جلا کر روغن گل میں حل کرکے سعوط
کریں **حکایت** ایک شخص کو وسوسۂ قلب اور تنہا بیٹھنے کا شوق اور وحشت دل شروع
ہوئی افلاس کے باعث سے اس غریب کو دوا کرنے کا مقدور نہ تھا میں نے پہلے فصد ہفت
اندام کھولی بعدہٗ بکری کا دودھ خالص کے ساتھ اس کو پلایا بہت فائدہ کیا اور مالیخولیا
کی ایک قسم مراق کی شرکت سے ہوتی ہے اور مراق ایک پردہ بالائے معدہ ہے اس کی
علامت ریاح کی زیادتی نفخ و درد و سوزش جگر اور جلن ہونی اور ضعف ہضم و خفقان
ہے اس کا علاج ہر حال میں فصد باسلیق لیں اور برگ تازہ خرفس کا عرق پلانا اس

مرض مین مفید ہے اور مالیخولیا کی ایک قسم ہے کہ اُسے عشق کہتے ہین **علاج** مریض کو کسی
اور کامون مین مشغول کرین اور ملاقات محبوب بطریقہ شرعی بہترین علاج ہے اور ان آدمیون کو
مریض کے پاس مقرر کرین کہ معشوق کی برائی بیان کیا کرین غیر معشوق سے جماع کرنا بھی عشق کو
کم کرتا ہے طب فریدی مین مذکور ہے کہ آہن تاب پانی کا پینا عشق کو دفع کرتا ہے
اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ لوہے کو گرم کر کے جب پانی مین بجھانے لگین یہ کہین کہ جس طرح یہ گرم لوہا
پانی مین سرد ہوتا ہے دل فلان بن فلان کا عشق فلان بن فلان سے سرد کر دے تین بار یہ
کہکر لوہا سرد کرین پھر اُس پانی سے عاشق کا منہ دھوئین اور اسکے سینے پر چھڑکین تین روز
کے عمل مین عشق بھول جاے گا طب فریدی اور دیگر کتابون مین لکھا ہے کہ اگر اُس سنگ مرمر کا
ٹکڑا جس مین کسی کی وفات کی تاریخ لکھی ہو تھوڑا سا گھسکر عاشق و معشوق کی جدائی کی نیت کر کے
عاشق و معشوق کو بدون اطلاع کھلائین بخاصیت دفع عشق کرتا ہے اور ایک کتاب مین دیکھا
ہین نے کہ اگر بچھو کا ڈنک اور کتے کا ناخن اور بندر کا ناخن اور اونٹ کے چمڑے مین تعویذ بنا کر
مجنون کے گلے مین باندھین وسواس جنون سے باز رکھتا ہے اور صرع کو مفید ہے سعوط کر
قرنی ہو اکثر نے جنون کے دور کرنے کے واسطے مجرب کہا ہے اُلّو کا بھیجا ایک دانگ لے کر
گھلا کر کوڑی بھر کافور ملا کر پیسین کہ خوب مل جاے پھر ایک دانگ کوے کا خون اس مین ملا کر بقدر دو
لے کر چند قطرے کسی کے عرق سے سعوط کرین جنون سے صحت ہو جاے گی دیگر مدین روغن
کدو اور کاہو کہ سرا ور سرسام مین مذکور ہوا مالیخولیا کو مفید ہے دیگر تحفۃ المومنین مین لکھا ہے کہ
نئے کوزہ مین عورت کے سر کے بال جلا کر اُس کوزے مین مرد عاشق کو پانی پلانے سے
عشق دفع ہوتا ہے بلکہ اُس سے نفرت ہو جاتی ہے **فصل اختلاج** یعنے بدن کے پھڑکنے کا
سبب اختلاج کا سبب ریح ہے اختلاج کی زیادتی کسی مرض کا سبب ہوتی ہے
علاج نمک اور بھوسی سے سینکین اور جو روغن علاج مین مذکور ہوے ہین اُن کی مالش کرین
گرم دوا کا لیپ بھی فائدہ رکھتا ہے اور ان چیزون سے دفع نہ ہو بلغم کا تنقیہ کرین
فصل علاج رعشہ یعنی کپنا عضو کا اگر مادہ بلغم سے ہو اس کی علامات دریافت کر کے
عضو کا تنقیہ کرین اور اگر رعشہ کثرت جماع سے ہو جماع ترک کرین اور اگر شراب کی کثرت

سے ہو شراب ترک کرین دودھ تازہ پینا اور مفید مرغ بہ شوربہ کھانا رعشہ کو مفید ہے
فصل آنکھ کی بیماریون کا معالجہ افضل اعضاے بدن آنکھ ہے جو مرض اس مین
لاحق ہو اس کے علاج مین سستی نہ کرنا چاہیے اور آنکھ کو غبار اور دھوئین اور ہواے خارج
اعتدال سے بچانا چاہیے رونے کی کثرت اور جماع اور نشہ کی اشیاے کی افراط آنکھ
کو ضرر کرتی ہے اور باریک چیزین ہمیشہ نظر کرنا منع ہے مگر بطور ریاضت کے جائز ہے
سبزی پر نظر کرنا آنکھ کے نور کو جمع کرتا ہے اور آنکھ کی بیماری پر جب تک تین روز نہ گذرین
کوئی دوا نہ کرنا چاہیے **فصل رمد** آنکھ کے درد و ورم کو جو پردہ ملتحمہ کی سرخی کے ساتھ ہو
رمد کہتے ہین **علاج** فصد سر رو ہین کہ انواع رمد کو مفید اور موافق ہے اور جونکین لگانا بھی
فائدہ رکھتا ہے گوشت اور مٹھائی اور کھٹائی سے پرہیز لازم ہے ابتداے رمد مین سرمہ یا
آنکھ پر استعمال کرنا منع ہے اور زرد کپڑا ہلدی مین رنگ کر یا نیلا کپڑا آنکھ کے سامنے
لٹکانا لازم ہے اب چند دوے سہل رمد کی ذکر کرتا ہون جب یعنی کوئی درد رمد کی لکھا ہوا
کہ اس سے بہتر درد رمد کے واسطے کوئی دوا نہین ہے پھٹکری بریان دو دام پختہ زرد چوب
سات ماشہ اگر خام ہو بہتر افیون پانچ ماشہ یا دو سیر پختہ لیموے کاغذی کے عرق مین لوہے
کی کڑاہی مین ہلکی آگ مین پکا کر حل کرین جب گولی بنانے کے قابل ہو گولیان بنا لین
پانی مین رگڑ کر آنکھ پر رقیق طلا کرین اور آنکھ کے کنارون کی طرف سے تھوڑی سی آنکھ مین
بھی لگا دین شیافات ابیض رمد کو نافع ہے اور کان کے زخمون کو بطریق قطور فائدہ کرتی ہے
اور دودھ مین ملا کر اس کی پچکاری لینا مجاری بول کے زخم کو مفید ہے دھویا ہوا سفیدہ
چھ درم نشاستہ کتیرا ببول کا گوند ہر ایک ڈیڑھ درم کافور دو دانگ کندر افیون ہر واحد
آدھا درم شیاف بنائین دوا آنکھ کے درد کو ایک دم مین ٹھہرا دے لودھ گیہون کا
مانندہ گھی ہر ایک چار درم سب اجزا کو کھرل کرین اور چار گولیان بنائین اور ٹھیکرا آگ
پر رکھ کر اس مین ایک گولی رکھ دین جب ذرا گرم ہو نرم نرم آنکھ پر باندھین بعد
سرد ہونے کے دوسری گولی باندھین اسی طرح سے چار غلولے باندھنے سے درد تسکین
پاتا ہے **پوٹلی** کہ آنکھ کے درد کے واسطے مجرب ہے مغز گھیکوار ایک ماشہ افیون

ساتھ ازواج ہین جس وحرکت اعضا کی انھین سے ہے دوسرے نخاع یعنی حرام مغز ہے اُس سے نکلے ہین وہ اکتیس ازواج اور ایک فرد ہے سواے گردن سب اعضا کی حس وحرکت اُن سے متعلق ہے چوتھے عضلا یعنی عدد وہ کل پانسو تیس ہین پانچوین وتر یعنی آنت فائدہ ان دونون کا اعضا کو حرکت دینا چھٹے رباط وہ بھی باریک پٹھے ہین فائدہ ان کا بندش عضو کی ساتوین شریانین یعنی متحرک رگین کہ دل سے اُگی ہین اور سب شریانین سواے شریان وریدی کے دو طبقہ یعنی دو تہہ ہین فائدہ ان کا پہونچانا روح حیوانی کا تمام بدن مین آٹھوین اوردہ یعنی ساکن رگین اور وہ محدب جگر سے اُگی ہین اور سب اوردہ سواے شریان وریدی کے دو طبقہ ہین فائدہ ان کا تمام بدن مین خون پہونچانا ہے نوین غشا یعنی جھلی فائدہ اس کا اشکال اعضا کی محافظت کرنا اور سب اعضا منی سے پیدا ہوتے ہین دسوان گوشت خون متین غلیظ سے پیدا ہوتا ہے اور چربی مائیت خون سے پیدا ہے اور سمین جس سے آدمی موٹا ہوتا ہے مرکب ہو لحم اور شحم سے گیارھوین جلد اور بال اور ناخن اور بعض حکما نے اُن کو اعضا سے شمار کیا اور بعض نے فضلات مین اور اعضاء رئیسہ جن سے بقاے شخص تصور ہے تین ہین دل دماغ جگر اور بجہت بقاے نوع یعنی جن کی وجہ سے نوع انسانی باقی رہے چار ہین تین اعضاء مذکور چوتھے عضو تناسل پانچوین امور طبعی سے ارواح ہین روح ایک جسم لطیف بخاری ہے کہ لطافت اخلاط سے پیدا ہوتی ہے اور ارواح تین قسم ہین روح حیوانی کہ اس کا محل دل ہے اور روح نفسانی کہ اس کا محل دماغ ہے اور روح طبعی کہ اس کا محل جگر ہے چھٹے امور طبعی قوی ہین اور وہ تین قسم ہین ایک قوت حیوانی کہ دل مین ہے دوسری قوت نفسانی کہ دماغ مین ہے تیسری قوت طبعی کہ جگر مین ہے پس اگر قوت طبعی واسطے بقاے شخص کے غذا مین تصرف کرے اسکو غاذیہ کہتے ہین یا اگر اقطار ثلاثہ یعنی طول عرض عمق کی زیادتی مین تصرف کرے اسکو نامیہ کہتے ہین اور اگر واسطے بقاے نوع کے تصرف کرے اسکو مولدہ اور مصورہ کہتے ہین خادم ان قوتون کی جاذبہ یعنی غذا کو کھینچنے والی اور ماسکہ یعنی روکنے والی اور ہاضمہ یعنی ہضم کرنے والی اور دافعہ یعنی ہٹانے والی ہین اور قوت نفسانی بھی دو قسم ہے مدرکہ یعنی معلوم کرنے والی اور محرکہ یعنی جنبش دینے والی مدرکہ ظاہر پانچ ہین سمع و بصر و شم و ذوق و لمس و مدرک باطن بھی پانچ ہین حس مشترک و خیال و وہم و متخیلہ و حافظہ اور قوت مدرکہ یا محرکہ ہے یا فاعلہ باعثہ و شہوانی کہ باعث تحریک کی ہوتی ہو واسطے حاصل کرنے

نفع کے اور غضبی واسطے دفع مضرت کے تحریک کرتی ہے اور قوت فاعلہ عصب مین پائی جاتی ہے کہ اس سے عضلے کھنچتے اور ڈھیلے ہوتے ہین اور اُن کے قبض وبسط سے اعضا متحرک ہوتے ہین اور فاعلہ باعثہ کی مطیع ہے ساتوین امور طبعی سے افعال ہین وہ مفرد ہین یا مرکب مفرد وہ کہ تمام ہون ساتھ ایک قوت کے جیسے تنہا جذب سے یا تنہا دفع سے اور مرکب وہ کہ تمام ہون دو قوت یا زیادہ سے مثل نگلنے کے کہ جاذبہ اور دافعہ سے تمام ہوتا ہے دوسرا باب سنون کے بیان مین سن چار ہین ایک سن نمو یعنے سن بڑھنے کا تیس برس تک دوسرا سن شباب یعنے سن جوانی کا پینتیس برس تک اور بعض کہتے ہین چالیس برس تک ہے اس سن مین حرارت جبلی غالب رہتی ہے تیسرا سن کہولت یعنے ادھیڑ ساٹھ برس تک اس سن مین مزاج پر سردی غلبہ کرتی ہے چوتھا شیخوخت یعنے بڑھاپے کا سن وہ ساٹھ برس سے آخر عمر تک ہے اور اس سن مین رطوبت خارجی مزاج پر غلبہ کرتی ہے اور مزاج عورت اور خواجہ سرا کا نسبت مرد کے سرد ہوتا ہے تیسرا باب ستہ ضروریہ کے بیان مین کہ وہ زندگی کو لازم ہے ایک اُن مین سے ہوا ہے بہترین ہوا وہ ہے کہ جس مین دھوان اور بخار نہ ملا ہو اور مزاج ہوا کا ہر فصل مین بدلتا ہے اور فصلین چار ہین صیف اور خریف اور شتا اور ربیع طبیبون کے نزدیک مدت ربیع اور خریف کی ڈیڑھ ڈیڑھ مہینا ہے اور زمانہ صیف یعنے گرمی اور شتا یعنے جاڑے کا ساڑھے چار چار مہینے ہین ربیع مین مزاج ہوا کا گرم تر گرمی مین گرم خشک خریف مین سرد خشک جاڑے مین سرد تر ہوتا ہے اور ہندوستان مین تین فصلین ہین گرمی برسات جاڑا اور ان تینون فصلون کا زمانہ چار چار مہینے کا ہے گرمی ماہ پھاگن سے شروع ہوتی ہے چیت بیساکھ جیٹھ تک رہتی ہے ہر چند گرمی کی ابتدا پھاگن سے ہے مگر رات سے صبح تک سردی رہتی ہے اور دن کو وقت دوپہر کے گرمی ہوتی ہے اس مہینے مین سردی اور گرمی سے احتراز کرنا چاہیے تا بدن درد واضداد سے محفوظ رہے اور موسم گرما مین کم کرنا غذا کا لازم ہے کہ اس فصل مین گرمی کی وجہ سے سرد پانی بہت پیا جاتا ہے اور اس سے ہاضمہ ضعیف ہوتا ہے اور سرد چیزون کا استعمال کرنا اور مکان سرد مین رہنا چاہیے ۔ برسات کی ابتدا اساڑھ سے ساون بھادون کنوار تک رہتی ہے حال برسات کا مختلف ہوتا ہے جب پانی برستا ہی ہوا سرد اور جب نہین برستا ہے گرم ہوجاتی ہے اس

ایک تولہ ہم وزن پیسکر چیتھڑے میں پوٹلی باندھ کر پانی میں تر کر کے آنکھ پر پھیریں ایک دو قطرہ آنکھ
میں بھی ٹپکائیں ایضاً مجرب آنکھ کے درد کے واسطے لودھ ایک ماشہ پھٹکری بریان ایک ماشہ
افیون آدھا ماشہ املی کی پتیاں چار ماشہ سب کو پیسکر پوٹلی بنا کے ہر وقت آنکھ پر پھیریں ایضاً
درد چشم اور مادہ سبل کو نافع ہے املی کی پتیاں سرس کی پتیاں ہلدی پھٹکری ہر ایک تولہ آدھا دام
باریک کوٹ کے پوٹلی بنا کر پانی سے تر کر کے ہر وقت آنکھ پر پھیریں اگر چاہیں اس کا پانی آنکھ کے
اندر بھی ٹپکائیں ایضاً واسطے رمد کے کنار ایک عدد افیون ایک سرخ لونگ دو عدد پھٹکری
بریان چار ماشہ ہلدی چنے کے برابر املی کی پتیاں تھوڑی سی پوٹلی باندھ کر پانی میں تر کر کے
آنکھ پر پھیریں اور اندر بھی ٹپکائیں ایضاً نافع رمد کافور تین حصہ پھٹکری لودھ ایک حصہ ہم پیسکر
پوٹلی باندھیں اور دو گھڑی پانی میں تر کر کے آنکھ پر پھیریں اور اندر بھی ٹپکائیں ایضاً لودھ
پھٹکری مردار سنگ ہلدی زیرہ سفید ہر واحد ایک ماشہ نمک افیون برابر تخم مرچ سیاہ چار عدد
توتیا سبز ماش کے برابر کوٹ چھان کر پوٹلی باندھ کر پانی میں تر کر کے آنکھ پر پھیریں ایضاً نافع رمد
پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی آملہ سوت گیرو املی کی پتیاں افیون پھٹکری بریان زیرہ سفید
ہر ایک تھوڑا تھوڑا کپڑے میں پوٹلی باندھ کر گلاب اگر موجود ہے نہیں تو پانی سے بھگو کر
آنکھ پر پھیریں دوا نافع درد چشم کسی قسم کا ہو زیرہ سفید لودھ باریک کر کے پھٹکری بریان پیسکر
باریک ململ کھیکوار کے مغز میں ملا کر پوٹلی باندھیں اور پانی سے تر کر کے پھیریں دوا آنکھ کے
درد کو نفع کرتی ہے افیون ایک ماشہ پھٹکری بریان دو ماشہ املی کی پتیاں چھ ماشہ سب ایک
پیسکر پوٹلی باندھ کر آنکھ پر پھیریں اور پانی اس کا آنکھ میں ٹپکائیں دوا نافع درد رمد پھٹکری ایک
السی دو ماشہ دونوں ثابت پوٹلی باندھ کر پانی سے تر کر کے آنکھ پر پھیریں قطور نافع درد گرم
لعاب اسپغول آنکھ میں لگائیں قطور رمد کو نافع رکھتا ہے جس روز آنکھ درد کرے اسی روز
برگ مکوہ نچوڑ کر کان میں ٹپکائیں اگر بائیں آنکھ میں درد ہو داہنے کان میں ڈالا بالعکس
قطور کرے اطفال کو نافع ہے نیب کی کونپل پیسکر نیم گرم پانی میں مخالف جانب کے کان میں
ٹپکائیں اور اگر درد دونوں آنکھوں میں ہو دونوں کانوں میں ٹپکائیں قطور آنکھ کے امراض
کو مفید ہے فقط مغز کھیکوار پیسکر سوتے وقت آنکھ میں ٹپکائیں دوا آنکھ کے گرم درد کو

سفید سے نگمدری کی ایک کر اس کا عرق نکال کر آنکھ میں ٹپکائیں قطور نافع درد چشم ہلدی پانی میں
پیسکر جانب مخالف کان میں ٹپکائیں دوا نافع رمد گرم لعاب اسبغول اس عورت کے دودھ میں
کہ لڑکی جنی ہو اور برگ گشنیز کا عرق ملا کر چھان کر آنکھ میں ٹپکائیں دوا آنکھ کے درد کو نافع کچلے کا
عرق لوہے کے برتن میں لوہے کے دستے سے حل کریں جب سیاہ ہو جاوے آنکھ کے گرد طلا کریں
دیگر آنکھ کے درد کو نافع لودھ آنولہ گلاب کے گلی میں بریاں کر کے سرد پانی میں پیس کر
طلا کریں مگر آنکھ کے اندر نہ جانے پائے طلا آنکھ کے درد کو نافع ہے پوست ہلیلہ زرد گیرو
رسوت ہلیلہ زنگی پھٹکری کے گرد طلا کریں طلا نافع رمد املی خشک کا بیج نکال کے پانی میں
تر کر کے مل کر چھان کر افیون تین رتی پھٹکری پانچ رتی اسی املی کے پانی کے ساتھ لوہے کے
برتن میں پکائیں کہ پانی گاڑھا ہو جائے اس کو سیپ میں رکھ کر طلا کریں اگر املی نہ ملے تو اس کے
پتوں کا پانی لے کر پکا کر طلا کریں طلا سونٹھ صمغ عربی ہر ایک ایک درم گیرو ایک مثقال افیون
دو درم کوٹ چھان کر پانی میں حل کر کے شیاف بنا کر طلا کرتے رہیں طلا مجرب لوہے کے توے پر
لوہے کے دستے سے تھوڑا تھوڑا پانی کے ساتھ خوب پیسکر طلا کریں اور آنکھ میں ٹپکائیں
دوا آنکھ کے درد کو فوراً آرام دیتی ہے برگد کا دودھ آنکھ میں لگائیں دوا نافع درد چشم
برگ نیب سونٹھ برابر علیحدہ علیحدہ پیس چھان کر دونوں کو برابر لے کر چنے کے برابر گولیاں
بنائیں حاجت کے وقت پانی میں پیسکر لگائیں دوا آنکھ کی سرخی اور غبار کو کہ پوٹے بغل
سے ہو نافع ہے اٹھائی سیاہ مرچ تھوڑی چولہے کی مٹی مرغ جلی ہوئی دونوں کو بانس کے
چونگے یا چینی کے پیالے میں خوب حل کریں جب سیاہ ہو جاوے آنکھ میں لگائیں دوا
نافع رمد برگ بانسہ پیسکر ٹکیا کر کے تین روز آنکھ پر باندھیں دوا کپاس کی پتی ادھی مرچ
کر کے پیسکر آنکھ پر لگائیں دوا برگ انار پیسکر ٹکیا کر کے سوتے وقت آنکھ پر باندھیں نافع رمد
لڑکوں کے رمد کو نفع دیتی ہے لڑکی کے پیشاب میں روئی بھگو کر آنکھ پر باندھیں دوا
جس وقت ابتداء رمد کی معلوم ہو اگر درد داہنی آنکھ میں ہو بائیں انگوٹھے کے ناخن میں
اور اگر درد بائیں آنکھ میں ہو داہنے پاؤں کے انگوٹھے کے ناخن میں مدار کا دودھ بھر دیں
دوا نافع رمد کو بھی پیسکر ٹکیا بنا کر آنکھ پر باندھیں دوا آنکھ و سینہ و شکم کی سوزش کو نافع ہے

کو آنکھ میں لگیں تو اگر ہو تو اس تخم بیلوز میں ایک ایک درم مصری نو درم کوٹ چھان کر خوب باریک
دو درم دوا نافع دمعہ یعنی تقطیر برگ [illegible] کا عرق شہد میں ملا کر آنکھ میں لگائیں اس پر کپڑا
باندھ کر سو رہیں صبح کو کھولیں تین روز میں آرام ہوگا دوا نافع کمزوری اطفال وغیرہ کے
چاکسو مقشر دو مثقال انزروت مصری ہر واحد ایک مثقال باریک کوٹ چھان کر چھڑکیں
اور بعضے انزروت کے عوض ماميران لکھتے ہیں دوا نافع دمعہ جلی ہوئی مٹی کا لعاب تھوڑے
کپڑے کے ساتھ آنکھ میں ٹپکانا درد شدید کو ساکن کرتا ہے دوا آنبہ خام یعنی کیری پیسکر
آنکھ میں باندھیں دوا برگ کٹائی پیسکر آنکھ پر باندھیں اور برگ کٹائی کا عرق آنکھ میں ٹپکانا
بھی فائدہ رکھتا ہے دوا کہ سرخی دور کرے تخم [illegible] مقشر کوٹ کر تھوڑے پانی میں بھیں کر
روئی اس میں تر کر کے آنکھ پر رکھیں دوا نافع دمعہ لودھ چھ درم پوست ہلیلہ زرد دو درم
برگ انار کے پانی میں پیسکر روئی اس میں تر کر کے تین روز یا سات آنکھ پر رکھیں - **غسول**
یعنی وہ دوا ہے رقیق جس سے عضو کو دھوئیں غسول کہ آنکھ سے بخارات کو منع کرے
اور خارش کو نفع کرے اور مقدار دمعہ کو دور کرے پوست ہلیلہ زرد پوست ہیڑہ آملہ کوب
کرکے رات کو پانی میں تر کریں صبح کو اس پانی سے آنکھ دھوئیں دوا کہ حالت صحت میں
ایک روز استعمال کرنے سے ایک برس آنکھ نہ دکھے چالیس سنڈی نکل جائیں دو برس
تک اس میں [illegible] مجرب ہے یونانیوں کا قول ہے کہ اگر چہارشنبہ کو وقت طلوع آفتاب
ایک انار کی کلی پھول نہ ہو درخت سے منہ سے توڑ کے نگلیں ایک برس تک دمعہ سے
امان میں رہیں اور اگر دو نگلیں دو برس تک **فصل عشا** یعنی رتوندھی کا علاج
سیاہ مرچ پیپل دانہ مساوی باریک پیسکر آنکھ میں لگائیں دوا ہلیلہ سیاہ سونٹھ سیاہ مرچ پیپل
چھیل مساوی باریک پیسکر آنکھ میں لگائیں دوا مجرب کی ہوئی شیخ الرئیس بو علی سینا کی
بکری کی کلیجی کے کباب بنائیں اس سے پانی جو ٹپکے آنکھ میں لگائیں بعضے ثابت پیپل
کلیجی میں رکھ کر آگ پر اتنی دیر رکھتے ہیں کہ جل جائے پھر پیپل کو نکال کر شہد ملا کر آنکھ میں
لگاتے ہیں دوا پیاز کا پانی آنکھ میں لگائیں دوا برگ سرس کا عرق آنکھ میں لگائیں دوا
سندھیل کا مغز بکری کے پیشاب میں گھسکر آنکھ میں لگائیں دیگر [illegible] سلاق

آنکھ میں پھیریں دیگر بچوں کے تو ڑیں تھوک ملا کر آنکھ میں لگائیں دیگر اورک پیسکر اس کا پانی
آنکھ میں ٹپکائیں اور اگر اورک [illegible] سونٹھ پانی میں گھسکر دو تین قطرے آنکھ میں ٹپکائیں دیگر
سیاہ مرچ تھوک میں گھسکر آنکھ میں لگائیں دیگر روہو مچھلی کا پتہ آنکھ میں لگائیں دیگر سونٹھی کے
پھول کا عرق آنکھ میں لگائیں دیگر مچھلی کی نازک شاخ کا عرق دو مثقال شہد میں ملا کر آنکھ میں ٹپکائیں
دیگر نافع جگنو ری تخم سرس چار درم خوب پیسکر آٹے میں ملا کر روٹی پکا کر تین روز کھائیں دیگر ہلیلہ سرخ
پیپل شہد میں ملا کر آنکھ میں لگائیں دیگر سیاہ مرچ روہو کے پتہ میں تر کر کے خشک کریں جب
پتہ جذب ہو جائے پیسکر آنکھ میں لگائیں دیگر گدھے کا خون تازہ آنکھ میں لگائیں تین
روز میں رفع ہو دیگر آدمی کے کان کا میل پوست ہلیلہ زرد مساوی کے ساتھ پیسکر گولیاں بنائیں
اور پانی میں حل کر کے قریب شام آنکھ میں لگائیں دیگر سر گوسفند کو گرہ سے توڑ کر پوست مجوف
جلائیں جب چار انگل جلنے سے باقی رہے اس کے دو ٹکڑے کریں رطوبت سرخ کا انکے اندر
جمع ہو گی آنکھ میں لگائیں اگر چہ وہ بسبب تیزی کے درد و سوزش پیدا کرے گی مگر وہ دوا آنسوؤں
کے ساتھ بہا کر مرض کو کھو دیگی دیگر حقہ کی آب سے جس پر چلم رکھتے ہیں اس کی گیلی مٹی لگائیں
فصل [illegible] یعنی رتوندھی کا علاج وضع کو تر کریں اور کلیجا [illegible] پانی [illegible] نکالا کریں ناخون
کالا ہو جائے سرد پانی میں غوطہ لگانا اور آنکھیں [illegible] نفع رکھتا ہے **فصل سلاق**
پلکوں کے غلیظ ہو جانے کو کہتے ہیں کہ اس کے ساتھ خارش اور خشکی ہو اور پلک کے بال
گر جائیں ہندی میں اس کو [illegible] کہتے ہیں بہتر علاج اس کا فصد سر رو دینا اور سر کے پیچھے
پچھنے لگانا اس کے بعد دوا کا استعمال کرنا دوا نافع سلاق کہ پلکوں کو گھاس کی طرح اگاتی
ہے روئی کی بتی ہلدی کے دودھ میں تر کر کے خشک کریں اور چراغ میں میٹھا تیل بھر کر وہ بتی
جلا کر کاجل پار کے آنکھ میں لگائیں بعضی کتابوں میں بجائے میٹھے تیل کے گھی لکھا ہے دیگر
نافع سلاق دھتورہ اور بھنگرے کے پتوں کا عرق لے کر اس میں روئی تر کر کے سایہ میں
خشک کریں اور میٹھے تیل میں وہ بتی جلا کر کاجل پاریں وہ کاجل باسی پانی سے آنکھ میں
لگائیں دیگر نافع سلاق پرانے اول کا [illegible] کو [illegible] کی آگ پر جلا کر ٹھنڈا کر کے پیسکر [illegible]
روئی میں رکھ کر فتیلہ بنائیں اور سرسوں کے تیل میں [illegible] کریں اور اسکا کاجل لے کر

آنکھ میں لگائیں دیگر مدار کی جڑ جلا کر راکھ اس کی پانی میں ملا کر آنکھ کے گرد طلا کریں آنکھ کی خارش
دور کرتی اور پلکوں کے پھوٹنے کو دور کرتا ہے اور بعضی کتابوں میں لکھا ہے کہ اگر برگ سیب
پیس کر اس کا لعوق سے کر آنکھ میں لگائیں دافع خارش اور مفید سلاق ہے دیگر زائد بالوں کو
جو پلکوں میں نکل آتے ہیں [illegible] چھال کو مفید اور سلاق اور آنسو اور آنکھ کی خارش اور سرخی کو
نافع ہے وہ دوا جست لوہے کے برتن میں کولوں کی آگ پر گھسا کر جھوے کے سنگ کا پانی
تھوڑا تھوڑا اس پر ٹپکائیں کہ رنگ زرد یا سفید کشتہ ہو جائے اسے باریک پیس کر آنکھوں میں لگائیں
دیگر پلکوں کے گر جانے اور سلاق کو مفید ہے چھچھوندر کا گوہ آدھا جلا کر اور آدھا بے جلا دونوں کو
پیس کر شہد میں ملا کر طلا کریں دیگر نافع سلاق و خارش و پلک ورد سفید [illegible] کی جڑ سایہ میں
خشک کر کے پانی میں گھس کر آنکھ میں لگائیں دیگر [illegible] کا سر دور کر کے خشک کر کے پانی میں پیس کر
طلا کریں دیگر پلکوں کے پھوٹنے کو نافع ہے سیپ کو جلا کر پیس کر آنکھ میں لگائیں دیگر دافع سلاق
کتھا کا چھلکا پانی میں جوش کر کے اس کا چھیا لگائیں دیگر چھال ببول شہد میں ملا کر پلک پر لگائیں
دیگر سانپ کی کینچلی جلا کر روغن گل میں ملا کر پلک پر طلا کریں دیگر اس سلاق کو نافع ہے کہ پلک
گر جائے اور کنارے سرخ ہوں ببول کی پتیاں ایک سیر [illegible] پانی میں جوش دیں جب
چوتھائی رہ جائے چھان کر ہر روز دو دفعہ پلک پر طلا کرتے رہیں چند روز میں فضل خدا سے
شفا ہوگی دیگر [illegible] کی بیٹ خشک کر کے [illegible] ہڑتال [illegible] روغن [illegible] اور پلک پر ملیں
دیگر گندھک کو جلا کر اس کی راکھ کو مثل سرمہ کے لگائیں دیگر دافع سلاق [illegible] کا ڈھایا روئی
میں [illegible] میں رنگ کر خشک کر کے [illegible] خود میں [illegible] خشک کر کے
بتی بنا کر سرسوں کے تیل میں روشن کر کے اس کا کاجل بنا کے لگائیں دیگر سنگ بصری توتیا کافور
بصری برابر وزن کوٹ چھان کے پانی میں کھرل کر کے گولیاں بنائیں وقت حاجت کے
پانی میں گھس کر آنکھ میں لگائیں دیگر گندھک کو مثل سرمہ کے آنکھوں میں لگانا جلا و بصارت آنکھ کے
[illegible] اور آنکھ کے خون منجمد اور آنسو بہنے اور سلاق اور آنکھ کی سفیدی و خارش کو نافع ہے
اور [illegible] کو دور کرتا ہے خصوصاً شہد میں ملا کر اور گندھک کا کاجل بھی یہی خاصیت رکھتا ہے
اور طریقہ کاجل بنانے کا یہ ہے کہ گندھک کو چراغ میں روشن کر کے اس پر ایک برتن اوندھا دیں

کہ کاجل اس میں جمع ہو پلکوں کے جھڑنے کو نافع ہے تخم خرپزہ [illegible] درم [illegible] دو درم پانی میں پیس کر
آنکھ میں لگائیں دیگر پلکوں کے جلنے کے واسطے [illegible]
[illegible] ملا کر طلا کریں **فصل نزول الماء و معالجہ** ہندی میں اس کو موتیا بند کہتے ہیں
علامت اس کی ابتدا میں یہ ہے کہ خیالات مکھی اور مچھر کے مانند آنکھ کے سامنے معلوم ہوں
اور روز بروز زیادہ ہوتے جائیں اور بعد نزول کے پتلی متغیر ہو جائے اور بینائی جاتی رہے
منع نزول کا علاج ابتدا میں [illegible] دیتا ہے کہ [illegible] ہو جاتے ہیں [illegible] لگانا [illegible]
پر بھی شروع میں نفع کرتا ہے جب [illegible] بالکل اتر آئے [illegible] مادہ [illegible]
[illegible] کہ اس کا استعمال ابتدا میں نزول الماء کو نافع ہے [illegible] برابر وزن شہد میں
ملا [illegible] ایک مثقال دیگر نافع نزول الماء ابتدا میں [illegible] شہد میں پیس کر آنکھ میں لگائیں
دیگر نافع نزول الماء ابتدا میں [illegible] ایک حصہ کوٹ اور چھان کر [illegible]
[illegible] نوشادر [illegible] سرمہ کے آنکھ میں لگانا نافع نزول الماء ہے دیگر نافع نزول الماء
[illegible] عرق لیموں کا [illegible] صبح کے وقت آنکھ میں لگائیں دیگر نافع نزول الماء
[illegible] زیادہ ہونے نہیں دیتا ہے [illegible] ببول کے [illegible] میں [illegible]
لکڑی کے دستے [illegible] اس میں [illegible] کیا ہوا [illegible] کریں [illegible] ہو جائے بس
اس عورت کے دودھ میں [illegible] چالیس پہر [illegible] استعمال کریں [illegible]
[illegible] جب خشک ہو جائے
[illegible] لگائیں [illegible] روئی میں [illegible] بنا کر
[illegible] دوا کا [illegible] عورت کے
دودھ میں [illegible] دوا نافع خیالات [illegible]
[illegible] شہد میں [illegible] آنکھ میں لگائیں [illegible] ہو جائے گا
دوا نزول [illegible] سفید رنگ بصری توتیا ایک درم باریک پیس کر [illegible] میں کھرل
کریں یہاں تک کہ [illegible] بعد اس کے گولیاں بنا کر رکھیں اور وقت
حاجت کے عورت کے دودھ میں گھس کر لگائیں دوا کہ ابتدا میں اس کا استعمال کرنے سے نزول الماء

کو نفع کرتا ہے سرخی گھٹتی کا سفیدہ سا مصفا پانی میں تر کر کے گھول کر کے گولیان بنا کر آنکھ مین لگائین دیگر
دو یا چند کے واسطے مجرب ہو اگر ابتدا ئے مرض مین استعمال کرین زیادہ نہین ہونے دیتی
دو عدد لیمون کاغذی کا عرق لیکر جاتوا لگا کے سنگ مین خوب حل کر کے سنگ مین تھوڑا پانی
ڈال کر دو رات دن رکھین پھر سنگ کو پانی سے دھو کر اسی طرح لیمون کے عرق مین حل کر کے
پانی ڈال کر دو رات دن رکھین اور دھوئین اسی طرح سے پچیس مرتبہ کر کے چینی یا شیشے کے برتن
مین رکھین اور دو دانہ خشخاش کے برابر لگایا کرین دیگر تخم ریل کا سرمہ لگانا نزول آب سے امان
دیتا ہے دوا آدمی کے کان کا میل ہینگ برابر شہد مین پیسکر آنکھ مین لگایا کرین دودھ مچھلی کھانا
نزول ماء کو نقصان کرتا ہے **فصل آنکھ اور پلکون کی خارش کا علاج** پہلے فصد سر مین
بعد اس کے ادویہ خارش کا استعمال کرین علاج مادہ ہلیلہ زرد پیسکر آنکھ پر ضماد کرین آنکھ اور پلکون
کی خارش کو نافع ہے کحل شعر خارش چشم کو نافع انسان کے سر کے بال جلا کر باریک پیسکر آنکھ مین لگائین
دوا انڈے کا چھلکا جلا کر باریک پیسکر آنکھ مین لگائین کحل زیب اکثر آنکھ کی بیماریون کو نافع ہے
زیب کو آبجوش سے مین رکھ کے گل حکمت کر کے تھوڑی دیر آگ مین رکھین کہ اندر جلکر راکھ ہو جائے
پس راکھ کو عرق لیمون مین کھرل کر کے لگائین دوا آنکھ کی خارش و سوزش کو نافع پیسے کا میل آنکھ
مین لگائین اور پیسے کا میل اس سیاہی سے مراد ہے کہ پیسے کے ٹکڑے کو جو تیل کے تلے یا
روغن کے نیچے لگے پھر رگڑنے سے ظاہر ہو اس سیاہی کو انگلی مین لیکر آنکھ مین لگائین **فصل**
بینائی کے ضعف کا علاج اسباب اس کے بہت ہین اکثر ضعف بینائی پیری مین
بسبب ضعف دماغ و حرارت عزیزی کے ہوتا ہے یہ صحت نہین قبول کرتا مگر تدبیر سے
بقدر اٹھانا چاہیئے تاکہ زیادہ نہ ہو جائے علاج دماغ کا تنقیہ و تقویت پر شلغم خام و پختہ
کھانا بینائی کو قوت دیتا ہے اور سر مین کنگھی کرنا اور گردون کے ضعف بعد کو نفع دیتا ہے
سر پر رو کی مرتبہ کنگھی کیا کرین تاکہ بخارات آنکھ سے سر کی طرف جذب کرے شیخ الرئیس
نے لکھا ہے خالص پانی مین سر ڈالنا اور اس مین آنکھ کھولنا بھی فائدہ کرتا ہے اور خفیف ستے
ضعف بصر کو نافع ہے اور پیچھے کے جسم کی ریاضت اور اس کا دبانا اور ملنا ضعف بینائی
کو نفع دیتا ہے اور بینائی کی مضر یہ چیزین ہین بہت رونا اور پیچھے گردن کے پچھنے لگانا

اور بہت بھوکا رہنا اور بہت جماع کرنا اور سونا اور سوزاک اور جو کچھ قابض پیدا کرنے صیف
بینائی کو مضر ہو **نسخہ شربت گل منڈی** ضعف بصر و رطوبت دماغ کو نافع ہے اور بخارات
کو دماغ سے دفع کرتا ہے گل منڈی پاؤ سیر شکر سفید تین پاؤ گل منڈی کو ڈیڑھ سیر پانی مین
رات کو تر کر کے صبح جوش دین جب سوم حصہ رہے چھان کر شکر ملا کر شربت کا قوام کر کے
تھوڑا کچا رکھ تو عرق منڈی مین مقوی چشم ہے **سفوف بادیان** مجرب نافع ضعف
بصارت طب دارا شکوہی سے نقل کیا گیا ہے رات کو دو درم بادیان کوٹ چھان کر دو درم
شکر سفید کے ساتھ کھا کر سو رہین اسی طرح ہمیشہ استعمال کرین اور عطر بازیانہ سونف کے
عرق سے نکال کر آنکھ مین لگائین بہت فائدہ رکھتا ہے **حب گل یاسمین** نافع ضعف
بصر ہے چنبیلی کے پھول ڈنڈی توڑ کر کے برابر مصری ملا کر کھرل کر کے آنکھ مین لگائین دیگر نافع
ضعف بصر سنگ بصری آدھا تولہ ٹکڑے ٹکڑے کر کے دو تین کاغذی لیمون کے پانی مین
تر کرین اور مٹی کے برتن مین رکھ کر گل حکمت کر کے جنگلی کنڈون مین رکھ کر آگ دین پھر نکال کر
پیسکر آنکھ مین لگائین **حب** نافع ضعف بصر مغز تخم ہلیلہ بارہ عدد فلفل پانچ عدد سیاہ مرچ
پانچ عدد آنولہ کے عدس مین اسقدر پیسین کہ سیاہ ہو جائے پھر گولیان بنا کر پانی مین گھسکر
آنکھ مین لگائین **حب** مغز تخم ریٹھہ لیمون کے عرق مین کھرل کر کے گولیان بنا کر رکھین پھر صبح
تھوک مین گھسکر آنکھ مین لگائین **حب** نافع ضعف بصر اور سرخی آنکھ کو مفید ہلیلہ زنگی مصری
سادہ ی پیسکر گولیان باندھ کے آنکھ مین لگائین **میل** یعنی سلائی کہ اس کا عمل چند مین
ہے سیسے کو آگ مین گھلا کر تر پھلے کے پانی مین بجھائین پھر منہو کے پانی مین پھر بھنگرے
کے عرق مین پھر گھی مین بجھائین پھر شہد مین بعد اسکے سلائی بنا کر صبح آنکھ مین پھیرین
آنکھ کی سب بیماریون کو نفع دیتی ہے اور بینائی کو قوت بخشتی ہے دوا اکثر آنکھ کی بیماریون کو
نافع ہو اور اسکے ہمیشہ کرنے سے آنکھ کو صحت رہتی ہے جس وقت کہ خواب سے بیدار ہون
اپنا تھوک آنکھ مین لگائین دوا نافع ضعف بصر مغز ملکوت پانی مین پیسکر آنکھ مین لگائین
دوا ترپھلی پانی مین گھسکر آنکھ مین لگانا بصارت کو زیادہ کرتا ہے کحل نرگس نافع ضعف بصر
پارچہ گزی کو برگ نرگس کے عرق مین تر کر کے خشک کرین تین مرتبہ اسی طرح کرین بعد اسکے

بتی بنا کر چنبیلی کے تیل میں جلا کر اسکا کاجل بنا کر رکھیں بطریق انجن کے آنکھ میں لگایا کریں طلاء
آنکھ کے بخار و سرخی و ضعف بصارت کو نافع لیکن حدت تک لگانا چاہیے ہلیلہ زرد کی نہایت
عمدہ دو عدد لیموں خاص چار سرخ و نگ سرکی طرف سے بقدر نصف سب کو کنوئیں کے پانی میں
پیسکر رکھیں اور آنکھ پر لگایا کریں احیاناً اگر آنکھ میں جائے کچھ مضائقہ نہیں دوا اکثر آنکھ کی بیماریوں
اور ضعف بصر اور ابتداء نزول کو نافع ہے پانی پیاز کا شہد میں ملا کر آنکھ میں لگائیں سرمہ نافع ضعف
بصارت سیاہ مرچ سولہ عدد پیپل سات عدد چنبیلی کی کلی پچاس عدد [illegible] کے پھول آدھی [illegible] عدد بادام کھرل
کر کے سرمہ لگائیں دیگر مرچ سیاہ ایک ماشہ پوست ہلیلہ زرد دو ماشہ ہلدی [illegible]
گلاب یا پانی میں کھرل کر کے سرمہ سا کر کے آنکھ میں لگائیں دیگر نافع ضعف بصر منقول از کتاب
[illegible] سے اخروٹ دو عدد تخم ہلیلہ تین عدد دونوں کو جلا کر پیسیں اور چار عدد مرچ سیاہ ملا کر خوب
کھرل کر کے سرمہ بنائیں اور روت کو بجائے سرمہ کے ہمیشہ اُن کو آنکھ میں لگانا بہت فائدہ
رکھتا ہے عمل مقوی بصر نیب کے پھول سایہ میں خشک کر کے برابر اس کے شورہ قلمی لے کر
سرمہ کر کے سوتے وقت آنکھ میں لگائیں تیل اور ناخنہ کو بھی فائدہ کرتا ہے دوا دھنی روئی
روئی مدار کے دودھ میں تر کر کے سایہ میں خشک کر کے بتی بنا کر سرسوں کے تیل میں روشن
کر کے کاجل اس کا بہ احتیاط تمام لیکر نیب کی لکڑی میں پیسا جا کر پھول کے کٹورے میں گلاب
کے ساتھ سات روز کھرل کریں اور سلائی سے آنکھ میں لگائیں

علاج سبل ظفرہ و بیاض

سبل ایک پردہ ہے آنکھ کی رگوں میں مواد بھر جانے سے پیدا ہوتا ہے اسکو [illegible] اور پھولی
کہتے ہیں ظفرہ یعنی ناخنہ آنکھ کے بڑے کوئے کی طرف پیدا ہوتا ہے بیاض کو ہندی میں [illegible]
کہتے ہیں وہ سفیدی ہے جو آنکھ کی سیاہی پر پیدا ہو علاج پہلے فصد سر یا پیشانی کی رگ
کھولیں بعد اس کے جو دوائیں آنکھ کو جلا دینے میں استعمال کریں جب آنکھ کے درد و ناخنہ
و سبل کو نافع برگ [illegible] کا عرق ایک ایک درم چھان کر پیتل یا قلعی کے برتن میں اس چوب نیب
سے جس میں پیسہ جڑا ہو [illegible] کا قدری لیموں کے عرق میں کھرل کر کے گولیاں بنا رکھیں وقت
حاجت گھسکر آنکھ میں لگائیں جب نافع سبل و گل چشم یعنی پھولی مغز تخم سرس مغز تخم کھرنی
کوٹ چھان کر برگ سرس کے عرق میں ملا کر کھرل کر کے گولیاں باندھ کر وقت حاجت

عورت کے دودھ میں گھسکر لگائیں جب پھولی کو نافع ہے ہلیلہ زرد کی پلاس پاپڑہ نمک سنگ
صندل سرخ برابر کوٹ چھان کر گولیاں بنائیں اور پانی میں گھسکر لگائیں جب کہ سبل و سلاق
و نزول ماء کو نافع ہے مغز [illegible] ریٹھا مغز [illegible] مغز تخم کھرنی مغز تخم ہلیلہ سیاہ و سادہ ہر ایک لیموں
کے عرق میں حل کر کے کھرل کریں اور گولیاں بنا کر لگائیں جب سبل صندل سرخ ایک پھٹکری
بریان برابر کوٹ چھان کر گھیکوار کے لعاب میں کھرل کر کے گولیاں بنا کر ایک گولی گھسکر آنکھ
میں لگائیں دوا نافع ناخنہ بو علی سینا کی مجرب شہد بکری کے پتہ میں ملا کر آنکھ میں لگایا کریں
عمل مجرب کجالا کو آنکھ سے دور کرتا ہے نمک اور شکر کو زبان پر رکھیں تاکہ زبان کھرکھری ہو جائے
پس اس زبان سے آنکھ کے جالے کو چاٹیں جب کہ ناخنہ اور سفیدی اور شروع نزول آب کو
نافع ہے صابون [illegible] دام خام توتیا لال ہر ایک ساڑھے تین ماشہ صابون کو چھری سے کتر
کر [illegible] کے لوہے کے برتن میں آگ پر گلائیں بعد اسکے توتیا پیسکر صابون میں ملائیں پھر
[illegible] آگ پر [illegible] لوہے کے دستہ سے حل کریں جب سیاہ ہو جائے اتار لیں وقت
حاجت کے دانہ خشخاش کے برابر [illegible] میں حل کر کے آنکھ میں لگائیں پھر اسی طرح بعد تین روز
لگائیں دوا ناخنہ ہلدی [illegible] آنبہ ہلدی ہر ایک ایک دام برگ نیب چھ درم کوٹ چھان کر
[illegible] کے بچھڑے کے پیشاب میں دو پہر کھرل کر کے گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کر کے وقت
حاجت کے گلاب میں گھسکر لگائیں دوا نافع ناخنہ ایک گرہ ہلدی کی لیکر [illegible] اُس میں
سوراخ کر کے گیہوں کی [illegible] روٹیوں کے درمیان اس گرہ کو رکھ کر توے پر آگ سے پکائیں
جب روٹی جل جائے ہلدی نکال لیں وقت حاجت ہلدی کو پھٹکری کے ساتھ گھسکر آنکھ میں
لگائیں جب شاخ گوزن آنکھ کے جالے کو نافع ہے شاخ گوزن کو پانی میں [illegible] بعد اسکے
قندی لیموں کے عرق میں خوب پیسکر سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنائیں وقت حاجت کے گھسکر
آنکھ میں لگائیں چند روز میں شفا ہوگی سرمہ جالہ کو دور کرے اور [illegible] کو کھو دے مصری
دو جزو نمک لاہوری ایک جزو باہم پیسکر سرمہ سا کر کے آنکھ میں لگائیں ایک ہفتہ میں [illegible]
جاتا رہے گا دوا نافع سبل کبوتر یا مرغی کی بیٹ لیموں قندی کے عرق میں حل کر کے تانبے کے
برتن میں رکھیں وقت حاجت کے آنکھ میں لگائیں دیگر ابابیل کی بیٹ شہد میں ملا کر آنکھ میں لگائیں

صاحب طب فریدی نے جالہ کے واسطے مجرب لکھا ہے دوا جالہ کو نافع بارہ سینگے کا سینگ
دودھ میں گھسکر لگائیں دیگر نمک لاہوری سے سلائی بنائیں اور دن میں چند مرتبہ آنکھ میں پھیریں
ناخنہ اور جالہ کو نافع ہے دیگر نافع بیاض کبوتر یا چڑیا کی بیٹ پیسکر آنکھ میں لگائیں
دیگر نافع ناخنہ مرغی کی چربی پانی میں گھسکر لگائیں دیگر آنکھ کی کدورت اور جالہ کو نافع پرانی
لیموں کے پانی میں گھسکر لگائیں دیگر پھولے کو نافع پرانے درخت ارہر کی جڑ گھسکر لگائیں دیگر
کہ بیاض کو دور کرے برگد کے درخت کا دودھ آنکھ میں بھریں دیگر نافع بیاض بینگن کی جڑ پانی
میں گھسکر لگائیں دیگر نافع پھولا مغز تخم تربز تخم شیشے تیل میں پیسکر آنکھ میں لگائیں دیگر کف دریا
پیسکر لگائیں اور بعضے کف دریا ہونے کے تیل میں پیسکر لگاتے ہیں دیگر نافع بیاض گل لالہ
شہد میں باریک پیسکر لگائیں دیگر لڑکوں کی پھنسی کو نافع مصری اس عورت کے دودھ میں
کہ بیٹا رکھتی ہو پیسکر لگائیں دیگر سوختہ پھٹکری نمک لاہوری مساوی باریک کوٹ چھان کر
ہر روز آنکھ میں لگائیں تاکہ جالا کھودے دوا نافع بیاض گڑ کا کھجلا ایک پیسکر لگائیں دیگر
گل یاسمن کہ ضعف بصر میں مذکور ہو جائے کو نافع ہے دوا نافع ظفرہ پانی سرخ پیاز کا چند روز
آنکھ میں لگائیں دیگر تیزپات باریک کرکے آنکھ میں لگانا دافع ظلمت بصر ناخنہ سلاق ہے
دوا کہ باصرہ کو قوت دے اور ناخنہ اور بیاض اور اکثر بیماریوں کو مفید ہے شورہ قلمی بہت سفید
باریک پیسکر ہلدی بقدر رنگ کے ملاکر لگائیں دوا دافع ناخنہ سرخ پھٹکری اور سفید پانی میں
پیسکر لگائیں شورہ دافع سبل ریٹھی ایک عدد مصری ایک مثقال انزروت مدبر تین مثقال [illegible]
شیاف اخضر نافع سبل و ناخنہ وخارش زنگار صمغ عربی سفیدہ کاشغری مساوی پیسکر پانی
سے شیاف بناکر خشک کرکے رکھیں وقت حاجت پانی میں گھسکر لگائیں قطور نافع بیاض چشم
دو تولہ آملہ کچل کر پانی میں دو گھنٹہ جوش دیں اور صاف کرکے ہر روز تین مرتبہ آنکھ میں
لگائیں سرمہ دافع سبل و بیاض و ناخنہ چوڑی ہیرا ایک دام پیسکر باریک عرق لیموں میں خوب
کھرل کریں جب خشک ہو آنکھ میں لگائیں سرمہ بیاض سبل وشکوری وجرب وحرارت و
ضعف بصر کو مفید ہے نوشادر پھٹکری مساوی باریک کوٹ چھان کر خوب کھرل کرکے
لگائیں سرمہ نافع بیاض آدھ سیر پیاز کا پانی نکال کر اس میں کپڑا تر کرکے خشک کریں

اور گرد وغبار سے محفوظ رکھیں پھر اس کی بتی بناکر پاؤ سیر شیشے تیل میں جلائیں اور کاجل اس کا پارکر
آنکھ میں لگائیں جوشاندہ اہل ہند کا بنایا ہوا سبل کو نفع دیتا ہے چند روز استعمال کرنا چاہیے
پوست بلیلہ زرد پوست بلیلہ آملہ پوست درخت نیب کچھ جواتہ تخم صندل سرخ شاہترہ خس
ہندی گل منڈی ہر ایک ایک تولہ جوش دیکر صاف کرکے ایک دام شہد خالص ملاکر پئیں
جوشاندہ نافع دیگر صندل سرخ مول ہر پوست نیب آنبہ ہلدی پوست بلیلہ زرد پوست بلیلہ
آملہ ہر ایک دو دام کٹکی تین دام مغز فلوس چار دام جواتہ تخم [illegible] دو درم سونٹھ گیج ناگرموتھا
ہر ایک ایک دام سب کو کوٹ کر ہر روز دو دام تین پاؤ پانی میں جوش دیں جب آدھ پاؤ پانی
رہجائے چھان کر دو دام شہد ملاکر چودہ روز تک اسی طرح پئیں **معجون منڈی** آنکھ کی بیاریوں کو
نافع پوست بلیلہ زرد پوست بلیلہ زنگی پوست بلیلہ کابلی آملہ سعفینا شاہترہ گشنیز ہر ایک دام
ایک تولہ گل منڈی سب دواؤں کے برابر قند سفید ہلیلات کو روغن میں چرب کرکے تقدیر [illegible]
خوراک دو تولہ **فصل دمعہ کا معالجہ** دمعہ آنکھ سے آنسو بلا قصد بہنا اور آنکھ میں حرارت رہنا
ہندی میں اسے ڈھلکا کہتے ہیں **علاج** بعد نفعیہ کے اول تنقیہ ضرر دم کا [illegible] استعمال
کریں جب کہ خارش اور دمعہ کو نافع ہے مغز تخم بلیلہ زرد دو حصہ مغز بلیلہ میں حصہ مغز تخم آملہ
ایک حصہ پیسکر رکھیں وقت حاجت کے پانی میں پیسکر لگائیں حب نافع دمعہ تخم سرس برگ بادام
بنفشہ علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کے شہد میں ملاکر گولیاں بناکر آنکھ میں لگایا کریں حب نافع
دمعہ بلیلہ زنگی مازو یا مجیٹھ پوست بلیلہ زرد مساوی پانی میں پیسکر گولیاں بناکر آنکھ میں اور آنکھ کے
گرد لگائیں شیاف کہ دمعہ اور آنکھ کی سرخی وخارش کو نافع ہے کف دریا سفید کتھ پھٹکری
بریان پوست بلیلہ زرد سوت افیون توتیا مساوی خالص پانی میں کھرل کرکے شیاف بناکر
لگائیں سرمہ نافع دمعہ تخم بلیلہ زرد سوختہ تین درم مازو نمک لاہوری ہر ایک ڈیڑھ درم
پیس چھان کر استعمال کریں اور بعضوں نے بجائے تخم بلیلہ سوختہ کے بلیلہ سیاہ سوختہ لکھا ہے
سرمہ نافع دمعہ نمک سیاہ مرچ ہر ایک ایک حصہ سبل دو حصہ کف دریا نصف حصہ سرمہ
تین حصہ ادویہ کا دوا اگر گھوڑے کے ادرک کا دانت پانی میں گھسکر آنکھ میں لگائیں نزول کو
مفید ہے دوا نافع زیادتی دمعہ تین تیتیاں شہد کی [illegible] ملاکر سات درم حقنہ بنائے

پانی میں تر کر کے خشک کریں پھر سرمہ بنا کے دودھ میں تر کر کے سایہ
میں خشک کر کے ریشمی کپڑے سے چھان کر [illegible] کریں اور اسکا عمل
سے کر [illegible] بھی اور پھٹکری بریان اور توتیا میں ملا کر رکھیں اور آنکھ میں لگائیں دوا سرخ
کو نفع دیتی ہے گندھک جلا کر گلاب میں ملا کر آنکھ کو اس سے دھوئیں اگر گلاب نہ ہو پانی کافی
ہے دوا چوب آبنوس جسکو آنکھ میں لگائیں دوا پوست بلیلہ زرد انزروت مساوی پیسکر
ذرور کریں **فصل زرقہ** یعنی کرنجا ہونا اگر پیدائشی ہے اس کا علاج نہیں مگر لکھا ہے جب
لڑکا کرنجا پیدا ہو اس کو دودھ اس عورت کا کہ نہایت سیاہ رنگ ہو پلانا چاہیے اور اگر دایہ
حبشی ہو سب سے بہتر اور شیخ الرئیس نے قانون میں لکھا ہے کہ سلائی [illegible]
چھپا کر آنکھ میں پھیریں اور اسی طرح سے [illegible] کا جگر کا باریک پیسکر لگانا فائدہ رکھتا ہے
فصل غرب وہ ایک ناسور ہے ناک کی طرف کی آنکھ کے کوئے میں ہوتا ہے جب [illegible]
دبائیں تو اس سے آلائش نکلتی ہے علاج ناسور کو آلائش سے صاف کر کے مرہم لگائیں دوا
ناسور دو ٹکڑے سنگ جراحت کے ریٹھی کے تیل میں رکھیں جب گاڑھا ہو جائے تب
اس سے آلودہ کر کے ناسور میں رکھیں دیگر چراغ کی کیٹ کہ چراغ رکھنے کی جگہ پر جم جاتی
ہے [illegible] میں لگا کر ناسور پر جمائیں دیگر برگ جھاو و تنباکو کے پھول برابر لے کر
روغن گاؤ میں حل کر کے لگائیں دوا حقہ کی [illegible] کی کیٹ افیون برابر پیسکر بتی بنائیں
دوا اسفند [illegible] ملا کے بتی بنا کر رکھیں دوا [illegible] پیس کر کپڑے
سے [illegible] کر لگائیں دیگر [illegible] برابر پیسکر ناسور پر استعمال کریں دیگر [illegible]
میں ملا کر [illegible] روغن [illegible] ہلدی کو کوٹ کر میٹھے تیل میں جوش کر کے [illegible] قطور کریں دیگر
شہد خالص آگ پر رکھ کر گاڑھا کر کے تھوڑا [illegible] اس میں ملا کر اتاریں اور بتی اس میں
ڈبا کر ناسور میں رکھیں دیگر عدس مقشر یعنی مسور اور انار کا چھلکا کوٹ چھان کر لگائیں
فصل [illegible] کا علاج پوست [illegible] بلیلہ زرد [illegible] پوست خشخاش پیسکر ضماد کریں
ضماد [illegible] ہلدی پیسکر ضماد کریں دیگر [illegible] ضماد کریں **ضماد**
[illegible] گرم پانی میں [illegible] کر لگائیں **فصل جحظ** وہ مرض ہے کہ آنکھ باہر نکل

ہوتا ہے علاج [illegible] کو سرد کر کے اس جگہ پر باندھیں موسم گرم میں **فصل شعیرا** مراض کو
[illegible] میں پروال کہتے ہیں اسکا علاج بالوں کو اکھاڑنا ہے اگر [illegible] لگائیں دوا [illegible]
بالوں کے [illegible] ملا کر [illegible] سفوف [illegible] آنکھ کی بہت بیماریوں کو فائدہ
رکھتی ہے [illegible] سایہ میں خشک کر کے کوٹ کر [illegible] برابر [illegible] ہر صبح پندرہ روز
تک [illegible] کے دودھ سے پکائیں **فصل کان کے امراض کا معالجہ** [illegible] لکھا ہے جو
شخص چاہے کہ اسکے کان جملہ بیماریوں سے محفوظ رہیں سوتے وقت کان میں روئی رکھ کر سوئے
اور کہا ہے کان میں [illegible] ٹپکائیں اب اس جگہ کان کی بیماریوں کی دوائیں ذکر کرتا ہوں
فصل درد گوش [illegible] کان کے درد کو نفع کرتا ہے اگر سردی سے ہو [illegible] انسان
کے پیشاب میں جوش [illegible] ایضاً کان کے درد کو نافع اور زخم کو آلائش سے پاک کرتا ہے برگ
[illegible] جوش دے کر [illegible] روغن [illegible] تیل ایک حصہ باہم جوش دیں جب
[illegible] چھان کر کان میں ٹپکائیں روغن [illegible] کان کی بیماریوں کو کہ سردی سے ہوں نفع
دیتا ہے [illegible] مساوی میٹھے تیل میں [illegible] ملا کر چھان کر
استعمال کریں روغن کان کے [illegible] کو نافع ہے کہ سردی سے ہو [illegible] اسپند [illegible] مساوی
پیسکر [illegible] سرسوں کے تیل میں پکائیں جب جل جائے صاف کر کے چند قطرے کان میں
ٹپکائیں روغن کان کے سرد درد کو اور سر درد کو نفع دیتا ہے [illegible] برگ
[illegible] ہلدی [illegible] برگ [illegible] اسپند [illegible] سیاہ [illegible] ہر ایک
ایک درم روغن [illegible] دو سیر [illegible] رات کو آدھ سیر پانی میں تر کر کے صبح جوش دے کر
چھان کر روغن ملا کر آگ پر رکھیں جب پانی جل کر صرف تیل رہ جائے استعمال کریں قطور نافع
درد گوش برگ [illegible] کر اس کا پانی نیم گرم چند قطرے کان میں ٹپکائیں قطور نافع
درد گوش بادی [illegible] کوٹ کر اس کا صاف عرق نیم گرم کان میں [illegible] قطور درد گوش
[illegible] کو نفع دیتا ہے برگ بھنگ کا عرق نچوڑ کر چھان کر نیم گرم کان میں ٹپکائیں قطور [illegible]
برگ بھنگ کے عرق میں آلودہ کر کے کان میں رکھیں [illegible] میٹھے تیل میں جلائیں
اور چھان کر کان میں ٹپکائیں قطور کان کے درد اور آلائش بہنے کو مفید ہے اور رات کو

پانی میں بھگو کر صبح صاف کرکے نیم گرم تین قطرے کان میں ٹپکائیں قطور کان کے
درد کو نافع جو سردی سے ہو زردچوبیاں ببول کی ڈھائی اجوائن قدرے ہلدی چنے برابر
لڑکی کے پیشاب میں پیس کر دو تین قطرے نیم گرم ٹپکائیں قطور سرس یا آک کی پتی کا عرق
نکال کر نیم گرم دو قطرے کان میں ٹپکائیں قطور نافع درد گوش تھوڑا گھی کوار گندل میں جلا کر
نیم گرم کان میں ٹپکائیں قطور کان کے درد کو کہ سردی سے ہو نافع ہے نمک سیاہ پیشاب
میں پیس کر نیم گرم قطور کریں قطور بقول شیر خوارہ کا پیشاب نیم گرم کان میں ٹپکائیں دیگر آدمی
کے سر کے بال جلا کر اس کی خاکستر روغن گل میں حل کرکے کان میں ٹپکائیں قطور برگ بکائن
گرم کرکے دو سے کان میں ٹپکائیں قطور اگر درد سردی سے ہو مرغی کا انڈے کے پیشاب
میں ملا کر نیم گرم کان میں ٹپکائیں قطور برگ ریحان نچوڑ کر نیم گرم کان میں ٹپکائیں درد کھو دیگا
قطور چقندر نچوڑ کر کان میں ٹپکائیں قطور مجرب ایک مثقال افیون جلا کر چار چاول اس کی
خاک روغن گل میں حل کرکے کان میں ٹپکائیں قطور کان میں جمے ہوئے خون کو گلا کر
نکال دیتا ہے برگ کرنب کا عرق نچوڑ کر سرکہ یا گندنے کے عرق میں نیم گرم ٹپکائیں قطور
گائے کا پتہ نیم گرم کان میں ٹپکائیں درد بیگی و تیجی کو ساکن کرتا ہے قطور مرغی کے انڈے
کی سفیدی کان میں ٹپکانا کان کے درد گرم کو مفید ہے قطور پختہ اندرائن کے پھل کے
پردہ سے تیل میں ملا کر ٹپکانا اور بچانسے کو نافع ہے قطور رائی کا تیل کان کے سدہ
کو کھولتا اور دوی بہرے پن کو دفع کرتا ہے دیگر بورہ ارمنی یعنی پٹھری کھاڑ نیم گرم پانی
میں ملا کر ٹپکانا اور درد کو تسکین دیتا ہے دیگر گھیکوار کا عرق شہد کے ساتھ درد گرم کو
دفع کرتا ہے قطور برگ خرفہ کا عرق روغن کے ساتھ درد گرم کو تسکین دیتا ہے قطور
پیاز کے عرق میں انڈے کی سفیدی ملا کر ٹپکانا نافع ہے ضماد کان کی سختی کو کہ حرارت
سے ہو نافع ہے پٹھری کھاڑ پیس کر ضماد کریں **فصل طرش** اونچا سننے کو کہتے ہیں اگر ابتدا
میں ہو تنقیہ کریں جب بہت دنوں کا ہوتا ہے نہیں جاتا ہے اس واسطے لازم ہے کہ
جلد اس مرض میں حسب ایارج سے جس کا ذکر ہو چکا ہے تنقیہ دماغ کا کریں بعدہ
اس کے دوا کان میں ڈالیں قطور نافع گرانی گوش برگ زرد مدار کہ خود زرد ہو

آگ پر گرم کرکے اس کا عرق کان میں ٹپکائیں اسی طرح دو ہفتہ تک کریں قطور نافع گرانی گوش
لہسن میں بکری کا پتہ ملا کر تھوڑے تیل میں جوش دے کر نیم گرم کان میں ٹپکائیں قطور
اونچا سننے کو زائل کرتا ہے اونٹ کا پیشاب نیم گرم کان میں ٹپکائیں ایضاً سیاہ گائے کا گور کا
پیشاب ہوا میں کی آنچ پہ اور دین جب پانچ دام باقی رہے صاف کرکے شیشے میں رکھ کر
ہر روز ڈھائی قطرے کان میں ٹپکائیں قطور پیاز کا عرق شنگرف میں ٹپکانا نقص سماعت اور
بھنبھناہٹ اور درد اور کان کے بہنے کو فائدہ کرتا ہے روغن اندرائن نقص سمع اور
کان کی بہر بہراہٹ کو نافع ہے تازہ اندرائن کا پھل روغن کنجد میں جوش دے کر صاف کرکے
رکھیں دو تین قطرے کان میں ٹپکائیں **نفیخ** بہرے پن کو نافع ہے دو عدد مرچ سیاہ پیس کر حیوانی
میں رکھ کر ہر روز ایک بار کان میں پھونکیں اور جلانے کی صدا اور نقارہ اور گھڑ نال اور توپ وغیرہ
کی آواز سننا گرانی گوش کو فائدہ کرتا ہے کہ یہ کان کے واسطے ریاضت محلل ہے دیگر پیاز کا
سرکہ میں حل کرکے چھان کر نیم گرم کان میں ٹپکائیں **فصل قرحہ گوش** یعنی کان کا زخم جس وقت
کان سے آلائش نکلنے لگے جلد دوائے خشک کا استعمال نہ کرنا چاہیے کہ اس سے درد پیدا
ہو جاتا ہے بلکہ اس آلائش کو دوا سے پاک کریں بعد اس کے دوائے خشک ڈالیں اور شہد
کان میں ٹپکانا یا بتی شہد میں آلودہ کرکے کان میں رکھنا کان کی آلائش کو پاک کرتا ہے اور درد
کو تسکین دیتا ہے اور برگ شبت کا پھلا لینا بھی کان کی آلائش کو صاف کرتا ہے قطور زخم
کان کو نفع دیتا ہے پیاز کا عرق بیضہ مرغ کی سفیدی میں ملا کر قطور کریں قدار روغن جیب
اور شہد ملا کر بتی اس میں تر کرکے کان میں رکھیں قطور کان کے زخم کو نافع ایلوا کف دریا
گیرو کندر ہر ایک قدرے روغن گل میں پیس کر سرکہ ملا کر کان میں ٹپکائیں قطور دودھ
بکری کا کان میں ٹپکائیں قطور لڑکے کے پیشاب میں پوست انار جوش دے کر صاف کرکے
کان میں ٹپکائیں دیگر پھٹکری بریان مرغی ہر ایک برابر شہد میں ملا کر اس میں بتی تر کرکے
کان میں رکھیں ذرور سہاگہ بریان پیس کر نلکی میں رکھ کر کان میں پھونک کر اس کے اوپر
چند قطرے عرق لیموں کے ٹپکائیں ذرور کہ آلائش نکلنے سے مانع ہو اور زخم کو بھر دے
خصوص لڑکوں کو بہت مفید ہے کشتہ صدف کان میں ذرور کریں قطور خارش اور پیپ بہنے

عوض پودینہ ملاتے ہیں اور بعضے [illegible] سہ چند میں قوام کرتے ہیں دیگر [illegible] کو مفید ہے
سہاگہ بریان تین تولہ شہد چار تولہ ملا کر رکھیں سوتے وقت تین انگلی اس میں سے لے کر چاٹیں
دیگر بلغم کے دفع کرنے میں بے مثل ہے کا پھل سونٹھ پھکر مول کا کڑا سینگی بھارنگی دار فلفل مساوی الوزن
کوٹ چھان کر شہد میں ملا کر روز ایک دام کھایا کریں دیگر [illegible] ہلدی پیپل آنبہ ہلدی سیاہ جیرہ
نمک سیاہ چتیہ سہاگہ بریان ہر ایک ایک دام تجی آدھا دام کوٹ چھان کر خوراک ایک مثقال
گرم پانی سے دیگر کا کڑا سینگی پھکر مول بھارنگی کا پھل برابر کوٹ چھان کر سونٹھ بھگو کر اس کے
پانی میں تر کر کے صبح و شام ایک ایک ماشہ کے برابر کھائیں دیگر ضیق النفس اور کھانسی کو مفید ہے
ہلیلہ بہیڑہ دونوں ایک ایک حصہ کوٹ چھان کر خوراک ایک ماشہ صبح اور ایک ماشہ شام
اور دو درم ریٹھا ہر روز کھانا ضیق النفس کو نفع رکھتا ہے دیگر قسط تلخ دو چند شہد میں ملا کر چاٹیں
ضیق النفس اور کھانسی کو مفید ہے دیگر السی چھلی سات ماشہ ملٹھی ایک تولہ پانی میں جوش دیکر
صاف کر کے پئیں دیگر بڑی کٹائی کی جڑ ٹکڑے ٹکڑے کر کے پاؤ سیر پانی میں جوش دیں جب چہارم
حصہ باقی رہے پئیں دیگر بھی کھانسی کو مفید ہے جنگلی پیاز شیطرج سونٹھ بھارنگی کٹائی بیخ جڑ اور
پتوں کے روسہ بیول کی چھال ہر ایک دو دام اور نیم کوب کر کے چھ حصہ کریں ایک حصہ کو دو سیر پانی
میں جوش دیں جب آدھ پاؤ رہے صاف کر کے پئیں دیگر ضیق النفس اور کھانسی کو نافع ہے چھوٹی
کٹائی کی جڑ گوکھرو پھکر مول پیپل بھارنگی کا کڑا سینگی ہر ایک تین ماشہ ایک سیر پانی میں جوش دیں
جس وقت آدھ پاؤ پانی رہے صاف کر کے پئیں حلوا اصل اور خشک کھانسی کو نافع ہو مغز تخم کدو شیریں

مغز تخم خیارین خشخاش نشاستہ برابر شیرہ نکال کر قند سفید یا ترنجبین یا شیر خشت یا شربت بنفشہ ملا کر پئیں
حلوا اگر مرض سینہ اور سل اور کھانسی اور دق اور قرحہ امعا کو مفید ہے اور قوت دینے والا اور تر کرنے والا
دماغ کا ہے نشاستہ کو پانی میں جوش دیکر شکر ملا کر قوام کریں پھر شیرہ تخم خشخاش مغز تخم کدو ملا کر حلوا بنائیں
فصل مرض سل کا علاج سل ریہ کے زخم کو کہتے ہیں اور دق جس کا [illegible] ہے اس مرض میں کھانسی
اور تپ لازم ہے کبھی کھانسی سے خون بھی نکلتا ہے اور بیمار روز بروز دبلا ہوتا جاتا ہے ہر چند کہ یہ مرض
علاج پذیر نہیں ہے مگر تا کہ مریض جلد نہ مر جائے اول فصد باسلیق کھولیں پھر کھانسی اور تپ کا علاج
کریں حب کہ سل کو نفع دیتی ہے سنگ جراحت زہر مہرہ کتیرا سفید صمغ عربی نشاستہ تخم خشخاش
سفید تخم خطمی گل سرخ ہر واحد ایک درم افیون ایک ماشہ کوٹ چھان کر گولیاں بنائیں اور بھی شدت
تپ میں تھوڑا کافور موافق مزاج کے ملایا جاتا ہے قرص سرطان سل اور دق کو نافع ہے کیکڑے
جلا کر دس درم نشاستہ تخم خشخاش سفید تخم خشخاش سیاہ ہر واحد دس درم تخم خرفہ سیاہ [illegible]
بیکوفتہ ہر واحد تین درم صمغ عربی کتیرا ایک ایک درم لعاب اسپغول میں قرص بنائیں خوراک دو درم
خشخاش کی چٹنی کا نسخہ سہل سل کے مرض میں حکیم [illegible] خان کا مجرب ہے خشخاش سفید
بیکوفتہ دس درم اسپغول تین درم آدھ سیر پانی میں جوش دیں جب آدھا پانی رہے آدھ سیر قند
میں قوام کریں اور پسے خشخاش سفید صمغ عربی ہر ایک دو درم پیس کر ملائیں خوراک ایک تولہ دوا
سل کو نافع ہے ملتانی مٹی دو مثقال پیس کر پئیں فصل ذبۃ الاطفال کا علاج ذبۃ الاطفال پسلی کا عارضہ
جو لڑکوں کو ہوتا ہے اس میں تپ اور کھانسی اور پسلی کا دبنا عارض ہوتا ہے یہ دو طرح پر ہے ایک وہ
کہ مادہ اس کا گرم ہو اس میں تپ بھی ہوتی ہے اس سے چندان اندیشہ نہیں ہے اس میں سات
روز تک اشیاء تبرید جس سے اندر کے اعضا پھل جائیں مانند تو تیا کے جھنڈی اور [illegible] گوٹھا اور [illegible]
اس کے نہیں اور بہتر ہے تدبیروں سے تسکین کرتے جانا چاہیے کہ التماس جناب [illegible]
تشخیص کریں دوسری وہ کہ بلغم کے مادہ سے ہو اس میں تپ اور سوء تنفس بھی ہوتا ہے اول کی نسبت اس میں
خطرہ ہے حب کہ ذبۃ الاطفال کو نافع ہے [illegible] تو تیا سبز ہلیلہ زرد پوست بہیڑہ تخم [illegible] مساوی
ہر ایک پیس کر گولیاں بنائیں وقت حاجت کے تھوڑے گھی میں ملا کر پلا کریں حب دیگر [illegible]
اور نمک برابر [illegible] گولیاں بنائیں [illegible] روز دو تین روز میں نفع ہو جائے گا حب دیگر

تخم حرمل کو وایک عدد توتیا سبز خام ایک سرخ باریک پیسکر سرسون کے برابر گولیان بنا کر ایک گولی
روز کھائین حب دیگر بلیلہ کا چھال گوشہ سبزی دو درم کے مساوی الوزن لوہے کے برتن مین بجھ گئے
کے پیشاب مین جو تخم مرو ہو ہے کے دستے سے پیسکر مونگ کے برابر گولیان بنائین خوراک سن کے موافق
اسکے دودھ مین دین حب دیگر لڑکون کے دمہ کو مفید ہے اور کیڑون کو نکالتی ہے کیلہ آٹھ ماشہ
پھٹکری ایک ماشہ کوٹ چھان کر ریٹھی کے پانی مین سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنائین خوراک دودھ پیتے
ہوئے لڑکے کو ایک گولی گرم پانی کے ساتھ اور بڑے لڑکے کے واسطے سن کے موافق دین حب دبہ
اطفال کو نافع ہے چوکی لکڑی سیاہ مرچ پوست بلیلہ زرد و ترید مجوف برابر پیسکر سیاہ مرچ کے برابر
گولیان بنائین خوراک ایک گولی حب دبہ الاطفال کو مفید ہے خشک کچوا پانی مین پیسکر ایک قطرہ
لڑکے کے حلق مین ٹپکائین بہت فائدہ رکھتا ہے حب بکائن کی تی تخم گرم کرکے پہلے رینڈی کا تیل
پیٹ پر ملین اُس پر تی باندھین جوشاندہ کسم کے پھول ایک ماشہ دو درم لڑکے کے پیشاب مین
جوش دین جب نصف یا چوتھائی رہے پلائین دیگر جو انصر کی جڑ دو ماشہ پانی مین جوش دیکر لڑکے
کو پلائین ضماد دبہ الاطفال کو مفید ہے صمغ عربی ایک تولہ ایلوا چھ ماشہ کوٹ چھان کر مکو کے عرق
مین ملا کر لگائین فائدہ اہل ہند کے نزدیک نمونہ تجربے ایک حب گھوڑچڑھی ہے یعنی تاثیر اسکی
بیمار کو مرض سے خلاص کرنے مین اُس شخص کے مانند ہے کہ جو گھوڑے پر سوار ہو اور یہ نسخہ
جوگیون کا ہے اس کو حب سیکس لوالی بھی کہتے ہین نسخے اس کے بہت ہین دو ایک نسخے سہل اس جگہ
لکھتا ہون اکثر بیماریون کے واسطے نافع ہین نسخہ ضماد دبہ الاطفال کے لیے جو بغیر تپ کے ہو نہایت
مفید ہے حب گھوڑچڑھی پارہ گندھک ہڑتال سونٹھ سیاہ مرچ پیپل پوست بلیلہ زرد پوست
بہیڑہ آملہ سہاگہ مقشر تخم دھتورہ ریحان کے پتون کا عرق مساوی لے کر اول پارہ اور گندھک خوب پیس کر
باقی ادویہ لوہے کے برتن مین ڈال کر لوہے کے دستے سے بھنگرے کے عرق مین تین روز پیسکر مونگ کے
برابر گولیان بنا کر ایک گولی روز کھایا کرین دوسرا نسخہ حب گھوڑچڑھی کا پارہ ایک ماشہ گندھک
شدھ ایک دو درم سیاہ مرچ تین درم سہاگہ چار درم پوست بلیلہ زرد آٹھ درم رینڈی سبات
درم جمالگوٹہ مدبر آٹھ درم لاچی چوتھائی درم کوٹ چھان کر گولیان بنائین فائدہ یہ گولیان دفع
ضیق النفس کے واسطے بلیلہ و بہیڑہ اور ادرک کے ساتھ اور زکام کے واسطے شکر کے ساتھ اور کھانسی

خشک کے لیے ابشرہ کے عرق کے ساتھ اور دفع زہر کے واسطے گیارہ گولیان جرجرہ کے عرق کے ساتھ
اور دفع ریاح کے واسطے شہد کے ساتھ اور تپ تیزی کے واسطے عرق بادیان کے ساتھ کھانا اور لگانا
بکری کے پیشاب مین رگڑ کر سفید داغ کے لئے مفید ہے اور انگور کے جالے کے واسطے عورت کے دودھ
مین رگڑ کر لگانا اور دفع طاعون کے لئے لیمون کے عرق مین اور ریگی بیماریون کے واسطے ادرک کے
پانی سے ایک گولی گل جانا نافع ہے **فصل ذات الجنب** یعنی پہلو کے درد کا علاج اگر درد کے ساتھ تپ
اور کھانسی بھی ہو فصد باسلیق کھولین اور باقی علاج اس کا جو کتابون مطولہ مین مذکور ہے کرین اگر
ذات الجنب ریح اور سردی سے ہو علامت اس کی انتقال کرنا درد کا ہے ایک جگہ سے دوسری جگہ
اور تپ نہین ہوتی ہے دوا پہلو کے درد کو جو ریح اور سردی سے ہو مفید ہے قدرے سونٹھ اور تھوڑی اجوائن
کی جڑ تھوڑی پانی مین جوش کرکے نیم گرم پلانا درد پہلو کے واسطے کہ بغیر تپ کے ہو نافع ہے دھماسی جڑ لڑکے
کے پیشاب مین پیسکر موضع درد پر لگا کر دھوپ مین بیٹھین اور جنگلی کنڈون سے سینک کرین ضماد
بارہ سنگھے کا سینگ سیاہ مرچ پانچ عدد پیسکر نیم گرم ضماد کرین دوا نافع درد سینہ وغیرہ ادرک آدھا ماشہ پیسکر
پانچ ماشہ قند سیاہ ملا کر حلوہ بنا کر کھائین بعضے اسکے برابر سونٹھ بھی زیادہ کرتے ہین دیگر نافع درد سینہ
مہندی کی پتیان پکا کر کھائین دیگر مصفی شہد ملا کر جوش کرکے پینا درد سینہ و ضیق النفس کو نافع ہے
فصل سعال یعنی کھانسی کا علاج جو کھانسی کہ ذات الجنب اور ذات الصدر اور ذات الریہ و ورم
جگر اور سل وغیرہ کے سبب سے ہو علاج اس کا دفع کرنا اس مرض کا اور کھانسی کی کچھ کیفیت یہ
ہے کہ کبھی خشک ہوتی ہے کہ اس مین کوئی چیز نہین نکلتی اور کبھی تر ہوتی ہے کہ اس مین بلغم نکلتا ہے
اور سینہ مین درد بھی ہوتی ہے علاج بلغمی مین بعد نضج کے تنقیہ بلغم کا کرین اور خشک مین ادویہ مرطب
استعمال کرین حب اس کھانسی کو نافع ہے جو بلغم سے ہو کاکڑاسینگی کوٹ چھان کر سیاہ مرچ کے برابر
گولیان بنا کر منہ مین رکھین دیگر تر و خشک کھانسی کو مفید ہے ملٹھی مقشر کتیرا صمغ عربی نشاستہ
مصری مساوی کوٹ چھان کر چنے کے برابر گولیان بنا کر منہ مین رکھین دیگر مجرب کھانسی کو نافع ہے
بہیڑے کے چھلکے بلیلہ زرد دونون مساوی لے کر ادرک کے شیرہ مین مونگ کے برابر گولیان بنا کر
منہ مین رکھین دیگر سیاہ مرچ تخم چنے بھون کر مقشر کرکے مساوی الوزن لے کر ادرک کے شیرہ مین
گولیان بنائین دیگر ایک ہفتہ مین کھانسی کو دور کرنے ہلدی ایک درم تخم سفید چوتھائی درم

کھانا بہتر ہے جو ہو سکے برودت خشک کرنے والی اور دیر ہضم ہے اور باجرہ و جوار کی روٹی نفخ خشک
اور قابض اور معدہ کو ضرر کرتی ہے جو کی روٹی باجرہ سے جلد ہضم ہوتی ہے گو وہ سرد و خشک
اور نفاخ ہے جاننا چاہیے کہ بہتر خوراک انسان کے لئے گوشت ہے بموجب فرمانے پیغمبر صلی اللہ
علیہ وسلم کے کہ بہترین طعام دنیا اور آخرت گوشت ہے اور پرند جانوروں کا گوشت چارپایوں کے
گوشت سے سبک ہے پرند جانوروں میں مرغ تیتر بٹیر تذرو چرز کا گوشت بہتر ہے اور
چارپایوں میں بکری بھیڑ فربہ بہتر خصوصاً گوشت ان کے بچوں کا بہتر ہے گو ہرن کے گوشت
میں گرمی زیادہ ہے اور بھینس اور اونٹ اور گائے کا گوشت غلیظ ہے کس واسطے کہ جس قدر حیوان
بڑا اور جسیم ہو گوشت اس کا غلیظ ہوتا ہے اور گوشت میں ترکاری ڈال کر روٹی سے کھانا غذائے
دوائی ہے سادہ قلیہ اور کباب بہتر سالن ہے اور قلیہ سے گوشت جید پیدا ہوتا ہے اور کباب سے
غیر جید اور پلاؤ عمدہ غذا ہے اور شیر برنج سے منی پیدا ہوتی ہے فائدہ مشروب کے بیان میں بہتر
انہار یا کا پانی ہے بعد اس کے کنوئیں کا اور وقت پانی پینے کا تشنگی صادق ہے خواہ درمیان کھانا
کھانے کے ہو یا بعد کھانے کے دو تین گھڑی کے بعد پانی پینا اچھا ہے بعد کھانے کے فوراً درمیان میں غذا کے
پانی پینا بہتر نہیں مگر جو شخص کہ گرم مزاج ہو اور معدہ میں گرمی رکھتا ہو لازم ہے کہ درمیان غذا کے تھوڑا پانی پئے دفعتاً بہت نہ پئے
اور وقت بھوک کے پانی کم پینے ہونے کے طریقہ سے پئے یا عوض پانی کے شربت یا تھوڑی غذا
کھا کر پانی پئے کہ ضرر کم ہو اور نہار میں پانی پینا منع ہے کہ باعث پیری اور امراض بے دوا ہے اسی طرح
سے رات کو بیچ جاگنے کے پانی پینے سے نزلہ پیدا ہوتا ہے اور بعد حرکت قوی اور جماع اور غسل اور
استعمال میوہ ہائے تر مثل خربوزہ اور تربوز وغیرہ کے پانی پینا بہت نقصان کرتا ہے اور غیر وقت بہت
پانی پینا ضرر رکھتا ہے اور تانبے کے برتن بے قلعی اور شیشے کے برتن میں پانی پینا منع ہے اور
اگر سفر وغیرہ میں مختلف پانی پینے کا اتفاق ہو اس کے رفع ضرر کے واسطے تھوڑی پیاز خام کھانا
چاہیے اور جو عادی بھنگ پینے کا ہو مختلف پانی کا رفع ضرر اس سے ہوتا ہے تیسرا ستہ ضروریہ سے
سونا جاگنا ہے بہت سونا منع ہے کہ وہ پریشان خوابوں اور نقصان دماغ کا باعث ہوتا ہے
اگر عادت ہو ترک کرے اور چت سونا اس طور سے کہ سر کو تکیہ پر ایسا رکھے کہ منہ اور دونوں آنکھیں
داہنی یا بائیں طرف مائل ہوں فائدہ کرتا ہے اور ہاضم طعام ہے اور کروٹ سے خواہ داہنی ہو

یا بائیں ضرر نہیں رکھتا ہے اور نہار منہ سونا نزلہ پیدا کرتا ہے اور بھوک میں سونا بدن کو لاغر کرتا ہے
اور دھوپ میں سونا منع اور چاندنی میں مفید ہے اور بہت سونا سردی اور رطوبت کی علامت ہے
اور زیادہ جاگنا گرمی اور خشکی کی نشانی ہے اور سونے اور جاگنے میں اعتدال بہتر ہے یعنی نہ زیادہ
جاگے نہ بہت سوئے اس واسطے کہ زیادہ جاگنا ضعف اور تباہی کا باعث ہے اور بہت سونا
ماندگی اور کندی حواس کا موجب ہے چوتھا ستہ ضروریہ سے احتباس اور استفراغ ہے یعنی مواد
صالحہ کا روکنا اور مواد فاسدہ اور فضلات سے بدن کو خالی کرنا انسان کو دو دفعہ اجابت طبع صحت
بدن کی موجب ہے اور مجالست قبض الدم ہے کہ جب شوربوں اور پالک کے ساگ اور مزلقات
یعنی پھسلانے والی چیزوں وغیرہ سے طبیعت کو مجیب کریں اور اشیائے قابضہ سے پرہیز کریں
کہ قبض سے بھوک جاتی رہتی ہے اور اگر زیادہ دو وقت سے طبیعت مجیب ہو اور پاخانہ نرم ہو تو قابضات
کا استعمال کریں بہر صورت خیر الامور اوسطہا پر عمل کریں پانچواں ستہ ضروریہ سے اعراض نفسانی ہیں
ان میں سے ایک غصہ دوسری خوشی ہے ان دونوں سے روح کو باہر کی طرف حرکت ہوتی ہے
اور گرمی اور سردی کا اثر بدن میں معلوم ہوتا ہے کہ ظاہر بدن گرم اور باطن سرد ہو جاتا ہے
تیسری دہشت چوتھا غم اور ان دونوں سے روح کو اندر کی طرف حرکت ہوتی ہے ظاہر بدن سرد اور
باطن گرم ہو جاتا ہے پانچواں شرمندگی اس میں روح اول اندر کی طرف حرکت کرتی ہے پھر باہر کی
طرف اس لئے کسی وقت ظاہر گرم ہو جاتا ہے اور کبھی سرد باطن اس واسطے شرمندہ کا منہ کبھی سرخ ہو جاتا ہے
اور کبھی زرد چھٹا ستہ ضروریہ سے حرکت اور سکون ہے حرکت بدن کی باعتدال جسم کو گرم اور فضلات کو
تحلیل کرتی ہے اور بہت حرکت برخلاف اس کے یعنی جسم کو سرد کرتی ہے اس وجہ سے کہ اس سے
حرارت غریزی کی تحلیل ہو جاتی ہے اور زیادتی سکون کی ہضم طعام پر معاونت کرتی ہے اور چلنا اندازہ
مقدار معین سے یعنی طعام کو قعر معدہ سے قعر معدہ میں پہنچاتا ہے فائدہ ریاضت عام یعنی وہ ریاضت
کہ جس میں سب اعضا بدن کے متحرک ہوں کیا ہے بدن ہے اعضا کی ہیئت کو درست کرتی ہے
اور دافع امراض اور محلل فضلات و موجب قوت مزاج و حفظ صحت بدن کی ہے اور خاص ایک عضو
کی ریاضت باعث قوت اس عضو کی ہے لائق باعتدال ہونا بلا افراط اور دلک یعنی ملنا اور دبانا
بھی ایک قسم کی ریاضت ہو کر فضول کو تحلیل کرتا ہے مگر بہت دلک سے جسم دبلا ہو جاتا ہے

کوٹ چھان کر گھیکوار میں پیسکر چھوٹے بیر کے برابر گولیاں بنا کر صبح و شام ایک گولی کھایا کریں
دیگر سیاہ مرچ سہاگہ کاکڑا اسینگی ونگ پھٹکری بھارنگی پوست ہلیلہ چھل لاہوری نمک چنے
برابر سب ادویہ کے ہموزن سونٹھ ملا کر کوٹ چھان کر لیموں کے عرق میں کھرل کر کے چھوٹے
بیر کے برابر گولیاں بنا کر سوتے وقت ایک یا دو گولی کھائیں دیگر لڑکوں کی کھانسی کو جو بلغم سے
ہو سہاگہ نصف خام نصف بھون کر اس کے برابر سیاہ مرچ لے کر ادرک کے عرق میں کھرل
کر کے چنے کے برابر گولیاں بنا کر استعمال کریں دیگر پھوٹ نکلی ہوئی ملٹھی کاکڑا اسینگی خولنجان پوست
ہلیلہ بالائی جوش دیگر ببول کی چھال [illegible] چنے کے برابر گولیاں بنا کر منہ میں رکھیں دیگر کھانسی
و ضیق النفس کو نافع ہے سیاہ مرچ پیپل [illegible] اکتالیس [illegible] سہاگہ بریاں کتھ سفید ہر واحد ایک درم
افیون آدھا درم کوٹ چھان کر ایک پہر ادرک کے عرق میں کھرل کر کے سیاہ مرچ کے برابر گولیاں
بنا کر منہ میں رکھیں دیگر پوست ہلیلہ زرد مغز [illegible] کاکڑا اسینگی سیاہ مرچ ملٹھی مساوی کوٹ چھان کر
چنے کے برابر گولیاں بنا کر منہ میں رکھیں دیگر تھوڑی خشخاش بریاں کر کے پیسکر تھوڑا لاہوری نمک
اور سیاہ مرچ ملا کر [illegible] کے برابر [illegible] تین بار کھایا کریں دوا شلغم [illegible] کر کے تنور میں پکا کر
پانی نچوڑ کر [illegible] مصری ملا کر پلائیں حب بلغمی کھانسی کو نافع ہے ملٹھی سیاہ مرچ بریان کر کے
برابر [illegible] مصری ملا کر کوٹ چھان کر چنے کے برابر گولیاں بنا کر رات کو دو گولی منہ میں رکھیں
حب دیگر پوست ہلیلہ [illegible] کاکڑا اسینگی بھارنگی دار فلفل پھٹکری سہاگہ [illegible] لاہوری
نمک [illegible] بریان کر کے چھوٹے بیر کے برابر گولیاں بنائیں اور ایک گولی صبح ایک شام
دوا کھانسی و بلغمی کو نفع دے [illegible] کے بیج پیسکر چار ماشہ کے برابر [illegible] نمک کھائیں دوا
[illegible] لاہوری نمک میں ملا کر [illegible] کھایا کریں [illegible]
[illegible] کھانسی کو تسکین دیتا ہے دوا سرد [illegible] کو نافع ہے [illegible]
[illegible]
[illegible] کھانسی کو نافع ہے دوا [illegible] کو نفع دیتی ہے [illegible]
[illegible] صبح [illegible] کھانسی کے واسطے مفید ہے [illegible]
[illegible] پانی میں [illegible] شیرہ [illegible] مغز بادام [illegible]

دوا نمک لاہوری نمک سانبھر نمک سیاہ [illegible] نمک نفطی سہاگہ سب ادویہ برابر لے کر مٹی کے
کوزے میں رکھ کر اوپر سے گل حکمت کر کے آدھ گز کا گڑھا ایک کھود کر اس میں جنگلی کنڈے
بھر کر کوزہ اس کے اندر رکھ کر جلائیں جب سرد ہو جائے نکال کر پیسکر اس کے برابر صمغ عربی ملا کر
ایک ماشہ روز کھایا کریں **سفوف** کھانسی کو مفید ہے ترپھلا لاہوری نمک پوست انار مغز تخم
[illegible] کے تنوں کی راکھ [illegible] ہر واحد ایک حصہ پیپل سیاہ مرچ ہر ایک آدھا حصہ کوٹ
چھان کر سفوف بنا کر ایک ماشہ صبح و شام کھایا کریں تین روز میں آرام ہوگا **سفوف دیگر**
پوست انار [illegible] مرچ کاکڑا اسینگی ہر واحد چھ ماشہ لاہوری نمک سیاہ نمک ہر ایک
دو پوست ہلیلہ دو تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنا کر ہر روز چند مرتبہ کھایا کریں **سفوف دیگر**
کاکڑا اسینگی ملٹھی مغز ببول کا گوند پوست خشخاش پیپل [illegible] برابر کوٹ چھان کر سفوف بنائیں
خوراک تین ماشہ **شربت زوفا** سرفہ کو نافع ہے ملٹھی مغز بادیان تخم خطمی پر سیاوشان
ہر ایک دو درم زوفا خشک ہر واحد ایک درم [illegible] پوست خشخاش مع تخم بارہ عدد [illegible]
شکر میں بنائیں **املتاس کا گلقند** کھانسی اور [illegible] کو نفع دیتا ہے املتاس ایک حصہ قند
دو حصہ بدستور گلقند بنائیں خوراک ایک تولہ **املتاس کی چٹنی** ملین طبع ہے اور بلغم کو سینہ سے
دفع کرتی ہے اور کھانسی کو مفید ہے املتاس پانی میں حل کر کے تین حصہ شکر میں قوام کریں خوراک
دو تولہ عرق بادیان یا اس کے شیرہ کے ساتھ **بالم کی چٹنی** بلغمی کھانسی کو نافع اور [illegible]
[illegible] کرنے سے نافع ہے دوا [illegible] بالم کوٹ کر شہد میں ملا کر چاٹیں دیگر سرسوں پیس کر
شہد میں ملا کر چاٹنا تر کھانسی کو نفع دیتا ہے دیگر کھانسی اور دمہ اور سوء تنفس اور خرخر کرنے کو
نافع ہے سونٹھ دو درم شہد خالص تین درم سیاہ مرچ [illegible] کاکڑا اسینگی ہر ایک چھ ماشہ
اسپغول خراسانی ہر واحد چار ماشہ کوٹ چھان کر شہد میں ملا کر [illegible]
[illegible] میں ملا کر دیں **خشخاش کی چٹنی** اس کھانسی کو جو نزلہ سے ہو نافع ہے پوست خشخاش
مع تخم [illegible] عدد [illegible] اس کے برابر بادیان تخم خطمی ہر واحد ایک تولہ آدھ سیر پانی میں جوش دیں
جب نصف باقی رہے صاف کر کے پاؤ سیر شکر میں قوام کریں بعد قوام کے ملٹھی مغز [illegible] درم
صمغ عربی ایک درم کتیرا آدھا درم پیسکر ملائیں سوتے وقت اور صبح کو ایک تولہ اس سے چاٹا کریں

گوندی کی چٹنی کھانسی کو نافع ہے گوندی بسے کر لعاب اس کا نکال کر مساوی شکر سے قوام
مین لاوین اور آخر قوام مین تھوڑا ببول کا گوند پیس کر ملا کر استعمال کرین دیگر کھانسی اور سرفۂ اطفال
کو نافع ہو کاکڑا سینگی ملٹھی اتیس پیپل صمغ عربی مساوی کوٹ چھان کر شہد مین ملا کر چاٹین دیگر نافع
سرفہ صمغ عربی ڈیڑھ تولہ کتیرا نشاستہ ہر واحد ایک تولہ ملٹھی بنفشہ آدھا تولہ قند سفید بارہ درم عالمگیری
اور کبھی حرارت کے وقت تخم خرفہ ایک تولہ اضافہ کرتے ہین دیگر لڑکون کے خرخر کرنے اور کھانسی
کو مفید ہے اور اس کا ہمیشہ کھانا موجب ذہن اور توانائی لڑکون کا ہے کاکڑا سینگی پیس کر شہد مین ملا کر
لڑکے کو چٹائین خوراک عمر کے موافق دیگر کھانسی کو جس مین بلغم چپکنے سے قوت سے زیادہ ہو دفع
نکال کر کاکڑا سینگی دار فلفل ملا کر چاٹین دیگر ناگر موتھا ملٹھی کوٹ چھان کر شہد مین ملا کر تھوڑا اس سے
وا سے دو درم مین ملا کر لڑکے کو دین **چٹنی** مولف کی ایجاد کھانسی کو مفید ہے ملٹھی بنفشہ بیر منقے
ہر ایک چار درم پوست خشخاش [illegible] سات عدد لسوڑے سات عدد انجیر سادہ تین عدد
سولف کی جڑ زوفا ہر واحد ایک درم سب کو تین پاؤ پانی مین جوش دین جب پاؤ سیر باقی رہے صاف
کر کے پاؤ سیر قند مین قوام کرین پھر مغز بادام نشاستہ تخم خطمی ہر ایک چار درم کاکڑا سینگی دو درم
رب السوس صمغ عربی ہر واحد ایک درم فلفل دراز آدھا درم عرق ایک ماشہ پیس کر ملائین خوراک
ایک مثقال سے دو مثقال تک **جوشاندہ** مولف کا ایجاد کھانسی کو فائدہ رکھتا ہے گاؤزبان
ایک مثقال بادیان ایک درم ملٹھی چار درم پوست خشخاش ایک عدد صمغ عربی آدھا درم لسوڑے
[illegible] ایک درم [illegible] گیارہ دانہ عصری مین جوشاندہ بنا کر استعمال کرین دیگر گیہون چار درم
پاؤ سیر پانی مین جوش دین اور دو ماشہ یا ایک ماشہ لاہوری نمک ڈالین جب سوم حصہ باقی رہے
صاف کر کے پئین ایک ہفتہ مین کھانسی دور ہووے دیگر اس کھانسی کو جو نزلہ سے ہووے جلد اثر
کرتی ہے پوست خشخاش ڈنٹھی اس کی دور کر کے چار عدد لاہوری نمک دو ماشہ آدھ پاؤ پانی
مین جوش دین جب سوم حصہ باقی [illegible] پئین **فصل نفث الدم کا علاج** نفث الدم
خون تھوکنے کو کہتے ہین اگر تھوڑا سا خون آئے سینہ کی حرارت سے ہے اور اگر بے کھنکھار کے
آئے دماغ سے ہے اور جو کھانسی مین آئے حلق اور سینہ اور جگر سے ہے علاج اگر دماغ سے
خون آئے فصد سر کھولین اور جو سینہ سے آئے فصد باسلیق اور جو معدہ کے اجزا سے آئے

فصد چار رگ کی لین **قرص کہربا** نفث الدم اور زیادتی حیض اور خون کے پیشاب کو نافع ہے کہربا
دو درم خرفہ [illegible] گل جلایا ہوا افسول دھنیا بھونا ہوا نشاستہ گل ارمنی اقاقیا کتیرا ہر واحد ایک
درم لیکر قرص بنائین خوراک دو درم **قرص گلنار** نفث الدم کے واسطے نافع ہے گلنار چار درم جو کی
سرکہ بیج دھنیا ہر ایک دو درم کتیرا صمغ عربی [illegible] ہر واحد ایک درم قرص بنائین خوراک دو درم
اور جو حیض کی احتیاج ہو ایک دانگ افیون زیادہ کرین دوا صمغ عربی ملتانی مٹی کتیرا سفوف بنا کر
سات ماشہ شیرہ خشخاش شیرہ اور [illegible] ملا کر پئین دوا گیرو کندر گلنار صمغ عربی مساوی پیس کر آملہ کے
شربت مین ملا کر کھائین **دوا عجیب** نفث الدم و بند الدم کے واسطے ببول کی کونپل اناری کی چھال
آملہ ہر واحد چار ماشہ دھنیا دو ماشہ رات کو پانی مین تر کر کے صبح پیس کر صاف کر کے تھوڑی مصری یا شکر
ملا کر پئین **جوشاندہ** خون تھوکنے کو مفید ہے [illegible] کی پتیان ہر واحد ایک تولہ جوش دے کر
صاف کر کے دو درم صمغ عربی پیس کر ملا کر پئین جیسا نافع [illegible] ایک تولہ رات کو پانی مین بھگو کر صبح
کو صاف کر کے پئین **شربت حب الآس** خون کے تھوکنے کو جو خفقان اور اسہال کے ساتھ ہو
نافع ہے حب الآس چار درم صندل کا برادہ تخم خرفہ کتیرا ہر واحد دو درم شکر سفید پاؤ سیر قوام مین لائین
اور بعد سرد ہونے کے صمغ عربی بریان ایک درم پیس کر زیادہ کرین دوا خون کے تھوکنے کو نافع ہے
پالک کی پتیان اگر خشک ہون آدھا تولہ اور اگر تر ہون ایک تولہ پیس کر شہد مین ملا کر کھائین دوا دو درم
خرفہ کا شیرہ پینا نفث الدم کو دور کرتا ہے دیگر نفث الدم اور قے کو بہت مفید ہے گوگل بھی پانی مین پیس کر ایک
درم کے برابر کھلائین دیگر تخم خطمی چھوٹی [illegible] مین کوٹ چھان کر پانی مین ملا کر پئین دیگر افیون [illegible]
نفث الدم کو نافع ہے اور جو [illegible] کہ خون تھوکنے کو مفید ہے [illegible]
مشہور [illegible] اور اس کی کونپل کا عرق خون تھوکنے کو نافع ہے **فصل قلب کے امراض کا علاج**
خفقان یعنی دل کا ہول اور دھڑکا [illegible] ہے ایک وہ کہ سبب اس کا قلب مین ہووے دوسرے وہ کہ
کسی دوسرے عضو کی شرکت سے ہووے مانند معدہ و جگر اور دماغ اور امعا اور رحم وغیرہ وکے جو
ہول دل کسی عضو کی شرکت سے ہووے اس عضو شریک کا علاج کرین اور [illegible] کا تنقیہ کرین
اور خفقان سادہ مین تعدیل مزاج کی کافی ہے تدبیر [illegible] خفقان گرم کے واسطے نافع ہے صندل
کا برادہ تین مثقال رات کو اگر گلاب ہو بہتر نہین تو پانی مین بھگو کر صبح جوش دے کر صاف کر کے [illegible]

شکر مین قوام کرین اگر قوام پتلا ہو اُس کو شربت صندل کہتے ہین اور اگر گاڑھا کرنا چاہین معجون کا عرق
ملائین شربت گاؤزبان کہ مقوی دل اور خفقان کو نافع ہے گاؤزبان پاؤ سیر قند ایک سیر بدستور
شربت بنائین شربت ابریشم دل کو قوت دیتا ہے ابریشم خام چالیس درم تین روز پانی مین بھگو کر جوش
کرین جب تیسرا حصہ پانی رہ جائے اُسی جوش مین سازج بالچھڑ ہر ایک دو مثقال برادہ صندل دانہ الائچی
ہر ایک چار مثقال تھیلی مین باندھ کر ڈالین پھر جلد ملکر صاف کرکے آدھ سیر قند مین قوام کرین شربت
شگوفہ عنبر یعنی روئی کے پھولون کا شربت دل کو نہایت قوت و فرحت دیتا ہے اور وسواس سوزش
اور ابتدائے جنون کو دفع کرتا ہے شگوفہ عنبر گلاب مین اگر گلاب نہ ہو پانی مین جوش دین جب آدھا پانی
باقی رہے دو وزن قند مین قوام کرین خوراک دس درم تک زرشک ترہ کا شربت گرم دل کو قوت دیتا ہے
مؤلف نے تکرار کیا یا زرشک ترہ کا مغز بھٹون سے نکال کر بیج دور کرکے نچوڑ کر پانی خالص اس کا لے کر
برابر قند مین قوام کرین اور آخر قوام مین تھوڑا گلاب ملائین شربت انناس مؤلف کا ترکیب دیا ہوا
انناس کا پانی ایک حصہ قند دو حصہ بدستور قوام مین لائین اور اگر تھوڑا گلاب و مشک زیادہ کرین بہتر
اور قوی العمل ہوگا شربت برگ تنبول سرد دل کو قوت دیتا ہے اور نسیان و لقوہ و ضعف باصرہ
کو دفع کرتا ہے برگ تنبول کوٹ کر پانی مین جوش دیکر صاف کرکے آدھ سیر شکر کے ساتھ
قوام کرین اگر اس مین تھوڑا گلاب ملائین قوی ہووے دواء المسک بارد خفقان گرم کو نافع
اور مقوی دل ہے زہر مہرہ گھسا ایک درم گلاب کے پھول کشنیز خشک تخم خرفہ صندل گلابی بہمن
سپید ہر ایک دو درم گاؤزبان جاشیر ایک درم مشک آدھا درم شکر سفید دو چند شہد برابر دواء
المسک حار خفقان سرد کو مفید ہے زرنباد بالچھڑ ماشہ سونٹھ پیپل ہر واحد ایک درم سازج ہندی
بڑی الائچی کے دانے ہر ایک دو درم لونگ مشک آدھا آدھا درم شہد چند جوارش سازج
ہندی خفقان سرد کو زائل کرتی ہے اور ارواح کو نگاہ رکھتی ہے اور حواس و معدہ اور تن کو
قوت دیتی ہے اور پسینے کی بو کو بہتر کرتی ہے اور محلل ریاح اعضا اور حسن بدن کی ہے اور دافع جذام
ذہن ہے اور درد سر اور سودا و فاسدہ اور دشواری ولادت اور استسقا کو نافع ہے سازج ہندی
بسباسہ دو درم شکر پاؤ سیر بدستور جوارش بنائین خوراک چار درم تک جواہر مہرہ نسخہ سہل
مقوی دل ہے زہر مہرہ گھسا ہوا عقیق سنگ یشب بسد مونگا ہر ایک دو حصہ گلاب مین گھسکر

نارجیل دریائی جدوار طباشیر ہر واحد ایک حصہ گلاب مین گھسکر سب ادویہ جمع کرکے گولی کرکے
غلولہ بنائین اور بعد چوبے مہرے چکنا کرکے اُس پر سونے کے ورق لگائین وقت حاجت کے چاندی
کے برابر گلاب مین گھسکر پئین گلقند ماہتابی یعنی دل گرم کو نافع ہے چاندنی کے پھول سو عدد قند
سو درم گلقند بنائین اور تھوڑا گلاب ملا کر چالیس رات چاندنی مین رکھین خوراک ایک تولہ گلقند
سیوتی ہندوستان کے اگلے طبیبون کا مستعمل ہے خفقان کو دفع اور طبیعت خوش کرتا ہے سیوتی کے پھول
پنکھڑی سبز اُس کی دور کرکے زیرہ نکال کر دو چند قند مین ملاکر شیشہ مین بھرکر چالیس رات چاندنی مین
رکھین اور دو تین عدد گل سیوتی غلاف سبز اور زیرہ اُس کا دور کرکے چابنا اور کھانا خفقان کو نافع ہے
گڑہل کا گلقند دل اور حواس اور ذہن کو قوت دیتا ہے اور فرحت زیادہ کرتا ہے اور بالخاصیت دافع
وحشت ہے گڑہل کے پھول بہتری اُس کی نکال کر دو چند قند مین ملاکر رکھین ہارسنگھار کا گلقند بجہت
تقویت دل اور خفقان گرم کے واسطے بے مثل ہے ہارسنگھار کے پھولون کی ڈنڈی دور کرکے سفیدی
اُس کی لے کر دو چند شکر ملاکر شیشے مین بھرکر چالیس رات چاندنی مین رکھین اور صبح کو ایک تولہ اُس مین سے
کھایا کرین دوا گرم خفقان کے واسطے صندل سرخ آدھا تولہ آملہ دھنیا ہر ایک پانچ ماشہ آدھ پاؤ پانی
مین بھگو کر صبح پانی صاف اُس کا لیکر دو دام شکر سفید ملاکر پئین چشاندہ خفقان بارد کے واسطے گاؤزبان
دو درم لونگ چار عدد جوش دیکر تھوڑی شکر ملاکر پئین معجون مقوی دل مربائے آملہ مربائے ہلیلہ
ہر ایک دو عدد گاؤزبان دو درم صندل گھسا ایک درم گلاب کے پھول دو درم تخم خشک یعنی الم کی
گاؤزبان کے پھول ایک دام گلقند نسرین چار تولہ کشنیز ایک مثقال قند سپید دوا چنبے کے پھول
تر و تازہ چار عدد دو دام شہد مین ملاکر کھائین دیگر خفقان گرم کو نافع ہے گلقند کی جو دو کے چار عدد
چھوہارون کا شیرہ پانی مین نکال کر قند سے میٹھا کرکے پئین دیگر ہول دل گرم کے واسطے بے مثل ہے تخم ریحان
ایک تولہ رات کو پانی مین بھگو رکھین دو دام شکر ملاکر پئین سے گل جائین دیگر اسپغول ایک تولہ
لعاب اُس کا نکال کر تھوڑی شکر ملاکر پئین دیگر خفقان گرم اور تسکین طبیعت کے واسطے مفید ہے
املی پانی مین بھگو کر پانی اُس کا لے کر شکر سفید ملاکر پئین دیگر پان کھانا ہول دل سرد کو فائدہ کرتا ہے
اور افیون کھانا خفقان گرم کو نافع ہے جوارش ترنج سادہ خفقان صفراوی کو مفید ہے اور معدہ
کی بیماری اور تے اور متلی کو بھی فائدہ کرتی ہے دیگر جوارش خفقان کو نفع دیتی ہے چنے کی دال چار درم

حرارت کو فائدہ دیتا ہے حمدہ دام پانی میں بھگو کر صبح خوب مل کر شکر ملا کر نوش کریں اور ترشی وبادی سے پرہیز کریں
دیگر میوہ پانی میں پیس کر دونوں شانوں کے درمیان لگائیں دیگر صاحب خلاصۃ التجارب نے اپنے
تجربات میں لکھا ہے کہ چقندر کو چولھے میں رکھیں بعد تھوڑی دیر کے نکال کر پوست دور کرکے گرم گرم
ورق اس کے تراش کر چھری کی پیشانی سب دونوں پر چپکائیں اس سے پانی بیٹھا نکلے گا اس کو نکالیں
اسی طرح چند بار استعمال کریں عرق بیس خس کا عرق نکال کر استعمال کریں خفقان گرم اور
تپش کو دفع کرتا ہے مولف نے کئی مرتبہ عرق نکال کر استعمال کیا اس عرق میں تھوڑا شکر سفید ملائیں
یا خمیرہ بنائیں یا تھوڑا خس کا عطر اس میں ملا کر استعمال کریں خفقان کو مفید اور تپ کی حرارت کا
دافع ہو دیگر بیدمشک کا عرق قلب کو قوت دیتا ہے اور خفقان کو دفع کرتا ہے کشنیز مقشر گاؤزبان ہر واحد
دو تولہ الائچی کے دانے چنبیلی کے پھول گاؤزبان کے پھول گلاب کے پھول صندل کا برادہ ہر واحد
پانچ تولہ عود غرقی ایک تولہ مشک ایک ماشہ گائے کا دودھ پانچ سیر پانی میں موافق ضرورت کے عرق
کھینچیں میوہ عباسی گل عباسی سرخ رنگ ایک سیر پیس کر عرق کھینچیں پھر گلاب ملائیں پھر شکر ملا کر قوام کریں
آخر قوام میں تھوڑا زہرمہرہ اور طباشیر پیس کر ملا کر خمیرہ بنائیں **فصل غشی کا علاج** غشی جس وقت حرکت
بیکار ہوجانے کو کہتے ہیں اسباب غشی کے بہت ہیں مثل ضعف دل اور بہت سے بخارات ردی اور بدبو تنفس
کی طرف قلب کے ہر حال غشی میں سرد پانی منہ پر چھڑکیں اور خوشبو سنگھائیں اگر غشی مزاج کی حرارت
سے ہووے تو گلاب یا پانی سے تر کرکے سونگھانا مفید ہے اور جو سردی سے ہووے مشک سونگھائیں
اور لوبان کا دھواں دیں اور پاؤں ملنا اور قے کرانا غشی کو فائدہ دیتا ہے اور فاقہ کے وقت غشی کا
سبب دریافت کرکے علاج کریں شیخ الرئیس نے لکھا ہے کہ کیلا سونگھانا بالخاصیت غشی کو دفع کرتا ہے
فائدہ کبھی سپاری کھانے سے غشی عارض ہوتی ہے علاج اس کا جلد تھوڑا پانی پلائیں اور ٹھنڈک میں
اور سرد پانی سے دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کے سرے دھوئیں اسی واسطے سپاری کا نقل کھانے سے
کر دو سیکنڈ چھپاتا ہے منع کیا ہے مگر جو سپاری منہ میں رکھ کر لعاب اس کا نگل جائیں اور تفل دور کریں
دل کو قوت دیتا ہے **فصل پستان یعنی چھاتی کی بیماریوں کا علاج** ضماد اگر ڈھلکی ہوئی پستان کو سخت کرے
بڑی کٹائی اور چھوٹی کٹائی کی جڑ پوست انار کندوری کی جڑ مولسری خام برابر باریک پیس کر ضماد کریں
طلا اگر جیل بڑھنے چھاتیوں کے استعمال کریں چھاتیوں کو بڑھنے سے کندرو کی جلا کر برابر پیس کر

ہر ہفتے میں تین مرتبہ لگایا کریں طلا چمگادڑ کا خون کبھی کبھی لگایا کریں ضماد گنجائی کہ پستان میں پیدا
ہوتی ہے چالیس عدد لیکر نمک میں ڈالیں جب اچار کے انتال ہی ملا کر لگائیں پستان کو سخت کرتا ہے
ضماد برگ کا رشیہ جو زمین پر پھیلتا ہو سرخ زرد اور سرخ اس کے لیکر خشک کرکے پیس کر پانی میں لگائیں
طلا لہابو اسگندھ کی جڑ ہر روز پیس کر لگائیں ضماد کہ دودھ کو جو گرمی و خشکی کے سبب سے جم گیا ہووے
بہاتا ہے مونگ ماش کے چاول دونوں کو پیس کر گرم لگائیں ضماد نافع ورم پستان گل پھول کو
نرمی افیون گیرو ہر واحد ایک ماشہ پیس کر گرم ضماد کریں انار کے پوست کا روغن ملنا پستان کو سخت اور
سرخ کو تنگ کرتا ہے انار کا پوست ایک سیر تخم مازو خرد نیم کوفتہ آدھ پاؤ چار چند میٹھے پانی میں جوش دیں
جب ایک سیر پانی رہے تل کا تیل برابر اس کے ملا کر جوش دیں جب پانی جل کر روغن رہ جائے استعمال کریں
طلا جو تنگ کر کے انار کا پوست چھاؤ باریک پیس کر دودھ میں ملا کر رات دن میں دو بار تھوڑا تھوڑا لگائیں
ضماد اور کے پتے سرکہ میں پیس کر ضماد کریں جو اشتہا کی پستان پانی میں جوش دیکر ورم کو اس سے دھوئیں
دیگر اس کی گرم کر کے باندھیں سفوف کہ دودھ زیادہ کرے سونف ستاور ساوی کو چھان کر
سفوف بنائیں اور چنے بھگو کر اس کے پانی کے ساتھ یہ سفوف پھانکیں چند روز میں دودھ زیادہ ہووے
اور بعضوں نے لکھا ہے کہ چنے کو دودھ میں بھگوئیں ضماد کہ دودھ کی زیادتی کو کم کرے تخم کاہو مسور
زیرہ سرکہ میں پیس کر ضماد کریں **فصل معدہ کے امراض کا علاج** معدہ کا درد اگر گرانی اور کھانے
کے فساد سے کہ ہضم نہ ہونے سے عارض ہوا ہے علاج گرم پانی میں نمک ملا کر قے کریں اور جب تک
نہ معلوم ہو سکے کہ نہ کھائیں اور اشتہا کے وقت غذا نرم و زود ہضم کھائیں اور اگر درد ریح کی وجہ سے انتقال
کے ساتھ ہووے گیہوں کی بھوسی اور نمک یا باجرہ یا کلتھی کی پوٹلی میں باندھ کر گرم کرکے سینکیں
اور اجوائن سادہ کا عرق پینا فائدہ رکھتا ہے جوارشات وار طفل کی جوارش ریح کو دفع اور کھانے کو
ہضم کرتی ہے اور معدہ اور باہ کو قوت دیتی ہے اور رطوبات کو معدہ سے جذب کرتی ہے پانچ درم
بیل گری کو پیس کر پاؤ سیر شکر میں قوام کریں سونٹھ کی جوارش ریاح غلیظ اور درد معدہ بارد کو دفع کرتی ہے
اور ہاضم طعام اور دافع نسیان ہے اور معدہ اور جگر سرد کو گرم کرتی ہے سونٹھ پیس کر پانچ مثقال آدھ سیر
شکر میں قوام کریں اور بعضے سونٹھ کو لیموں کے عرق میں تین روز بھگو کر خشک کر کے پیس کر شکر میں قوام
[illegible]

دو درم قند سفید یا آدھ سیر قوام مین ملا کر جوارش بنائین اگر ترش کرنا چاہین عرق لیمون بقدر مناسب
زیادہ کرین جوارش کشندری ملطفی اسہال کو نافع ہو طعام کو ہضم کرتی ہے اور معدہ بارد کو قوت دیتی ہے
کشندر بڑی الائچی ہر واحد دو درم سونٹھ خولنجان اجوائن ہلیلہ کلونجی چھوٹی الائچی کے دانے
سیاہ مرچ ہر واحد ایک درم شکر سرخ چند جوارش آملہ سادہ معدہ کو قوت دیتی ہے آملہ کا شیرہ
پچیس درم عرق گلاب ہو بہتر ورنہ پانی مین نکال کر آدھ سیر شکر مین قوام کرین اور آخر قوام مین پانچ
درم مصطگی ملائین جوارش اجوائن سادہ ہاضم طعام اور بھوک کو زیادہ کرتی ہے اور دافع ریح
ہے اجوائن لیمون کے عرق مین تر کر کے بعد خشک کرکے دس درم پیسکر آدھ پاؤ شکر مین قوام کرین
جوارش خولنجان سادہ ریح کو دفع کرتی ہے اور ہاضم طعام ہے اور معدہ اور جگر کو قوت دیتی ہے
اور معدہ کی رطوبت اور بلغمی ڈکار اور درد گردہ بارد کو دفع کرتی ہے شکر پاؤ سیر قوام مین پانچ درم
خولنجان پیسکر بدستور ملائین کلونجی کی جوارش بلغم کو دفع کرتی ہے اور ریاح غلیظ معدہ کو تحلیل
کرتی ہے اور جانورون کے زہر اور دیوانے کتے کے کاٹے کو نافع ہو اور [illegible] کیڑون کو مارتی ہے
اور حیض اور پیشاب کو جاری کرتی ہے اور سنگ گردہ و مثانہ کو مفید اور درد رحم و گردہ کے درد کو دفع
کرتی ہے اور تپ فرسودہ بلغمی اور سوداوی کو نافع ہے پانچ درم کلونجی ایک رات سرکہ مین بھگو کر خشک
کرکے بھون کر آدھ سیر شکر مین قوام کرین جوارش کمونی معدہ کے درد کو نافع ہے زیرہ سیاہ پچیس
درم ہلیلہ دس درم سیاہ مرچ دس درم بورہ ارمنی ڈھائی درم شہد سرخ چند ادویہ کا جوارش کمون
دیگر معدہ کی ریاح اور مزاج کی سردی کو نافع ہے اور معدہ کو قوت دیتی ہے اور غذا کو جلد ہضم کرتی
ہے زیرہ سیاہ [illegible] مثقال سونٹھ دس مثقال اجوائن پیپل ہلیلہ [illegible] ہر ایک دو مثقال
شہد [illegible] جوارش مصطگی کہ معدہ کی سردی کو نافع اور مقوی اور زود ہضم ہے نسخہ اس کا سیلان
لعاب مین مذکور ہوا جوارش فرنج معدے کی ریاح کو نافع ہے نسخہ پستان کے امراض مین بیان
ہو چکا [illegible] معجون انیسون معدے کے درد کو مفید ہے [illegible] چھ درم سونٹھ اجوائن سیاہ زیرہ
ہر ایک تین درم بڑی الائچی کے دانے سونف سیاہ مرچ ہر واحد دو درم قند سرخ چند جوارش انیسون
مقوی معدہ ہاضم ہے اور بھوک و اسہال کو نافع اور معدے کے نفخ اور ریاح کو دور کرتی ہے
انیسون [illegible] سرکہ مین بھگو کر سایہ مین خشک کرین پھر تھوڑی بریان کرکے دس درم کوٹ چھان کر آدھ سیر

شہد مین قوام کرین جوارش خبث الحدید بھوک لاتی ہے اور معدہ کو مفید اور باہ کو زیادہ کرتی
ہے اور رنگ کو بہتر کرتی ہے اور بواسیر کو نافع ہے پوست ہلیلہ کابلی پوست بہیڑہ آملہ مصطگی سونٹھ
الائچی کے دانہ ہلیلہ گلاب کے پھول ہر ایک برابر خبث الحدید مدبر بعض نے کہا ہے کابلی ہلیلہ کو کوٹ
چھان کر گھی مین چرب کرکے برابر ادویہ کے قند یا شہد مین ملائین خوراک ایک درم سے دو مثقال تک
اطریفل کبیر معدہ کو قوت دیتا ہے اور ریح کو دفع کرتا ہے اور رنگ کو بہتر کرتا ہے پوست ہلیلہ زرد
و پوست ہلیلہ کابلی پوست ہلیلہ سیاہ آملہ کوٹ چھان کر روغن مین چرب کرکے پیپل سیاہ مرچ ہر ایک
چھ درم سونٹھ شیطرج [illegible] مغز تخم خشخاش سفید [illegible] ہر واحد دو درم سرخ چند شہد مین
ملائین نوشدارو طعام کو ہضم کرتی ہے اور بھوک لاتی ہے گلاب کے پھول چھ درم ناگر موتھا پانچ
درم بڑی الائچی کے دانے چار درم ہلیلہ اسارون خولنجان ساذج ہر واحد تین درم تج زرنب
مصطگی پوست ترنج ترنجبین ہر ایک دو درم شیرہ آملہ آدھ سیر قند ایک سیر بدستور معجون بنائین حب
نمک معدے کے ریاح کو نافع ہے اور مقوی معدہ ہے اور ہچکی کو دور کرتی ہے اور ہاضم طعام ہے
نمک طعام نمک لاہوری نمک سیاہ ہر ایک تین مثقال پودینہ ترنجبین ہر واحد پانچ مثقال پوست
ہلیلہ زرد پوست بہیڑہ آملہ پیپل سیاہ مرچ [illegible] سونٹھ سیاہ زیرہ نمک [illegible] ہر ایک نو مثقال [illegible]
آٹھ درم سونف اجوائن ہر ایک بیس درم کوٹ چھان کر ادرک کے عرق مین خمیرہ کرکے خشک کرین
پھر آدھ پاؤ [illegible] کے پانی مین ملا کر خشک کرکے کوٹ چھان کر عرق لیمون مین بیر کے برابر گولیان
بنائین حب تلیین طبیعت کو نرم کرتی ہے اور ہاضمہ کو قوت دیتی ہے پوست ہلیلہ زرد سونٹھ پیپل ناردان
سناے مکی ترنجبین [illegible] ہر واحد ایک حصہ قند [illegible] گولیان بنائین حب سنا قبض اور ریح
اور [illegible] کو دفع کرتی ہے سناے مکی پوست ہلیلہ زرد سیاہ مرچ ہر واحد ایک درم سونف مصطگی بادیان
درم کوٹ چھان کر پانی مین گولیان بنائین خوراک دو مثقال صبح کے وقت اگر زیادہ حاجت
ہو دونون وقت کھائین سہاگہ کی حب بھوک لاتی ہے اور معدہ کے درد کو دفع کرتی ہے
سہاگہ دو درم اجوائن ساڑھے دس درم سیاہ مرچ بارہ درم ایلوا اصول درم کوٹ چھان کر گھیکوار
کے شیرہ مین کھرل کرکے چنے کے برابر گولیان بنائین خوراک ریاح کے واسطے تین گولیان اور
رفع قبض کے لئے دو گولی اور پیٹ بڑھ جانے کے واسطے مجرب ہے حب ہاضم طعام [illegible]

رائی قند سیاہ ہموزن لیکر بیر کے برابر گولیاں بناکر ایک گولی پانی سے نگل جائیں جب پوست ہلیلہ
زرد سنا مکی ہر ایک چار درم سونٹھ ایک درم منقےٰ ڈھائی درم شکر پانچ درم کوٹ چھان کر جنگلی
بیر کے برابر گولیاں بنائیں خوراک ایک گولی سوتے وقت حسب حاجت کھانے کو ہضم کرتی ہے اور
ریاح اور قے اور معدے کے تنفخ کو دفع کرتی ہے اور بھوک لاتی ہے سونٹھ دو حصہ سہاگہ بریاں پوست
ہلیلہ زرد و نمک ہینگ ہر واحد ایک حصہ سہجنہ کی جڑ کا شیرہ یا اس کے پتوں کے عرق میں
جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں دیگر کہ بھوک لائے اور طبیعت کو بے عیب کرے پوست ہلیلہ زرد شیرہ
آملہ سیاہ نمک سنا مکی برابر کوٹ چھان کر لیموں کے پانی میں گولیاں بنائیں ایک تولہ یا کم و زیادہ موافق
مزاج گرم پانی کے ساتھ سوتے وقت کھائیں جب ضمیر قبض کو دفع کرتی ہے اور پیٹ اور پہلو کے
درد کو نافع ہے اجوائن ایک دو درم سیاہ مرچ ہنگوٹ کے پھل کا مغز ہر واحد ایک دام کوٹ
چھان کر لیموں کے عرق میں چنے کے برابر گولیاں بنائیں خوراک چار گولیاں گرم پانی سے جب کہ
بھوک لاتی ہے پوست ہلیلہ زرد سونف پودینہ لاہوری نمک چوک ترش ہر واحد ایک تولہ سونٹھ
سیاہ مرچ پیپل چیتہ اجوائن … ماشے تین ماشہ دو عدد لیموں کے پانی میں پیسکر گولیاں بنائیں جب
اجمود سیاہ نمک چوک ترش ہر ایک دو تولہ اجوائن دو ماشہ و نمک سیاہ مرچ ہر واحد ایک ماشہ اور
کوٹ چھان کر … ملاکر گولیاں بنائیں خوراک ایک ماشہ بعد غذا کھانے کے کمال ہے پوست ہلیلہ ہندی
دو … غذا کو ہضم کرتی ہے اور بھوک لاتی ہے … اور استسقا کو مفید ہے اور … کو بھی
کرتی ہے پیپل ہلیلہ اور نکون … کو لیموں کے عرق یا ترنج کی کشتی میں خمیر کرکے ایک مٹکے
کو اندر سے خالی کریں اس میں یہ دوا بھریں اور … ایک تیز … اگر اس میں وزن
… اور دوسرے میں تیزی اور کھٹائی کم ہوتی ہے حسب … دافع قبض اور ہضم اور ریاح اور
… کو نافع … کے لئے مفید ہے ہلیلہ سیاہ چار دام …
سونف ہر ایک دو دام … ایک دام کوٹ چھان کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں خوراک
ایک گولی حسب … ریاح کو کھو دیتی ہے اور طعام کو ہضم کرتی ہے اور بیضہ کو نفع دیتی ہے
لاہوری نمک اندرانی نمک سانبھر نمک سیاہ نمک … پوست ہلیلہ زرد … کا پوست آملہ
سونف اجوائن ہر واحد ایک درم سیاہ زیرہ سفید زیرہ ششطرج سونٹھ سیاہ مرچ پیپل سہاگہ نوشادر

سنا مکی ہر واحد چھ ماشہ ہینگ بھون کر ایک ماشہ سب دوائیوں کو باریک پیسکر چوبیس عدد لیموں
کے عرق میں کھرل کرکے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بناکر ایک گولی روز کھایا کریں جب معدہ کی
ریح کو دفع کرتی ہے پوست ہلیلہ زرد دو سونٹھ سیاہ نمک بادرنگ ششطرج ہینگ سنا مکی کوٹ چھان کر
… قند سیاہ و کمنہ میں ملاکر بوزن چھ ماشہ کے گولیاں بناکر گرم پانی سے صبح کو کھائیں سفوف
نمک سیاہ بھوک لاتا ہے اور ہاضم ہے اجوائن ششطرج ہر ایک سات درم پیپل دو درم پوست ہلیلہ زرد دو
درم سونٹھ بارہ درم سیاہ نمک پچاس درم کوٹ چھان کر لیموں کے عرق میں تین مرتبہ پیسکر خشک کریں
خوراک دو درم … معدہ کے درد کو نافع ہے مغز تخم کسوم ایک تولہ پانی میں شیرہ نکال کر دو تولہ
شکر ملاکر حریرہ پکاکر نیم گرم پئیں دوا بھوک کے لئے عجیب ہے پانچ عدد لیموں کے عرق میں چالیس روز
کھرل کرکے دو رتی کے برابر پان میں کھائیں دیگر سونٹھ دو دام سونف ایک دام ہینگ تین دام
کوٹ چھان کر لیموں کے عرق میں قرص بناکر توا کو آگ سے گرم کرکے قرص کو اس پر رکھیں
جب سرخ ہو جائے پیسکر بقدر حاجت کھائیں دیگر معدے کے درد کو مفید ہے سرس کی چھال
سیاہ مرچ بارہ عدد پیسکر … دیگر اجوائن سیاہ نمک بھنگرے کے شیرہ میں ملاکر کھائیں دیگر بھوک لانے
کے واسطے بہت نافع ہے دام … کی صورت اور … مانند جوتری کے ہوتی ہے ایک تولہ کھرل
میں باریک پیسکر اس میں پارہ ملاکر … تک کھرل کریں جب خوب مل جائے صبح کو ایک دو چاول
کے برابر پانی میں رکھ کر کھایا کریں اور جاڑوں کے موسم میں چالیس روز تک کھائیں تاکہ فائدہ اس کا
ظاہر ہو اور چونکہ پارہ دوا میں خام ہے نقصان بھی نہیں کرے گا دیگر بھوک کے واسطے مفید ہو اجوائن
کھیکوا کے پانی میں … خشک کریں بعد اس کے لیموں کے عرق میں سات بار بھگو کر خشک کرکے
موافق مزاج کے کھائیں ترکلا یہ لفظ ہندی ہے اس کے معنی تین دوا سونٹھ سیاہ مرچ پیپل برابر وزن
کے کر کوٹ چھان کر کھائیں دافع ریاح اور ہاضم طعام ہے چترچاک ہندی لفظ ہے معنی اس لفظ
کے چار دوا … تیز پات ناگ کیسر الائچی سنا مکی کوٹ چھان کر سفوف بناکر اس کے برابر قند ملائیں معدہ
کو نافع اور ریاح کو دفع کرتا ہے سرخ ہڑتال کا … اس کو … بھوک لاتا ہے اور
باہ کو قوت دیتا ہے اور کھانسی اور دمہ کو دفع کرتا ہے چھ درم بیسہ … ایک دام سرخ ہڑتال کی … جنگلی
… میں یعنی … ہڑتال … اس پر ڈال کر … سے

جلانے جائیں پھر اتار کر سرد کریں بعد اس کے گلا کر ایک درم ہرتال کی چٹکی دیں اسی طرح چار دفعہ گداز
کرکے چار درم ہرتال کی چٹکی دیں بعد اس کے دو درم پارہ اور ایک درم مردہ سنگ ملا ہوا چار پہر تک
برگ تلسی کے عرق میں خوب پیس کر دو سکوروں میں رکھ کر گل حکمت کرکے گجپٹ آگ دیں جب سرد ہو جائے
نکال کر کھیکوار کے لعاب میں چار پہر کھرل کرکے بدستور آگ دیں پھر بھنگرے کے پانی میں چار پہر کھرل
کرکے اسی طرح آگ دیں خوراک آدھی رتی پان میں گجپٹ آگ اسے کہتے ہیں کہ ایک گز لمبا چوڑا ایک
گز کا گہرا اور عمق بھی اس کا ایک گز کا ہو کھود کر اس میں کنڈے بھر کر دوا کو درمیان میں اس کے
رکھ کر آگ دیں **پچکول** پانچ دوا سے مراد ہے پیپل پیپلا مول چاب چیتہ سونٹھ کوٹ چھان کر سفوف
بنائیں اشتہا پیدا کرتا ہے اور ریح اور بلغم کو دفع کرتا ہے **روغن بید انجیر** اس معدے کے درد کو جو
ریح سے ہو نافع ہے ارنڈ کے بیجوں کا عرق نکال کر برابر تیل میں جلائیں جب عرق جل جائے پیٹ پر
ملیں **روغن سنبت** درد بادی کو تحلیل کرتا ہے اور ریح کو نافع ہے سوئے کے بیجوں کا عرق نصف اسکا
روغن کنجد ملا کر اسی میں جلائیں اور بعضوں کے نزدیک روغن کنجد چوتھائی وزن چاہیے **چکنی کا تیل**
بھوک کو نافع ہے چکنی خشک چار سیر پیس کر چھان کر دس سیر اور کسنے کے شیرہ میں کھرل کرکے قرص بنا کر
دس سیر تیل میں بریان کریں جب قرص جل جائے تیل کو چھان کر رکھیں اور دو ماشہ اس میں سے
کھایا کریں **سفوف** پیٹ کے درد کو نافع ہے ترپھلا ترکٹا ہینگ لاہوری نمک پیپلا مول مقشر
اکلیل الملک شیطرج چاب مساوی کوٹ چھان کر سفوف بنائیں خوراک ایک درم سے دو درم تک
سونٹھ کا سفوف معدے کی رطوبت کو زائل کرتا ہے اور بھوک لاتا ہے سونٹھ دس درم سونف
پانچ درم مصطگی تین درم مصری برابر ملا کر سفوف بنائیں **سفوف سنا** پیٹ کے درد اور قولنج کو
نافع ہے اور صفرا اور بلغم و سودا نکالتا ہے سنا کی پوست بلیلہ زرد نمک سیاہ برابر کوٹ چھان کر
سفوف بنائیں خوراک دو تولہ گرم پانی کے ساتھ **سفوف** بھوک کے واسطے سیاہ نمک سیاہ مرچ
پیپل ہر ایک دو درم سہاگہ بریان ایک درم پارہ لیموں کے عرق میں کھرل کریں خوراک چار رتی
سے ایک ماشہ تک بعد غذا کھانے کے **سفوف** آملہ بلیلہ کابلی ہر ایک سات درم بیل شیطرج
لاہوری نمک مساوی کوٹ چھان کر خوراک ایک درم **سفوف** سیاہ مرچ اجوائن شیطرج دار فلفل
ہر واحد نو درم پوست بلیلہ دس درم سیاہ نمک پچاس درم کوٹ چھان کر تین مرتبہ لیموں کے عرق میں

پیس کر خشک کریں خوراک ایک درم **سفوف** قبض رفع کرتا ہے پوست بلیلہ زرد تین جز لاہوری
نمک دو ماشہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں ایک تولہ شہد کے ساتھ ملا کر کھائیں **سفوف دیگر** لونگ
سیاہ نمک پیپل سیاہ مرچ سونٹھ گلاب کے پھول نوشادر بریان کرکے مساوی کوٹ چھان کر خوراک
ایک درم **انار دانہ کا سفوف** بھوک لاتا ہے اور معدہ کو قوت دیتا ہے اور اسہال کو نافع ہے
انار دانہ پاؤ سیر سونٹھ سفید زیرہ ہر واحد ایک درم لاہوری نمک ڈھائی درم سب کو کوٹ چھان کر ایک تولہ
ملا کر روزانہ کھائیں اور چاہیے کہ ادویہ کو بہت باریک نہ کریں **سفوف ہاضم طعام** اور ملین طبع ہے
پوست بلیلہ زرد ہیڑہ کا پوست انگلے سفید زیرہ سونف سیاہ نمک سنا کی ہر واحد ایک تولہ سونٹھ چھ ماشہ
سفوف بنائیں خوراک چھ ماشہ سوتے وقت معدہ کے درد کو نافع ہے نمک بریان کرکے دو وزن اسکے
سونف پودینہ صعتر اور تھوڑی سونٹھ اور ہینگ اور سیاہ مرچ ملائیں **پان کا عرق** معدے کے
درد کو نافع اور ہاضمہ کو قوت دیتا ہے پان دو سو عدد سازج آدھ پاؤ بالچھڑ اجوائن سونف ہر واحد
ایک چھٹانک چھوٹی الائچی کے دانے آدھ پاؤ پودینہ کی پتیاں خولنجان زرنباد ہر ایک دو درم الائچی کے
دانے اور خولنجان اور زرنباد کو نیم کوب کرکے رات کو پانچ سیر پانی میں سب ادویہ کے ساتھ بھگو دیں صبح
پان ملا کر عرق کھینچیں **قرص مقوی معدہ** لوبان چار درم پوست ترنج تین درم لونگ مصطگی بالچھڑ
الائچی جاوتری ہر ایک دو درم کوٹ چھان کر گلاب میں قرص بنائیں خوراک دو درم ہر چند یہ قرص
خوبیوں کے لائق نہیں ہے مگر مولف نے ایک عزیز کی تقویت معدہ کے واسطے ترکیب دی تھی فائدہ
کیا اس واسطے لکھا **شربت سنبل الطیب** یعنی بالچھڑ کا شربت مرض بادی فتق کو مفید ہے بالچھڑ
تین درم ڈیڑھ سیر پانی میں جوش دیں جب آدھ سیر رہ جائے ایک سیر شہد میں قوام کریں ضماد درد شکم اور
درد رحم کو نافع ہو جو کہ بیٹھیاں اگر پنساری کی دکان سے ملتی ہیں جو جس جگہ سے بہتر آئیں
برابر لے کے سونف پانی میں پیس کر گرم ضماد کریں ضماد پیٹ کے درد کو نافع ہے پوٹلی پانی میں پیس کر گرم
ناف کے گرد لگائیں کماد معدے کے درد کو نافع ہے بالو ریت کڑاہی میں گرم کرکے کپڑے میں پوٹلی باندھ کر
گرم گرم سینک کریں کماد سیاہ تل اجوائن پوست بلیلہ زرد کھاری نمک ہر ایک میں ملا کر سینک کریں
چورن لوں معدے کی سردی اور قصور ہضم اور ضعف جگر کو نافع ہے شربت ریحان الصعانی سیر شہد
آدھ سیر مصری بالچھڑ دو درم شقاقل لونگ دو مثقال بڑی الائچی چھوٹی الائچی کے دانے ہر ایک

مجھ مثقال لوبان تین مثقال دار چینی تین مثقال سونٹھ سیاہ مرچ ہر ایک دو مثقال زعفران آدھی
مثقال مشک چوتھائی درم عنبر پانچ درم اور یہ بکوفتہ بیختہ میں باندھ کر شربت ریحان کے ساتھ جاری
یا انبے کے قلعی دار برتن میں دو روز بھگو کر شہد اور شکر میں ملا کر جوش دیکر قوام میں لاویں اور بعضی
ہر مختلط کئے جاویں پھر مشک اور زعفران اور عنبر اُس میں ملاویں اور بعضے سیاہ مرچ کے عوض پیپل
ملاتے ہیں **گلقند شکری** مقوی معدہ ہے اور غذا کو ہضم کرتا ہے اور دلیل طبیع ہے گلاب کے
پھول ایک حصہ شکر دو حصہ باہم ملا کر دھوپ میں رکھیں اگر بجائے شکر کے شہد ملاویں اس کو گلقند
عسلی کہتے ہیں **فصل ہیضہ کا علاج** جب غذا معدہ میں فاسد ہو جائے اس کو قے اور اسہال
سے نکالیں اور جب تک طعام فاسد دور نہ ہو بالکل دفع نہ ہوئے جلد بند نہ کریں اور جس جگہ
پیاس کی زیادتی اور مزاج میں گرمی یا بند قے ہو وے ہرگز گرم دوا نہ دیں پانی کے عوض گلاب یا
عرق بادیان یا عرق کیوڑا اکتفا کریں اور اس مرض میں بہتر تدبیر سونا اور غذا نہ کھانا ہے حسب
ہیضہ کو مفید ہے مدار کی جڑ سادی اور ادرک کے پانی میں کھرل کر کے برابر سیاہ مرچ کے گولیاں بنا کر
ایک گولی صاحب ہیضہ کو دیں اگر بحالت مرگ پہونچا ہو وے فائدہ ہوتا ہے جوشاندہ دافع ہیضہ
سونف تین درم پودینہ دو درم لونگ چار عدد گلقند دو تولہ جوش دیکر دیں دوا چوب چینی اسگند پیس
دیگر زیرہ کا جوشاندہ دینا ہیضہ کو نافع ہے چھوٹی الائچی کا پوست ایک تولہ بلکہ دو تولہ تک جائز ہے
گلاب اگر ہو بہتر ورنہ آدھ سیر پانی میں جوش دیں جب نصف باقی رہے پئیں دیگر پیٹھے کے پھول چھ
ماشہ پیس کر صاحب ہیضہ کو پلائیں جلد آرام ہو جاوے دیگر سرپھوکے کی جڑ دو ماشہ پانی میں گھس کر
نوش کریں دیگر ہیضہ کو بالخاصیت فائدہ دیتا ہے نیلا کپڑا جلا کر آدمی کے پیشاب میں ملا کر پئیں
لکھا ہے کہ جب آدمی کو ہیضہ کا اثر معلوم ہو وے اسی وقت اپنا پیشاب نوش کرے ہیضہ کے ضرر سے
محفوظ رہتا ہے اور عوام الناس اکثر یہ عمل کرتے ہیں دیگر نافع ہیضہ پانچ ماشہ کھرٹی کی جڑ
پانی میں گھس کر دیں یا بجائے چوب حیات کے ہے سرخ مرچ کا بیج ایک عدد موم میں گولی بنا کر کھلاویں
بمنزلہ اکسیر ہے دیگر تلی اور وہ ایک درخت ہے کہ گیہوں کے کھیتوں میں پیدا ہوتا ہے تھوڑے
پانی میں پانچ عدد سیاہ مرچ کے ساتھ پیس کر پلائیں اگر قے ہو جائے پھر پلائیں **فصل ہچکی کا علاج**
اگر بعد غذا کھانے کے ہچکیاں برابر آئیں قے کرنا نافع ہے اور ہاتھوں پاؤں کا باندھنا اور گلقند کو جوش

وقفہ پیدا کرنا اور غفلت سے منہ پر سرد پانی چھڑکنا اور چھینک لانا اور حرکت اور ریاضت کرنا اور
دم روکنا اور معدہ اور شانوں پر بغیر پچھنے کے سینگی لگانا ہچکی کو دفع کرتا ہے دوا ہچکی کے لئے مجرب ہے
کھوپری تین ماشہ پیس کر ایک درم مسکہ میں ملا کر کھائیں دیگر سیاہ ماش بجائے تمباکو کے حقے میں رکھ کر پئیں
دیگر چنے یا ارہر کا بھوسہ بجائے تمباکو کے حقے میں پئیں دیگر خلاصۃ التجارب میں لکھا ہے اگر ہوئیج باقلہ
سے ملا کر حقے میں پئیں مفید ہے دیگر ناریل کے بال جلا کر راکھ اُس کی پانی میں ملائیں جب راکھ پانی کے
نیچے بیٹھ جائے پانی خالص اس کا لیکر پئیں دیگر مور کے پر جلا کر تین ماشہ شہد میں ملا کر کھائیں۔ دیگر چھاڑ دو کا
زیرہ جوش کر کے پئیں دیگر ہرا دہی چھپر کی حقہ میں رکھ کر پئیں دیگر کہ ہچکی کو ٹھہرائے ببول کے کانٹے
خشک ہوں یا تر لیکر آدھ سیر پانی میں جوش کریں جب آدھ پاؤ پانی رہے صاف کر کے تھوڑا شہد ملا کر پئیں
اور بے شہد کے بھی پینا کافی ہے دیگر ملٹ جلا کر چار ماشہ راکھ اس کی پانی میں ملا کر پھر اس پانی کو صاف
کر کے پئیں دیگر فواق ریگی کو نافع ہے جمال گوٹہ حقہ میں پئیں دیگر مشک دو تین ماشہ چار عدد مغز بادام
ملا کر پیس کر پئیں دیگر زیرہ سیر کر میں جوش دیکر پینا پیاس اور ہچکی کو دفع کرتا ہے دیگر آم کے سوکھے پتے
چلم میں رکھ کر پئیں دیگر پودینہ شکر میں ملا کر چاٹیں دیگر اس ہچکی کو نافع ہے کہ جو تپ میں عارض ہوئے
بھنگیں پانی میں گھول کر پلائیں مادہ قے سے دفع ہوگا یا تحلیل ہو جائیگا دیگر تخم کنول پیس کر پینا ہچکی
کو دفع کرتا ہے دیگر تخم کاسنی ماش کا آٹا جو اجزا ملا کر بطریق تمباکو کے پئیں **قرص کندر** کہ فواق
اور چھینک ریگی اور قے کو اکسانے اندرون کو نافع ہے کندر دو درم تخم پودینہ اجوائن اگر ہو چھوٹی
الائچی کے دانے سونف ہر واحد ایک درم لیکر پانی میں قرص بنائیں دیگر دوا لڑکوں کی ہچکی کے واسطے
نافع ہے ناریل شکر میں پیس کر دیں اور کہا ہے کہ اگر دودھ پلانے والی کے کپڑے سے ایک ٹکڑا کپڑے کا
لیکر پانی میں بھگو کر لڑکے کی پیشانی پر لگائیں بالخاصیت ہچکی کو ٹھہراتا ہے دوا ریٹھا لڑکے کے گلے
لٹکائیں **فصل عطش** یعنی زیادتی پیاس کا علاج اکثر پیاس گرمی سے ہوتی ہے علاج اس کا شیرہ تخم
خرفہ یا کھیرا سادہ پئیں یا اسبغول کا لعاب شربت نیلوفر میں ملا کر دیں اور لیموں کا شربت اور پانی اسکو
پیاس کو دفع کرتا ہے دوا کہ پیاس اور قے کو نفع دے بیل کی چھال جلا کر پانی میں ملائیں جب ذرد
نشین ہو جائے پانی صاف اس کا لیکر پئیں دیگر لڑکوں کی پیاس کے لئے کہ گرمیوں میں عارض ہوتی
ہے کنول گٹہ بکوب کر کے جس برتن میں کہ لڑکا پانی پیتا ہے ڈال دیں اور وہی پانی لڑکے کو پلائیں

اور جو سنگری کنول گٹے کے درمیان میں ہوتی ہو پیسکر لڑکے کو پلائیں دیگر پیاس کی زیادتی کو نافع ہے
سیب کی قتلیاں مٹی کی ہنڈیا میں ملاکر غلولہ کر آگ میں رکھ دیں جب خوب گرم ہو جائے پانی میں سرد
کریں اور وہ پانی پلائیں اور اگر وہ پیاس کی جسکو ہندی میں توتس کہتے ہیں ہو وے جنگلی کنڈہ جلا کر
راکھ اس کی کانسے کے برتن میں ڈالیں پھر اس میں پانی ملاکر اس برتن کو پیاسے کی ناف پر رکھیں
بھر و رکھنے کے سے خشکی اور گرمی اور پیاس موقوف ہو جائے گی دیگر املی اور سفید کتھ منہ میں رکھنا پیاس
کو تسکین دیتا ہے **فصل معدہ میں درد ہو اور خون جم جانے کا علاج** اس کی نشانی پیٹ پھولنا
پیٹ کا اور خشکی اور سرد ہونا پڑا اور کبھی لرزہ آتا ہے اور کبھی تپ ہوتی ہے اور مرض سے پہلے سوداوی
کا علاج انجیر کی لکڑی کو راکھ کر کے تازے پانی میں ڈالیں جب خاکستر تہ نشین ہو جائے پانی صاف
اس کا لیکر پھر راکھ اس میں ڈالیں اسی طرح سات مرتبہ کر کے پانی صاف اس کا لیکر پلائیں اور اس
جگہ پر لگانا مفید ہے دوا اس خون کو جو معدہ میں جم گیا ہو تحلیل کرے پودینہ کا عرق شکر میں ملا کر یا
پودینہ خشک پیسکر کھلائیں دوا اخشک دانہ پانی میں پیسکر کھلائیں دوا معدہ میں خون جم جانے
کے لئے دو دام رائی پانی میں پیسکر پئیں دیگر چنے بھون کر کھاری نمک ملا کر استعمال کریں اور نیز
اور کبوتر کے بچے کی ہڈی بھون کر چبانا مفید ہے **فصل فساد شہوت** یعنی خواہش کا غلبہ
مٹی اور کوئلہ کو علاج معدے کو پاک کریں اور ایک دام تاتھو اور ہر صبح کو کھاؤ اس بیماری کے لئے
مفید ہے **فصل غثیان و تہوع کا علاج** غثیان جی متلانے کو کہتے ہیں اور یہ مقدمہ قے کا ہے
اور تہوع ابکائی کہلاتی ہے وہ اس طرح پر ہے کہ قے کے واسطے حرکت ہو اور کوئی چیز نہ نکلے زور سے
کر منہ کے رستے معدہ سے کوئی چیز نکلے جس وقت قے کثرت سے آنے اور بند نہ ہو علاج اور اسباب
اور علامات ہر ایک کے کتب مطولہ میں لکھے ہیں سہل طریقہ یہ ہے کہ تھوڑا گیرو لیکر آگ میں گرم
کر کے دو تین بار پانی میں بجھا کر وہ پانی پلائیں حب کے متلی اور قے کو نفع دیتی ہے گیہوں کی روٹی
چھان کر مونگ کے برابر گولیاں بنا کر دو تین گولیاں کھائیں دوا متلی کو نافع ہو پودینہ کو سفر میں
چار گھڑی پانی میں بھگو دیں جب نرم ہو جائے تھوڑا تھوڑا چبائیں دوا زیادتی قے کو نافع ہے مٹی کا
پرانا چراغ آگ میں جلائیں جب شعلہ آگ کا بجھ جائے پانی میں سرد کرکے اس پانی سے تھوڑا پئیں
قے اور ابکائی کے واسطے عجیب ہے حب غثیان و قئی کو مفید ہے جو ہیری کے تخم کا مغز لیکر کی قتلیان

عنبری سیر دو چند ایک درم سیاہ مرچ آدھا درم گوشت چھان کر پانی میں ملا کر جنگلی بیر کے برابر گولیان
بنا کر ایک گولی کھائیں دوا زیادتی قے کے لئے عجیب ہے تھوڑا مکھی کا گوہ گڑ میں ملا کر کھانے سے قے بند
ہو جائے دیگر اس قے کی زیادتی کے لئے جو شراب پینے سے عارض ہو وے سرخ چاول سانٹھی کے
ناگوری چار دام بریاں چار دام خام کوٹ چھان کر چودہ گولیاں بنا کر ایک گولی روز کھائیں **سفوف**
جریان کو نافع ہے رجلا ببول کے پھول ہلدی برابر مصری آدھا وزن سب کوٹ چھان کر سفوف
بنائیں خوراک تین درم گائے کے دودھ میں **سفوف** باہ کو قوت دیتا ہے جو ان کی بھوسی آدھ سیر
دولے کے بیج چنے بریان زردک کے بیج سیاہ تل ہر ایک پاؤ سیر کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور
ہر روز ایک تولہ کھائیں باہ عود کر آئے **دوا** چھلکی موصلی سیاہ موصلی سفید سونٹھ برابر پیسکر سفوف
بنا کر ہر روز آدھا درم گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں **انڈے کا حلوا** باہ کو قوت دیتا ہے
[illegible] مرغ دو درم [illegible] دو درم گھی لیکر خوب [illegible] کر کے کولوں کی آگ پر رکھیں اور کچھ سے

اور سرد مزاج کو تخم ریحان یا تخم مرتفعہ پلانا مناسب ہو اور کوئی دوائے مسہل ایسی نہیں ہو
کہ سوائے ایک خلط کے باقی خلطون کو نہ نکالے اور جو ادویہ کہ واسطے اخراج صفرا یا بلغم یا
سودا کے مخصوص کی گئی ہین وجہ اس کی یہ ہے کہ وہ ادویہ اور خلطون سے زیادہ اس خلط کو
نکالتی ہین جاننا چاہیے کہ بعضے صحیح مزاج خود صحت کے واسطے ہر سال مسہل لینے کی عادت
کرتے ہین اور بعضے چھ مہینے کے بعد مسہل لینے کے عادی ہوتے ہین یہ عادتین اچھی نہین
ہان وقت ضرورت دفع مرض کے لیے مسہل ناگزیر ہے اگر ایسی عادت ہو لازم ہو کہ رفتہ رفتہ
ترک کرے کیونکہ عادت طبیعت ثانی ہے اور ادویہ **منضجہ صفرا** بیخ کاسنی نیلوفر پرسیاوشان بیخ
خطمی تخم خیارین بنفشہ گل سرخ تخم کاسنی شاہترہ گل خیرو صفرا بعد منضج دینے کے تین دن مین
پک جاتا ہے بشرطیکہ صفرا خالص ہو اور صفرائے غیر خالص کا نضج پانچ دن مین ہوتا ہے
اور ادویہ **منضجہ بلغم** بیخ بادیان مویز منقی کو پرسیاوشان گاؤزبان بادرنجبویہ بسفائج بیخ ملیٹھی اذخر
تخم کرفس بیخ کبر انیسون سکاعی اسطوخودوس بلغم خون مین نضج پاتا ہے اور بہت غلیظ بلغم
دس بیس روز یا زیادہ مین اور بلغم رقیق پانچ روز مین اور ادویہ **منضجہ سودا** بادرنجبویہ گاؤزبان تخم
بیخ کاسنی بادیان شاہترہ عناب اسطوخودوس پرسیاوشان ملیٹھی انجیر بسفائج سودا پندرہ روز
مین نضج پاتا ہے کبھی مقدم اور موخر بھی ہو جاتا ہے یعنے پندرہ دن سے کم یا زیادہ مین پکتا ہے
اور ادویہ **مسہل صفرا** پوست ہلیلہ زرد آلو آلو بخارا املتاس سقمونیا گل سرخ سقمونیا بغیر تشویہ یعنی
بے بھونے کے استعمال نہ کرین اور تشویہ کا طریقہ کتب مطول مین مسطور ہے اور ادویہ **مسہل بلغم**
تخم حنظل ماہی زہرج غاریقون حب النیل تربد خیارشنبر اور ادویہ **مسہل سودا**
ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ افتیمون حجر لاجورد وغیرہ غاریقون حب النیل خیارشنبر سنا مکی ۔
اور ادویہ **مسکن جوش خون** بیخ کاسنی خیارین عناب انجبار کیوڑہ کی جڑ آب تربز بنفشہ تمر ہندی
گل نیلوفر شہتوت بزر قطونا کاہو شاہترہ خاکسی یعنی ظاہر اور باطن کی اکثر بیماریون کو مفید ہے اور
بہت مزاجون سے مناسبت اور موافقت رکھتا ہے یہان تک کہ حاملہ عورتون اور لڑکون
اور بوڑھون کو بھی دیتے ہین تپ اور ورم کو فائدہ کرتا ہے اور سب ادویہ کے موافق ہر
بقدر حاجت التماس مین اور گلاب یا گرم پانی یا عرق بادیان یا عرق کاسنی یا عرق عنب الثعلب

دیتے ہین اگر قند و روغن بادام ملائین بہتر ہے ورنہ گھی ڈال کر کے گلقند یا شیرخشت یا ترنجبین
سے میٹھا کرین اور اگر گل بنفشہ اور مویز اور عناب اور گاؤزبان اور مثل اس کے حسب حاجت
جوش کر کے بیج قدرے گلقند اسی التماس مین ملا دین بہتر ہے اور دودھ پیتے ہوئے لڑکے
کے واسطے روغن بادام کے ملانے کی حاجت نہین ہے اور قولنج مین منضج دینا ضرور نہین ہے

باب آٹھوان فصد کے بیان مین فصد سے ہر خلط کا اخراج ہوتا ہے مگر خون بہ نسبت
اخلاط کے زیادہ نکلتا ہے بارہ برس کے سن سے کم مین فصد لینا منع ہے بعد اس کے
آخر عمر تک بشرط قوت و ضرورت کے جائز ہے لیکن بعضون نے ساٹھ برس کے بعد فصد کی
ممانعت کی ہے اور فصد کے بعد اگرچہ لیٹنا ضرور ہے لیکن فوراً سونا منع ہے اور اس دن
بعد فصد کے غذا قلیل و لطیف کھانا چاہیے اور جس روز فصد سے غذا غلیظ دین اور بعد
فصد کے حریرہ اور تبرید منع ہے لیکن گرم مزاج کو تبرید پلانا کچھ مضائقہ نہین ہے اور سرد مزاج کو
شیلئے گرم دینا چاہیے تاکہ قوت ہو مگر بدون حاجت کے کچھ نہ دینا چاہیے فصد مین خون کم
نکلنے سے مادہ حرکت مین آتا ہے اور تپ عارض ہو جاتی ہے اس وقت بوجہ ضرورت
فصد لینا مناسب ہے جس شخص کو بعد فصد کے غشی آئے تدبیر بہتر یہ ہے کہ مرغ کا پر حلق مین
ڈال کر کے قے کرا دین اور **فصد قیفال** یعنے سر و اور **فصد حبل الذراع** کہ ایک رگ ہے
اور رگ کی شاخ پر ظاہر ہوتی ہے **فصد اکحل** یعنی ہفت اندام تمام بدن کا تنقیہ کرتی ہے اور بعضی
بعضے وہ رگ کہ جو بغل سے آتی ہے بدن کی کوٹھی اور اسفل بدن کو نافع ہے باسلیق کو احتیاط
کھولنا چاہیے کہ اس کے نیچے شریان ہے اور اسیلم کہ باسلیق کی شاخ ہے بیماری جگر
کے واسطے داہنی طرف سے کھولین تلی اور دل کی بیماریون کے لیے بائین طرف سے مگر
خون اس سے بہت نکالین اور رگ پیشانی کی فصد درد سر اور آنکھ کی بیماریون کو مفید ہے
اور چار رگ کی فصد جو نیچے دونون ہونٹھون کے ہے اور وہ ہونٹھون کے اندر کی طرف
کھولی جاتی ہے منہ کے زخمون کو نفع کرتی ہے اور رگ زیر زبان کی فصد خناق کو نافع ہے
اور رگ صافن کی فصد جو پنڈلی مین واقع ہے اور مابض کی فصد جو زانو کے نیچے ہے خون حیض
جاری کرنے کو اور مرض بواسیر اور نقرس اور دوالی کو مفید ہے جو فصد کہ خون فاسد کے

حرکت دیتے رہیں جب پک جانے سرخ کرکے کھائیں شکر قند کا حلوا منی کو پیدا اور گاڑھا کرتا ہے
شکر قند تازہ خشک کرکے کوٹ چھان کر گھی اور شکر ملا کر حلوا بنائیں بعضے شکر قند بریان کو گھی میں
ملا کر حلوا بناتے ہیں سنگھاڑے کا حلوا منی کو گاڑھا اور پیدا کرتا ہے سنگھاڑا خشک پیس کر شکر اور
گھی میں حلوا بنائیں دوا جند کشا کے واسطے درخت ڈھاک کی کونپل جو کھلی نہ ہو اور وہ خزان کے
بعد پیدا ہوتی ہے جس قدر ہو نرم کوٹ کر چھ برس کے پرانے گڑ میں یا جس قدر پرانا ہو بہتر ہے
پیسکر اخروٹ کے برابر چار روز کھائیں دیگر مقوی باہ چنے بریان چھوہارن اسکے بادام مقشر صبح
وشام کھانا بہت قوت دیتا ہے دیگر مقوی باہ چنے کی دال مقشر دو تولہ پانی میں بھگو کر سوکھ
ایک ماشہ تخم خشخاش سفید ایک ماشہ شہد میں ملا کر ہر روز صبح کے وقت کھائیں دیگر اگر سرد مزاج
والا سردی کے موسم میں اسکو کھاوے قوت باہ اور حفظ صحت اور تقویت ہاضمہ کے لئے بیحد
سے مفید ہے پارہ ہر روز ایک کوڑی بھر کھانا شروع کرکے ایک دانگ تک ہو جاتیں اور گل کر
اوپر سے گھی پئیں دیگر مقوی باہ چلغوزہ کا مغز اور مشقی شیرین واسطے عجیب ہے ان دونوں کو
پانی میں ایک رات دن بھگو کر تھوڑی شکر ملا کر کھائیں دیگر مقوی زیادہ ہے پوست بیضہ
مرغ کشتہ کے برابر لیکر مکوب پوٹلی باندھ کر آدھ سیر دودھ اور آدھ پاؤ پانی میں جوش دیں
جب پانی جذب ہو کر دودھ رہ جائے صاف کرکے تھوڑی شکر ملا کر پئیں اور اگر اس میں دو تین
خرما ڈالیں زیادہ قوی ہو جائے دیگر شہد جوش کریں اور لعاب اس کا نکال کر مول کے بیج اسمیں
ملا کر صبح اور سوتے وقت کھایا کریں دیگر کر باہ کو قوت دیتا ہے ڈھاک کی جڑ ایک پاؤ لے کر
دو تین سیر پانی میں جوش دیں جب آدھا پانی جل کر باقی گاڑھا ہو جاوے اس میں سے تھوڑا
لے کر پان کے ساتھ کھایا کریں دیگر بلغمی مزاج میں مقوی باہ ہے شہد جلاوہ گاۓ کا گھی برابر
قوام کرکے خوراک موافق مزاج کے دیں دیگر قوت باہ کے واسطے اگر پینہ بھر کھائیں سب طرح کے
لیکر جنگلی سیم کا درخت جو نرم اور چھوٹا ہو جڑ اس کی لیکر ٹکڑے کرکے سایہ میں خشک کرکے
اور اجوائن کی بھوسی اور آرد مقشر چنوں کو برابر لیکر سادی اسکے قند سیاہ ملائیں اور اخروٹ کے
برابر گولہ بنا کر ہر صبح ایک گولہ کھائیں دیگر گولر کے پھول خشک کرکے کوٹ کر قند میں ملا
کر کے چالیس روز تک دو مثقال روز کھایا کریں دیگر چار درم اسگند کوٹ چھان کر ایک سیر

دودھ میں جوش دیں اور دو درم مصری ملا کر دونوں وقت کھائیں بدن کا رنگ سرخ ہو جائے
اور تیاری اور باہ زیادہ ہو دیگر کہ اگر جماع کرنے کے بعد کھائیں ناطاقتی نہ ہووے مجرب النجارب
میں لکھا ہے کہ اگر بعد جماع کے چار درم گڑ کھائیں ضعف نہ ہووے دیگر مقوی باہ سنگھاڑہ
ہر روز گاۓ کے دودھ میں کھائیں دیگر کر باہ کو قوت دیتا ہے ارنڈی کی کونپل آدھ پاؤ گوشت
آدھ سیر دو پیازہ پکا کر تین روز کھائیں دیگر تخم خشخاش دو تولہ شہد چار تولہ سونٹھ آدھا درم کوٹ
چھان کر شکر ملا کر چالیس روز کھائیں دیگر گوکھرو شکر گاۓ کا گھی شہد سب کو کوٹ کر ملا کر کھائیں
اور اسکے اوپر گاۓ کا دودھ پئیں دیگر اشتہا اور باہ کو مفید ہے آٹھ ساگھند حلف ایلکر کے
شیرہ میں اسقدر گھول کریں کہ گاڑھا ہو جائے پس ہر روز ایک چاول کے برابر کھائیں
دیگر شیر برنج کھانا مستی کو پیدا کرتا ہے اور چنے کا ہولا کھانا باہ کو قوت دیتا ہے دیگر منی اور
کو نافع ہے ایک بتاسہ میں چند قطرے برگد کا دودھ ڈال کر کھایا کریں دیگر دو تولہ آدھ سیر
گاۓ کے دودھ میں کھائیں دیگر بیر کی گٹھلی کا مغز پرانے گڑ میں ملا کر پیسکر کھائیں دیگر پرمیوے
سب قسم کو نافع ہے اسپند پرانی بھی کوٹ چھان کر ایک حصہ شکر دو حصہ سفوف کرکے ہر روز ایک درم
کھائیں دیگر تودری اور مولی کے بیج کو مفید ہے اور سرعت انزال کو نافع اگر عورت کو کھلائیں فرج
تنگ ہو جائے انڈے کا چھلکا جس قدر چاہیں پانی میں ڈال کر اسکے اندر کا پردہ باریک دور کرکے
چھلکوں کو برتن میں رکھ کر اس میں لیموں کا عرق اتنا ڈالیں کہ ایک انگل چھلکوں کے اوپر آ جاوے
پھر اسپر کچھ چھپا کر رکھ دیں یہاں تک کہ عرق چھلکوں میں جذب ہو جائے تین مرتبہ اسی طرح
کریں بعد اس کے چھلکوں کو مٹی کی کلھیا میں رکھ کر گل حکمت کرکے جنگلی کنڈے کی آنچ
دیں جب سرد ہو جائے پھر اسی قدر آگ میں رکھیں اسی طرح سے تین مرتبہ آگ دیتے رہیں چھلکے
بالکل سفید ہو جائیں گے پس نکال کر دو سرخ شہد میں ملا کر کھائیں ترشی اور بادی سے پرہیز کریں
دیگر دوب کا ہر صبح باسی پانی میں پیسکر چھان کر ایک ہفتہ پئیں سفوف بند کشا دیگر
کی چھال کونڈری کی چھال امرود کی چھال آم کی چھال ہر ایک ہموزن پیسکر شکر برابر ملا کر
نہار ایک پانی کے ساتھ کھائیں دیگر منی کو روکتی ہے آک کے پھول سے
پھول سیاہ ہر ایک پانچ ماشہ پیسکر گھی میں چرب کرکے پندرہ ماشہ شہد میں ملا کر

برابر ایک ماشہ گڑ سے شہد میں ملا کر کھائیں اور اس سے گاڑھا دودھ پیئیں دیگر مقوی باہ تخم
پیپل زرد کے بیج برابر لیکر اتنا ہی بکری کی زردی کے ساتھ کھائیں دیگر اجوائن سیاہ تیل ہر ایک
ایک حصہ خشخاش نصف حصہ گڑ میں ملا کر سفوف بنائیں تھوڑا ایک ایک تولہ دیگر بھری سے تخم
کا مغز خشک کرکے پیسکر سوم حصہ اس کا شکر ملا کر گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں باہ کو قوت
دیتا ہے دیگر چاہیے کہ ہر روز صبح کو میٹھا آب کھائیں اور اوپر سے گائے کا دودھ کہ جس میں روغن
خرمے اور قدرے سونٹھ جوش دیا ہو پئیں باہ کو زیادہ اور بدن کو موٹا کرتا ہے اور دماغ کو قوت دیتا ہے
اور کاشر علیحدہ کھانا مولد منی ہے اور کھل بھی مقوی باہ ہے اسی طرح سے کھل کے بیج بھون کر
کھانا فائدہ کرتا ہے حلوائے انیسہ مقوی باہ اور مولد منی ہے میٹھے آنبوں کا شیرہ تین سیر قند سفید
ایک سیر گائے کا گھی آدھ سیر گائے کا دودھ ایک سیر شہد آدھ سیر سونٹھ ایک تولہ زنجبیل چھ ماشہ ستاور
ایک تولہ قلنجن مصری مغز بادام ہر ایک چار تولہ خولنجان چھ ماشہ بہمن سرخ بہمن سفید تخم پیاز
سیتھل کا موسلا ایک تولہ سنگھاڑا خشک چار تولہ سا کوٹ کر چار تولہ پہلے آنب کا شیرہ دودھ شکر
ملا کر دودھ ڈال کر شربت بنائیں پھر مغزیات پیسکر گھی میں بھون کر شربت میں ملائیں اور ادویہ
ڈال کر حلوا بنائیں جس کا روغن قضیب کی سستی کو نافع ہے جس کو ایسے کے تیل میں
جوش دیکر صاف کرکے رائی عاقرقرحا بیجوں کے بیج مالکنگنی ہر ایک کوٹ چھان کر تیل میں جلا کر
اس تیل کو چند روز مالش کریں سستی دور ہو جائے گل شبو کا تیل باہ کو قوت دیتا ہے گل شبو
لیکر روغن میں ملائیں جب پھول کملا جائیں اور بدل دیں اسی طرح سے تین مرتبہ بدلیں پھر
صاف کرکے تھوڑا عاقرقرحا پیسکر ملا کر لگائیں اور اس پر پان باندھیں روغن باہ کو قوت دیتا ہے
بعض لونگ کی تھیاں کرو ہر ایک چار درم کچھ سیاہ کلان اگر میسر آوے تو بہتر ہے نہیں تو
جس قسم کا ہو پہلے تیل گرم کرکے تیوں کی ٹکیاں بنا کر تھوڑا تھوڑا کوٹ میں ڈال کر جلائیں جب
خوب جل جائے کپڑے سے چھان کر رکھیں اور ایک ادتی پان میں لگا کر قضیب پر باندھیں
روغن دیگر تھوڑا ایک جانور کے مانند ہے اور اس کے پرچھیں ہوتے ہیں اسکو دیان
اور سوال بھی کہتے ہیں اور اس سے جبل کو کہتے ہیں پانچ چھ عدد لیکر چار پانچ درم گائے
کا گھی اور ایک درم زعفران ملا کر برتن میں رکھ کر جلائیں پھر مسل کرکے قضیب پر لیں

اونٹ کھلادے کا تیل قضیب کی سستی کو نافع ہے دونوں گفارہ کا درخت بیخ چوب اور
شاخ اور پتوں سے بکری کے دودھ میں تر کرکے بطریق پاتال جنتر کے روغن کھینچیں قضیب پر یہ
روغن سو دفعہ چیونٹی بڑی جو قبروں اور آنب کے درختوں پر ہوتی ہیں سے کو چنبیلی
کے تیل میں ڈال کر شیشے میں بھر کر چالیس روز دھوپ میں رکھیں پھر روغن لیکر مالش کریں
چنبیلی کی پتیوں کا تیل ممسک اور مقوی باہ ہے سفید چنبیلی کی پتیاں پیس کر شیرہ اس کا نکر
میٹھے تیل میں جلائیں جب پانی جل جائے تیل لیکر شیشہ میں رکھیں دو گھڑی تیل مالش کے قضیب
پر مل کر پان باندھیں روغن کو علیق لگانے والے کو فائدہ کرے اور قوت باہ کو نفع دے پہرے کو
ہوا کے دودھ میں ایک دن رات تر رکھیں پھر نکال کر خشک کرکے اس میں بھی لگا کر دو تھیلہ
بنا کر جلائیں اور اسکے نیچے گلانے کی رکابی رکھیں جو روغن تھیلہ سے رکابی میں ٹپکے مرقضیب
چھوڑ کر جلا کریں اور اوپر سے پان یا ارنڈ کے پتے باندھیں دیگر چنبیلی کی پتیاں ایک پاؤ چھاکل
ایک پاؤ دونوں کو کوٹ کر اسی میں ڈال کر جوش دیں جب پتیاں جل کر روغن رہ جائے قسط تلخ سہاگہ
خام ہر ایک آدھی پھلول تھوڑا تھوڑا روغن میں ڈالیں جب مل کر رنگ ادویہ کا سرخ ہو جائے
اس وقت کو اسی اتار کر زہر تیلہ آدھی پھلول ملا کر روغن کو تھیلے کے برتن میں ڈال کر جب کی
گرمی سے دو پہر تک کرکے شیشے میں رکھیں اور ایک ماشہ لیکر قضیب کا سر چھوڑ کر لیپ کریں
اور اسکے پان باندھ دیں اسی طرح ایک ہفتہ تک ایک روز درمیان دیکر لگائیں اور اس
عرصہ میں جماع نہ کریں چنبیلی کا تیل باہ کو قوت دیتا ہے چنبیلی کی پتیوں کا عرق دھتورہ کی پتیوں کا
عرق ہر ایک دو درم میٹھا تیلیہ قسط تلخ ایک درم سنبل بادیان اور سہاگہ ایک درم روغن کنجد
سات درم ادویہ پیسکر ٹکیا بنا کر روغن میں پانی ملا کر اس میں جلائیں جب پانی جل جائے ادویہ
پیسکر رکھیں اور ایک ہفتہ تک ملا کریں روغن لونگ بھی جونک کا تیل مقوی باہ ہے جونک
کلاں سات عدد آدھ پاؤ میٹھے تیل میں جلا کر صاف کرکے قضیب پر ملا کریں روغن کہ باہ کو
قوت دیتا ہے مالکنگنی اور بچھ کا برادہ تخم پلاس جنگلی کبوتر کی بیٹ ہر ایک چار درم کوڑی سفید
دو درم رات کو بکری کے دودھ میں تر کرکے صبح آتشی شیشے میں روغن نکال کر مالش کریں
اور دو پہر سے گھی میں کوڑی سفید کے برابر عاقرقرحا بھی رکھتا ہے دیگر ایک بالشت پر دوا

باریک لیکر آدھ سیر دھتورہ کے عرق میں الغرض روز تک رکھیں تاکہ عرق کپڑے میں جذب
ہو جائے پھر پانچ درم روغن کنجد میں نرم آگ پر پکائیں بعد اسکے نکال کر پارچہ کو لوہے کی سیخ
میں لٹکا کر نیچے اسکے تھالی رکھیں اور ایک طرف سے کپڑے میں آگ لگا دیں جو کپڑے سے
تیل اس تھالی میں ٹپکے اسکو لیکر دو قطرے ہر روز چار روز تک طلا کریں دیگر مسہل مقوی باہ
اور جلق لگانے والے کو نافع ہے پھٹکری بلیلہ دو دام سونٹھ کے بیج آدھا دام مغز چھال گولر سب
دوا باریک پیسکر آدھ پاؤ روغن کنجد میں کھرل کر کے تھوڑا اس میں سے لیکر استعمال کریں
دیگر مسہل مقوی باہ چھ درم میٹھا تیل نرم آگ پر جوش دیں اور آدھا درم ہڑتال سرخ پیسکر اس میں
ملائیں بعد اسکے سہاگہ بعد اسکے قسط تلخ ہر واحد ایک درم اس میں ملائیں پھر چھپکلی کی دمہ کا
جوش ڈال کر آگ پر رکھیں جب پانی جل کر روغن رہ جائے تو عضو پر ملیں اور اوپر سے پان باندھیں
دیگر باہ کو قوت دیتا ہے اور عضو کی سستی کو دور کرتا ہے اودھ پھٹکری پوست بیخ ارنڈ کھٹگند
ہر واحد ایک درم کوٹ کر پانی میں قرص بنائیں اور آدھ پاؤ روغن کنجد میں جلا کر صاف کر کے رکھیں
دیگر چند کشادہ کو نافع ہے کنجد بام مچھلی کا تیل [illegible] اسگند [illegible] قلفل دارا ایک ماشہ
اور [illegible] پیسکر روغن کنجد میں حل کر کے رکھیں اور ایک قطرہ عضو کے سوراخ میں ٹپکائیں اور اگر
سوراخ زیادہ تنگ ہو تو جب کا تیل ٹپکائیں اور طریقہ بام مچھلی کے تیل نکالنے کا یہ ہے کہ بام مچھلی کو
ٹکڑے ٹکڑے کر کے پانی میں جوش دیں جس قدر چکنا پانی میں آئے اسکو استعمال کریں دیگر
میں نے ایک کتاب میں لکھا دیکھا ہے کہ چند عدد بھڑوں کو میٹھے تیل میں جلا کر وہ تیل عضو پر
ملیں قوت بہت دیتا ہے فائدہ چند کشادہ کرنے کو [illegible] بڑھ جانے کو لکھتے ہیں اور وہ نزدیک
حکمائے جنہوں کے [illegible] علاج ہے اور جو چیزیں مغلظات منی ہیں وہی اس مرض کو نافع ہیں
روغن مقوی باہ بھی [illegible] سرخ و سفید کی ڈال ہڑتال ہر واحد ایک دام کبری کے دودھ میں
کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنا کر تین روز صبح و شام آتشی شیشے میں رکھ کر روغن نکال کر
عضو پر طلا کر کے اوپر سے پان باندھیں فائدہ یعنی پٹی تقویت باہ کے واسطے باریک کپڑا
تھوہر کے دودھ میں تین مرتبہ بھگو کر خشک کریں اور تین مرتبہ پیاز کے عرق میں تر کر کے خشک
کریں بعد اسکے پارچہ کو اسی کے تیل میں ایک رات دن بھگو دیں پھر آلت کو سر چھوڑ کر

چرب کر کے اوپر سے یہ پٹی چار گھڑی تک باندھیں اگر ضرورت ہو تو دوسرے روز بھی یہی عمل
کریں اور اگر پٹی کو ہر وقت اسی کے تیل میں تر رکھیں فائدہ کپڑا آب لبلبی میں رنگ کر خشک
کریں بعد اسکے دھتورے کے عرق میں تین مرتبہ بعد اسکے مدار کے دودھ میں تین مرتبہ تر کر کے سایہ
میں خشک کریں پھر بھینس کے گھی میں نرم آگ پر بریان کر کے وقت حاجت کے پٹی پر شہد لگا کر
پھر اجینگ ایک رتی کے برابر پیسکر اسپر چھڑک کر تین روز باندھیں دیگر مقوی باہ مدار کا دودھ
آدھ پاؤ شہد خالص ڈھائی پاؤ کڑاہی میں ڈال کر لوہے کے دستے سے استعمال کریں کہ
قوام جم جائے اور کڑاہی لس کی وجہ سے دستے کے ساتھ زمین سے اٹھ آنے لگے پھر چار ماشہ
افیون ڈال کر حل کریں کہ خوب حل جائے پس دوا کو چینی کے برتن میں رکھیں اور حاجت کے
وقت آلت کو سر چھوڑ کر اس روغن سے چرب کریں اور اس پر پان پیش کر گرم کی پٹی سے
ملفوف کرے ایک پہر بیچھے رہیں بعد اسکے پٹی دور کر کے گائے کا گھی [illegible] مرتبہ دھو کر آلت
میں اور تین روز تک اسی طرح عمل کریں طلا ضعف باہ کو نافع اور جلق لگانے والے کو
مفید ہے مدار کا دودھ ہر واحد گائے کا گھی طاہر پارہ پھر کھرل کر کے ایک رتی عضو پر
لگائیں اور بعضے اسی میں شہد بھی ڈالتے ہیں اور بعضوں نے لکھا ہے کہ دو دام مدار کے دودھ میں
ایک دام [illegible] ملا کر جلائیں اور لکڑی سے خوب حل کریں جب دودھ جل کر روغن باقی رہے
چھان کر شراب دو آتشہ ملا کر کھرل کر کے رکھیں اور سر آلت کو چھوڑ کر طلا کر کے اوپر سے مہوے
کے پتے باندھیں اور ایک پہر کے بعد کھول ڈالیں طلا کہ جلق لگانے والے اور نامرد کو
فائدہ کرے سرخ بیل جوان جس نے جفتی نہ کی ہو ذبح کر کے اس کا خون لیکر مساوی اسکے
گدھے جوان کا خون ملا کر عضو پر ملیں اور ہوا میں تاکہ خشک ہو اسی طرح سے تین مرتبہ
برابر لیپ کریں اول مرتبہ سوزش پیدا ہوگی دوسری مرتبہ سوزش کم ہوگی تیسری مرتبہ
بالکل سوزش جاتی رہیگی اور شہوت غلبہ کرے گی اس روز جماع نہ کرنا چاہیے بعد اسکے جماع
کریں طلا باہ کو قوت دیتا ہے سونٹھ کے بیج [illegible] ایک [illegible] عاقرقرحا قسط تلخ ہر واحد
ایک حصہ باریک پیسکر لگائیں طلا کہ اس کو شاہ پسند کہتے ہیں بوڑھے باز اور جلق لگانے والے
کے حق میں آب حیات کا حکم رکھتی ہو اور عضو کی [illegible] دور کرتی ہے اور باہ کو قوت دیتا ہے

ایک ماشہ شنگرف جو درخت میں پک کر زرد ہو گیا ہو لیکر اس میں سات عدد چھلکے چھیل کر ملائیں
جب یہ تینوں خشک ہو جائے آدھ سیر میٹھے تیل میں اُسے جوش دیں جب تیل جوش میں آ جائے
سات تولہ بچھو خشک تیل میں ملائیں جب بچھو سے جل جائیں تینوں چھلکے کر اس میں ڈالیں
کھرل کر کے ایک شیشے میں رکھیں اور پندرہ روز تک ہر روز ایک ماشہ ذکر پر مل کر برگ پان یا
لبسوڑہ کے پتے اوپر باندھیں بفضل الٰہی صحت ہو گی دیگر مقوی باہ [illegible] عاقرقرحا
بیر بہوٹی سوا تین تین ماشہ سنکھیا ایک ماشہ شراب دو آتشہ میں تین روز تک کھرل کریں اور رات
کو قضیب پر لگا کر اس پر پان کے پتے دھاگے سے باندھ کر سو رہیں اسی طرح سے ایک ہفتہ تک
باندھیں اس عرصہ میں جماع نہ کریں دیگر مقوی باہ گدھے کے کان کا میل مچھلی کی چربی ہم
ملا کر تین روز کھرل کر کے سات روز لیپ کریں دیگر مقوی باہ [illegible] گدھے
کے پیشاب میں بھگو کر آلت پر ملا کریں اور بعضے اس میں [illegible] بھی ڈالتے ہیں [illegible]
ارنڈ کے پتے باندھیں کہ خشک ہو جائے طلاء مقوی باہ [illegible]
[illegible] کوٹ چھان کر تین گولیاں بنا کر ایک گولی تازہ پانی سے خوب لت کر کے
حشفہ اور سیون چھوڑ کر آلت پر لگائیں اور اوپر سے پان [illegible] رکھیں دوسرے اور تیسرے
روز بھی اسی طرح کریں چوتھے روز بھی دھو کر آلت پر ملیں دیگر ایک بڑی جونک کہ تالاب میں
ہوتی ہے گائے کا گھی ایک پاؤ اول گھی کو لوہے کے برتن میں گرم کر کے زندہ جونک اس میں
ڈال دیں جب جونک کا پیٹ پھٹ جائے اور پھٹنے کی آواز کان میں آئے اتار کر [illegible] کا
گوند ایک ماشہ [illegible] باریک پیس کر اس میں ملائیں اور نیب کی لکڑی سے چار پہر
کھرل کر قضیب پر لگائیں اور اگر بڑی جونک نہ ملے سات عدد چھوٹی جونکیں روغن میں جلائیں
دیگر مقوی باہ [illegible] دستورہ [illegible] برابر لیکر سایہ میں خشک
کر کے کوٹ کر [illegible] دستورہ کے عرق میں [illegible] برابر گولیاں بنائیں اور وقت حاجت کے
ایک گولی اپنے پیشاب میں پیس کر آلت پر لگا کر خشک کر کے جماع کریں دیگر [illegible]
قسط [illegible] کاغذی کا چھلکا [illegible] مساوی [illegible] اور کوٹ چھان کر پانی میں ملا کر
قضیب پر طلا کریں جب خشک ہو جائے [illegible] چار روز اسی طرح کریں [illegible]

جسم پر ہو جائے اگر سرسوں [illegible] دیگر کچھ ایک تولہ گائے کا گھی [illegible] ملا کر دو
[illegible] کھرل کر کے مقوی [illegible] طلا کریں اسکے اوپر برگ [illegible] چند
[illegible] سرسوں [illegible] دام [illegible] چھان [illegible] کے تیل میں کھرل کر کے دونوں
وقت اس طرح سے ذکر پر ملیں صبح کو آفتاب میں اور شام کو چند منٹ [illegible] مکان میں [illegible] ہوا
[illegible] لگائیں اور اگر جاڑوں کا موسم ہو [illegible] جلا کر آگے رکھیں اور [illegible]
سے [illegible] خشک کر [illegible] پیچھے [illegible] کریں [illegible]
[illegible] ترکیب صاحب [illegible] بہت لذت دیتا ہے [illegible] تازہ
انڈے [illegible] روغن [illegible] کر کے [illegible] دام گائے کا [illegible]
آدھ سیر [illegible] عرق میں [illegible] ایک پیسہ اس پر لگا کر
[illegible] روز تک [illegible] جب [illegible] ہو جائے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں وقت حاجت کے
[illegible] کھرل کر لگائیں [illegible] خشکی [illegible] کو سایہ میں
خشک کر کے [illegible] کاٹ کر [illegible] اور دو ماشہ زعفران ملا کر
گولیاں بنائیں وقت حاجت ذکر پر حشفہ چھوڑ کر طلا کریں دیگر [illegible]
[illegible] ایک پیسہ گائے کے [illegible] ملا کر چند روز ہر روز دو بار ملیں اور گرم
پانی سے دھوئیں اور دوسرے نسخے میں [illegible] لکھا ہے اور ایک کتاب
میں لکھا ہے کہ ایک بڑا مینڈک کہ جو کنوئیں میں رہتا ہو لیکر اسکی [illegible] اور دو تین درم
سیماب اسکے منہ میں ڈال کر رکھیں جب خشک ہو جائے مینڈک کا پیٹ پھاڑ کر پارہ کو [illegible]
[illegible] جائیگی نکال لیں اور جماع کے وقت منہ میں رکھیں انزال نہیں ہوگا دیگر گائے کا
[illegible] شہد میں ملا کر ذکر پر ملیں اور گرم پانی سے دھوئیں چند روز تک اسی طرح استعمال کریں
[illegible] لذت دیتا ہے جنگلی کبوتر کی بیٹ اور اسکی چربی اور لاہوری نمک اور شہد چاروں
اجزا برابر لیکر پیس کر ذکر پر ملیں اور مجامعت کریں لذت زیادہ ہو [illegible] بہت لذت دیتا ہے
[illegible] میں رکھیں [illegible] کا پانی نچوڑ کر چھان کر چند عدد
[illegible] تین روز تک اس پانی میں [illegible] روز نکال کر خشک کر کے باریک [illegible]

طلا مقوی باہ: پوست بیخ کنیر باریک پیسکر بہت کھاری کے شیرہ میں کھرل کرکے چند روز
طلا کریں ضماد بھی ذکر کے واسطے جو جلق لگانے سے ہووے نافع ہے ذکر کو پہلے روغن بیضہ
مرغ سے ملیں بعد اسکے قدرے بابونہ پیسکر بگرم ضماد کریں پھر اوپر پان یا ارنڈ کا پتا لپیٹکر
گرد اگرد اسکے کپڑا باندھیں رکھ کر اوس سے عضو باندھیں ایک پہر کے بعد نیم گرم پانی سے دھوئیں
سات روز کے استعمال سے کجی دور ہوجائیگی دیگر قضیب کے موٹے ہونے کے واسطے ہر رات کو
تازہ دودھ سے ملکر کچھ سے خشک پیسکر اس پر طلا کریں دیگر کا پھل بھینس کے دودھ میں پیسکر
لیپ کرکے تمام رات باندھے رکھیں صبح گرم پانی سے دھوئیں چند روز اسی طرح عمل کریں دیگر
ریٹھا کا پوست عاقر قرحا برابر شراب میں کھرل کرکے سوائے سر ذکر کے طلا کریں اور اوپر
اسکے پان لپیٹیں اسی طرح چند روز استعمال کرنے سے فائدہ معلوم ہوگا دیگر مقوی باہ ذیرہ
کلونجی شہد خالص باہم خوب پیسکر طلا کر سوائے حشفہ کے قضیب پر طلا کریں اوپر سے
کپڑا لپیٹیں اور بعد دو پہر کے دور کرکے گرم پانی سے دھوئیں مکرر اسی طور سے کریں دیگر
ذکر کو بڑا کرتا ہے دو درم اندر جو بھینس کے تازہ دودھ میں تر کرکے چار پہر اسکو پیسکر گرم
ذکر پر باندھیں اوپر سے کپڑا لپیٹ کر سوئیں صبح گرم پانی سے دھوئیں چند روز متواتر یہی
عمل کریں دیگر قضیب کو سخت کرے تخم کوٹ چھان کر قضیب پر ہر روز دو بار ضماد کریں
چند مرتبہ یہی استعمال کریں طلا امساک اور سختی ذکر کے واسطے مفید ہے اسگندھ کی جڑ
جو کوب کرکے سیاہ دھتورہ کے شیرہ میں تین مرتبہ تر کرکے خشک کریں بعد اسکے پیسکر رکھیں
حاجت کے وقت شہد میں حل کرکے قضیب پر طلا کریں اور ایک پہر کے بعد جماع کریں بعد
جماع کے گھٹے کا گھی ذکر پر ملیں دیگر چنبیلی کے تیل میں رائی پیس کر قضیب پر لگائیں دیگر
عاقر قرحا دو حصہ بادام جنگلی پیاز کا عرق دس حصہ پیسکر قضیب پر لگائیں دیگر کا مغز رینڈی کے
تیل میں کھرل کریں پھر لتہ پر پھیلا کے باندھیں تھوڑا اخراج کرتا ہے لیکن مقوی باہ ہے
اور مجلوق کو نفع دیتا ہے دیگر اس کے بیج دو حصہ چھال اسکی ایک حصہ باریک کوٹ
چھان کر میٹھے تیل میں چار پہر کھرل کرکے لگائیں دیگر لونگ مغز سمندر پھل ایک ایک
عدد شہد میں پیسکر لگائیں رینڈی کا تیل مجلوق کے واسطے مفید ہے رینڈی کا مغز

باؤ سیر دونوں کو جوش دیکر حل کرکے شیشے میں رکھیں اور روز طلا کریں مجلوق کو بہت مفید ہے
دیگر جنگلی کبوتر کی بیٹ کی سفیدی چنبیلی کے تیل میں پیسکر ضماد کریں دیگر استادگی اور سختی
قضیب کے لئے مفید ہے اسپند چنبیلی کے تیل میں پیسکر لگائیں دیگر چمگادڑ کا خون قضیب پر
ملیں قوت باہ زیادہ ہووے دیگر سوسمار یعنی گوہ کا گوہ لگانا باہ کو قوت دیتا ہے دیگر سانپ کی
چربی اور مچھلی اور جنگلی سور کی چربی بکری کے پیشاب میں تین روز کھرل کرکے لیپ کریں
دیگر روہو مچھلی کی چربی کا طلا کرنا نافع ہے دیگر چوہے کی مینگنیاں شہد میں ملا کر قضیب پر لگانا
باہ کو قوت دیتا ہے دیگر پھول کنگھی کا پھل بیج دو رتی پیسکر قضیب پر طلا کریں اور اوپر ارنڈ
کے پتے باندھیں دیگر پارہ ایک درم شہد دو درم دونوں کو لوہے کے برتن میں لوہے کے
دستہ سے حل کریں جب ایک ذات ہو جائے کپڑے پر لپیٹ کرکے قضیب کے اوپر لپیٹیں جب
استادگی ہووے دوا کو دور کرکے جماع کریں اور ایک عدد روہو مچھلی کا مغز اس میں ملالیں
بہتر ہے اور بعد طلا کرنے کے بنگلہ پان گرم کرکے تاگے سے باندھیں اس کا سات روز
استعمال کرنا چاہئے دیگر اسارون بکری کے تازہ دودھ میں پیسکر ہمیشہ قضیب پر لگانا باہ کو
قوت دیتا ہے دیگر ذکر کی سختی کے واسطے مولی کے بیج دس درم میٹھے تیل میں جوش دے کر
دونوں وقت قضیب پر ملیں سستی دور کرتا ہے دیگر مردار سنگ عرق کے پتے میں پیسکر قضیب
پر لگا کر عورت سے نزدیکی کریں لاکن انزال نہ ہوں عورت بستہ ہو جائے گی دیگر مینڈک کا
کے چربی میں حل کرکے گولی بنا کر آتشی شیشہ میں روغن نکالیں وہ روغن طلا کریں دیگر لذت کے
واسطے عورت کے سر کے بال جلا کر راکھ کرکے چنبیلی کے تیل میں ملا کر قضیب پر لگائیں اور جماع کریں
اور اگر کبوتر کے بچاں کی سفیدی بھی ملائیں بہت فائدہ کرے گا دیگر امساک منی کیواسطے
مفید ہے تھوہر کا دودھ گائے کا دودھ دونوں برابر لیکر تمام دن دھوپ میں رکھیں رات کو
تلووں میں ملیں جب خشک ہوجائے بعد دو گھڑی کے جماع کریں دیگر سیاہ دھتورہ کی
پتیوں کا عرق نکال کر دونوں تلووں پر لگائیں جب خشک ہوجائے جماع کریں دیگر مشک
کافور کشانی کے ذیرہ کے ساتھ شہد میں پیسکر چھوٹے ذیرے کے برابر شیاف بنا کر
شور دنج میں رکھیں بعد ایک ساعت کے جماع کریں امساک منی کرتا ہے اور فائدہ

دیگر مینڈک شہد خالص مین پیسکر مثل زیرے کے بتیان بناکر ایک بتی سوراخ ذکر مین رکھین
اور ایک گھنٹے کے جماع کرین دیگر مین نے ایک کتاب مین دیکھا ہے کہ کوئی چیز کی جڑ بغلی کے
سر دیسکے برابر جماع کرتے وقت منھ مین رکھین جب تک منھ مین رہیگی انزال نہ ہوگا دیگر احتلام کو
نافع ہے اونٹ کے بال کی رسی بناکر ران پر باندھین دیگر لکھا ہے کہ چھپکلی کی کمر مین باندھنا
نافع احتلام ہے دیگر لکھا ہے کہ اودر کو گھوڑے اور خچر کی دم کا ایک ایک بال لیکر زندہ کوڑی
مین سوراخ کرکے ان دونون بالون مین پرودین اور سیدھے بازو پر باندھ کر جماع کرین انزال
نہ ہوگا دیگر لکھا ہے کہ چھچھوندر کا سیسہ چمڑے مین رکھ کر تعویذ بناکر کمر مین باندھین جب تک
کمر پر رہیگا انزال نہ ہوگا جب اسکو پیٹ کی طرف لاوین گے انزال ہوجائیگا دیگر کچلہ کو
شراب دو آتشہ مین پیسین اور ناخن پر گاڑھا ضماد کرکے بعد خشک ہونے کے جماع کرین امساک
کرتا ہے دیگر نجوہ کی پتیون کا شیرہ نکال کر ہتھیلیون اور تلوون مین مل کر بعد چار گھڑی کے جماع کرین
ایک کتاب مین لکھا ہے کہ امساک کرتا ہے جنتر کہ بالخاصیت انزال کو روکتا ہے کتا جس وقت
مادہ سے جفتی کرے اور لو گھنٹہ ہوجاوے نر کتے کی دم کاٹ کر چالیس دن زمین مین دفن کرین جب
دم گل کر ہڈیان باقی رہین اسکو تاگے مین پروکر اپنے پاؤن مین باندھ کر جماع کرین فائدہ جماع
کرنے مین چاہیے کہ لذت کی طرف مشغول و معروف نہ ہو بلکہ اور باتون کا خیال دل مین
لاوین جب جانے کہ انزال ہوا چاہتا ہے ٹھہر جاوے بعد ایک لحظہ کے پھر شروع کرے اسی طرح
سے انزال کے وقت رعایت کرتا ہے اور بہتر یہ ہے کہ ایک عدد معین سے مثل پانچ یا سات
کے شروع کرے ہر مرتبہ ایک عدد طاق بڑھاتا جاوے دوسری بات یہ کہ جب جانے کہ منی
نکلتی ہے چھنگلیا اور بیچ کی انگلی سے وہ رگ کہ خصیے کے نیچے اور درمیان مقعد کے ہے
زور سے پکڑے منی پھر جاوے گی اسی طور سے ہر دفعہ کرے اور بہتر وہ ہے کہ جب جماع کریگا تو
میٹھے لڈو سے پہر رگ دبائے رکھے حب ممسک شنگرف [illegible] انھون ہر ایک
چار ماشہ سہاگہ ایک ماشہ پیسکر سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنائے ایک گولی قبل جماع کے
کھائے جنتر لکھا ہو کہ اونٹ کی ہڈی مین سوراخ کرکے جس کے سرھانے رکھدین منزل نہ ہو

فصل امراض خصیہ کا علاج فتق یعنی بڑھ جانا خصیون کا فارسی مین اسکو باد خایہ کہتے ہین

فائدہ اگر داہنے خصیہ مین ورم ہو بائین ہاتھ کی رگ اسلیم کو داغ دین اور اگر بائین خصیہ مین
ورم ہو داہنے ہاتھ کی رگ اسلیم کو داغ دین درد و ورم خصیہ دفع ہوگا اسلیم ایک رگ ہے چھنگلیا
اور اسکے پاس کی انگلی کے بیچ مین اسکو سیخ کی پتلی جلا کر داغ دین اور طریقہ داغ کو اکثر واقف
جانتے ہین کہ اپنے ہاتھ پاؤن دوا کرتے ہین دوا [illegible] اہل ہند خصیہ کے بڑھ جانے کو نافع
ڈاک کی جڑ کی چھال سایہ مین خشک کرکے باریک پیس چھان کر سات ماشہ تازہ پانی سے
پھانکین درد ذات کو بھی مفید ہے سفوف درازی خصیہ کے واسطے کندر بارتنگ پرانی [illegible]
برابر کوٹ چھان کر دو درم گھی کے ساتھ کھائین اگر اول روز نفع ہو جائے خصیہ اپنے حال پر
آجائے گا جوشاندہ نافع فتق پانچ درم حب الآس تیس درم پانی مین جوش دین جب چہارم
حصہ رہ جائے صاف کرکے دس درم گھی ملا کر نیم گرم کھڑے ہو کر پئین دوا فتق کو نافع ہے سہاگہ
بریان چھ ماشہ پیسکر پرانے گڑ مین ملا کر چنے گولیان بنائین ایک گولی ہر صبح کھائین اسکے
اوپر تھوڑا گھی پئین غذا [illegible] ہے نمک ضماد نافع ورم خصیہ اونٹ کی مینگنی اور تھوڑی ہلدی کا
جوش دین جب گاڑھی ہوجائے پیسکر خصیہ پر نیم گرم لگائین دیگر ورم خصیہ سرد کو نافع خرمے کی گٹھلی کا
مغز [illegible] سرکہ مین ملا کر ضماد کرین دیگر ورم خصیہ اور اسکی خارش کو مفید ہے آدھ پاؤ جھنگ اور دو سیر
پانی مین جوش دین جب نصف رہے اس پانی سے خصیہ کو دھوئین اور اس کا ثفل ضماد کرین
دیگر بکری کی مینگنی جلا کر اجوائن خراسانی اسکے برابر لیکر پانی مین پیسکر نیم گرم لگائین ضماد گرم مین
پھل برگ تازہ کے رس مین پیسکر لیپ کرین دیگر بیخ ارنڈ سرکہ مین پیسکر نیم گرم لگائین دیگر
تخم [illegible] کوٹ چھان کر نیم گرم ضماد کرین دیگر ورم اور درد خصیہ کو مفید ہے [illegible] کی مینگنی
بکری کی ہر ایک برابر تخم [illegible] برگ ارنڈ کے عرق مین پیسکر ضماد کرین دیگر لڑکون سے
کے لئے نافع ہے اور [illegible] پانی مین پیسکر نیم گرم لگائین دوا نافع ورم گرم خصیہ جھنگ کو پانی مین
خصیون کو جب تک گرم ہو اس مین رکھین دو بارا اسی طرح کرین اور اس کا ثفل خصیون پر [illegible]
ضماد نافع ورم گرم خصیہ [illegible] پوست انار [illegible] پانی مین پکائین جب گلجائے پیسکر ضماد کرین
طلاء ورم خصیہ کو نفع دیتا ہے ریندی کا گودا پیسکر گرم کرکے روز دو تین مرتبہ [illegible] خصیہ کی ورد
ہوجائیگی ضماد [illegible] مازو اسگند [illegible] پانی مین پیسکر نیم گرم ضماد کرین دوا [illegible] پیسکر نیم گرم لیپ کرے اسکے

اور برگ سپان باندھیں دوا ورم سرد خصیہ کو مفید ہے درخت مروہ کے برگ و شاخ کوٹ کر
روغن بنا کر خصیہ پر باندھیں ورم رفع ہو جائیگا اور درد کو بھی مفید ہے فائدہ خصیہ کے ورم
گرم کا علاج فصد صافن ہے اور اجوائن خراسانی اور جو کا آٹا اور کدو کی لکڑی اور جھینے کی
نیبون کا عرق اور کائی اور صندل سرخ کا ضماد کرنا اور اگر ورم سرد ہو تبھی تخم السی شہد کا ضماد کریں
نطول ورم اور درد انثیین کو نافع ہے گل بابونہ جوش دیکر اسکے پانی سے نطول کریں اور اسکا
ثفل بجگہ ورم باندھیں طلا خصیہ کی چوٹ کو نافع ہے تھوڑی ہلدی پیسکر زردی بیضہ مرغ
میں ملا کر بجگہ ورم لگائیں طلا انثیین کی سختی کو نافع ہے زیرہ سفید اور سیاہ مرچ پانی میں پیس کر
پکائیں اور طلا کریں دیگر خصیہ کی سختی کو نافع ہے چنہ زیرہ شہد میں ملا کر لگائیں ضماد
خصیہ کی خارش کو مفید ہے درخت سرس کی چھال پیسکر ضماد کریں دیگر نافع ورم خصیہ
ریحان پانی میں پیسکر ضماد کریں دیگر خصیہ اور ذکر کے زخم کو مفید ہے جلایا ہوا گندہ انگور کی
لکڑی کی راکھ زخم کو نمک سے ترکر کے اسپر چھڑکیں غسول وہ دوا ہے رقیق جس سے
زخم وغیرہ دھوئیں غسول نافع قروح خصیہ پوست کیکر نکوفتہ پانی میں جوش دے کر
زخم کو اس سے دھویا کریں دوا نافع قروح ذکر کیلہ روغن منجمد میں ملا کر لگائیں ذرور
چاکسو باریک پیسکر زخموں پر چھڑکیں ضماد بلندی ناف کے رفع کے لئے یعنی اگر ناف اونچی
ہو جائے اس دوا سے حالت اصلی پر آجائے اور وہ بلندی عارضی جاتی رہے اجوائن کوٹ
چھان کر بیضہ مرغ کی سفیدی میں ملا کر ضماد کریں اور اوپر اسکے پیسے کا ٹکڑا باندھیں فصل
ان امراض اور اعراض کے علاج میں جو خاص عورتوں کو ہوتے ہیں عقر یعنی عورت کا
حاملہ نہ ہونا جس عورت کو یہ مرض ہو اسکو عربی میں عقیمہ کہتے ہیں اور اردو میں بانجھ کہتے ہیں اور عقر
کبھی ان اسباب سے حادث ہوتے ہیں کہ مانع حمل ہیں اس قسم کو عقر مجازی کہتے ہیں
یہ علاج پذیر ہے اور کبھی عقر بدون اسباب ہوتا ہے مثل بعض درختوں کے کہ وے نہیں
پھلتے یہ عقر حقیقی ہے اسکی دوا نہیں اور اسباب عقر کبھی مرد وزن میں ہوتے ہیں اور کبھی
عورتوں میں اس کا طریقہ امتحان کا یوں لکھا ہے کہ سات دانہ گیہوں یا باقلا یا جو کے علیحدہ
علیحدہ مٹی کے برتن میں رکھیں ایک طرف میں مرد دوسرے میں عورت سات روز تک

پیشاب کرے جس کے پیشاب سے دانہ مذکور اگ گئیں اسکی طرف عقر کا سبب نہیں ہے اور جسکے
پیشاب سے دانہ نہ اگیں اسمیں سبب عقر کا موجود ہے یا عورت و مرد علیحدہ علیحدہ پیالہ میں
پانی بھر کر اپنی منی اس میں ڈالیں جس کی منی پانی میں تہ نشین ہو جائے اسکی طرف عقر نہیں
ہے یا مرد و عورت جدا جدا کدو کی جڑ میں پیشاب کریں پس جسکے پیشاب سے درخت خشک ہو جائے
عقر اسی کی طرف ہوگا اب چند ادویہ مجمل مفید عقر کی لکھی جاتی ہیں سفوف حاملہ ہونے کے
واسطے نافع ہے ہاتھی دانت کا برادہ کوٹ چھان کر مصری برابر ملا کر رکھیں جس روز عورت حیض
فارغ ہو تو ماشہ سات روز تک کھائے بعد ساتویں روز کے مرد سے نزدیکی کرے تین دن میں
حاملہ ہو جائے دیگر حمل کیواسطے ناگیسر کو چھان کر برابر شکر ملا کر حیض کے بعد عورت تین
روز تک ایک کف دست کھائے غذا شیر برنج بعد اسکے جماع کرائے دیگر اسگندھ کوٹ چھان کر
شروع حیض سے پیشتر ایک درم سے دو درم تک کھائے غذا شیر برنج اور بعد پاکی کے جماع کرائے
حب نافع حمل کیواسطے مرمکی نوشادر برابر پیسکر بقدر چار چار تولوں کے گولیاں بنائیں
عورت ایام حیض میں ایک گولی روز کھائے بعد پاکی کے نزدیکی کرے دوا کہ حمل پر معین ہے
ہاتھی کا پیشاب قبل جماع یا وقت جماع عورت کو پلائیں عقر کو نافع ہے دیگر بیج پیاز انسیم
پانی میں پیسکر تھوڑے نمک کے دودھ کے ساتھ ہر روز کھائے اور عورت کو تین روز تک کھلائے
اسکے بعد نزدیکی کرے دیگر عقر کو نافع ہے گل دھتورہ سیاہ پیسکر شہد اور روغن زرد میں ملا کر کھلائیں
دیگر ایک عدد سمندر پھل تھوڑے عرق کے ساتھ نگل لیں بالخاصیت فائدہ رکھتی ہے حمول
کہ حمل پر اعانت کرے عنبر کو جو عورت کے دودھ میں پیسکر حمول کریں دوا اجوائن ایک قدر
چند روز کھائیں شیاف تھوڑی سرسوں پیسکر تین روز حیض کے شیاف کرے حاملہ ہو جائے
فرزجہ حمل پر اعانت کرتا ہے بازی کی بیٹ کو روغن گل میں فتیلہ کرے جب عورت حیض سے فارغ
ہو فرزجہ کرے اور لکھا ہے کہ اگر تھوڑا شہد ملا کر عورت کو کھلائیں بالخاصیت فائدہ
دیتا ہے فرزجہ کبوتر کی بیٹ حیض کے بعد فرزجہ کریں فصل حاملہ کی تدبیر کا بیان حاملہ عورت
کو فصد اور مسہل سے خصوص چوتھے مہینے کے قبل اور ساتویں مہینے کے بعد احتراز چاہئے
اور کھینچنے اور عدم رات حیض اور گندگی باتوں اور آواز ہولناک سے ہر وقت پرہیز کرنا واجب ہے

اور دو مہینے کے بعد ترک جماع کرنا چاہیے اور لازم ہے کہ کھانا بہت نہ کھائے اور بد ہضمی سے ڈرا کرے اور اگر حاملہ خوش و خرم اور صحیح الاشتہا ہو اور اسکو کوئی بیماری مثل درد ران اور درد سر اور متلی کے نہ ہو اور اسکی داہنی جانب میں بوجھ معلوم ہو اور داہنی چھاتی بڑی ہو اور چھاتیوں پر سرخی ظاہر ہو غالباً لڑکا جنے گی اور جس عورت کو دختر کا حمل ہوگا اس میں اسکے بالعکس نشانیاں پائی جائینگی اور اس کا سر بھاری اور چہرہ زرد اور بے رونق ہوگا اور بھوک کم اور کاہلی زیادہ ہوگی اور پستان اور دودھ رقیق ہوگا اور منہ بہت آئیگی اور چلنے میں پہلے اپنا بایاں پیر اٹھائیگی اور کھڑے ہونے کے وقت داہنا ہاتھ ٹیک کر اٹھے گی اور اطبا نے یہ بھی لکھا ہے کہ حاملہ ہتھیلی پر چون رکھکر اس پر اپنا دودھ دوہے اگر چون اس میں حرکت کرے پیٹ میں لڑکا ہونیکی علامت ہے اور اگر حرکت نہ کرے اور مر جائے دختر کی علامت ہے اور یہ بھی لکھا ہے کہ برگ چقندر خشک کرکے حاملہ کی ناک میں پھونکیں اگر چھینک آئے لڑکی اور اگر نہ آئے لڑکا جنے گی

اعمال حافظین یعنی وہ دوائیاں کہ حمل کو گرنے نہ دیں۔ بعضی عورتوں کو عادت ہو کہ ان کا حمل ابتدا میں گر جاتا ہے سرخ کپڑے میں سرخ تاگے سے کہ ریشم میں رنگا ہو ایک گرہ باندھ کر نو مہینے تک کمر پر باندھے رکھیں اور کہربا کے نگینے اور دو رنج عقربی کمر پر باندھنا مفید ہے دیگر وہ سوت کہ کنواری لڑکی نے کاتا ہو عورت کے سر یعنی تالو سے پاؤں کے ناخن تک ناپ کر اسکو بیس تار کا بنائیں اور سیاہ دھتورہ کی جڑ لیکر اسکو سات ٹکڑے کرکے اس تاگے میں جدا جدا باندھکر عورت کی کمر میں باندھیں دیگر زمرد کی انگوٹھی بائیں ہاتھ میں پہننا حاملہ کے جریان حیض کو نافع ہے طلا حاملہ عورت کی فرج کی خارش اور سوزش کے واسطے تخم خطمی لعاب ملتانی مٹی کو گیہوں کے عرق میں پیسکر لگائیں دیگر حجر سیتی کا نور گلاب میں پیسکر موضع مخصوص میں لگیں فائدہ کہربا کمر پر باندھنا حمل کو اسقاط سے محفوظ کرتا ہے اور معدہ پر لگانا تخمہ کو نافع ہے اور گردن پر یرقان کو فائدہ دیتا ہے اور سینہ پر رکھنا دل کو فائدہ کرتا ہے اور دافع طاعون ہے اور یہ سب تاثیرات بالخاصیت ہیں دوا حاملہ عورت کی بھوک کے فساد کے دفع کرنے کو مفید ہے بڑی الائچی دو درم چھ مثقال قند کے ساتھ پیسکر تین ماشہ روز کھلائیں

فصل عسر ولادت یعنی لڑکا پیدا ہونے کی دشواری عورت حاملہ کے نزدیک جننے وقت خوشبودار چیزیں بکھیر دیں

اور چار مثقال املتاس کے چھلکے پانی میں جوش دیکر تھوڑی شکر ملا کر پلانا عسر ولادت کیواسطے تاثیر عجیب رکھتا ہے اور گھوڑے کے سم کی دھونی نافع ہے اور بعضے اطبا نے لکھا ہے کہ تھوڑی گھوڑے کی لید کبوتر کی بیٹ کے ساتھ پانی میں گھول کر عورت کو کھلانا تسہیل ولادت کا فائدہ دیتا ہے اور سانپ کی کینچلی کا بخور مردہ لڑکے کو فی الفور نکالتا ہے اور گاجر کے بیجوں کا بخور بھی تسہیل ولادت کرتا ہے اور گل بابونہ دو ماشہ تھوڑے پانی میں جوش دیکر شہد بقدر ضرورت ملاکر پلانا بہت نافع ہے دوا اگر حالت حمل میں خون حیض جاری ہو جائے گوکھرو کی جڑ اور مصری پیسکر سفوف کرکے دفع حمل کے واسطے مفید ہے نیلوفر لعقینی رگڑی ہوئی صندل گھسا ہوا مصری برابر سفوف بنائیں اور ساٹھی کے چاول بھگو کر اس کے پانی سے ایک کف دست کھائیں حمل کہ بالخاصیت تسہیل ولادت کو نافع ہے سنگ مقناطیس کو ہاتھ میں لینا مجرب ہے دیگر تسہیل ولادت کے لئے کرنجوہ چمڑے میں رکھکر درد کے وقت بائیں پنڈلی پر باندھیں تھوڑی لکھنا عسر ولادت کو دفع کرتا ہے اور درد زہ کے وقت آدمی کے سر کے بالوں کی دھونی دینا دشواری ولادت کو نافع ہے اور آدمی کے بال جلا کر اسکی راکھ گلاب میں ملاکر عورت کے سر پر ملنا بالخاصیت نافع عسر ولادت ہے اور اگر سرخ کپڑے میں نمک باندھکر عورت کی بائیں طرف لٹکائیں بالخاصیت دافع عسر ولادت ہے اور سانپ کی کینچلی عورت کے پیٹ پر باندھنا اور اسکی دھونی دینا تسہیل ولادت کو فائدہ دیتا ہے اور چقماق کا پتھر لتہ میں لپیٹکر عورت کی ران پر باندھنا بالخاصیت دشواری ولادت کو مفید ہے اور اسی طرح سے بارہ سنگھے کا سینگ باندھنا نافع تسہیل ولادت ہے اور گدھ کا پر عورت کے پاؤں کے نیچے رکھنا عسر ولادت کو مفید ہے اور اگر سر بچھو کا ایک پر عورت کی کمر میں باندھے لڑکے کو جلد نکال دے اور زندہ سانپ کے دانت عورت کے گلے میں لٹکانا تسہیل ولادت میں اثر رکھتا ہے فرفیون تسہیل ولادت کرتا ہے اندرائن کی جڑ پیسکر گائے کے گھی میں ملاکر فرج پر ملیں تو وہ اس درد کو تسکین دیتی ہے جو بعد ولادت رحم میں ہوتا ہے دو درم پوست تخم خربزہ خشک کرکے سونف کے عرق میں پیس کر تین دن برابر کھلانا مفید ہے دیگر صعتر کو جوش کرکے پئیں دیگر معجون برشعثا ایک حبہ میٹھے پانی میں پینا فائدہ رکھتا ہے دیگر شربت اصول فائدہ دیتا ہے دیگر جوشاندہ پیچ کا نافع ہے

دیگر پوست شتر مرغ کا فائدہ رکھتا ہے فصل اُن دوا کا بیان کہ عورت کو بانجھ کریں ہاتھی کا لینڈ
نچوڑ کر ایک تولہ شہد میں ملا کر تین روز تک حیض سے پاک ہونے کے بعد کھائیں اور ہاتھی کے
لینڈ سے حمول کرنا بھی عورت کو بانجھ کرتا ہے دوا کہ عورت کو بانجھ کرے نوشادر پھٹکری پانی
میں پیس کر حیض کے بعد موضع مخصوص میں رکھیں دیگر اگر ہر روز صبح کو ایک لونگ نگلے حمل نہ ہو
دیگر اسپند ناگوری جلا کر حیض کے بعد کھائیں دیگر اگر سر ذکر کو میٹھے تیل اور نمک سے چرب کر کے
جماع کریں نطفہ کو رحم قبول نہ کرے گا دیگر شیاف کہ عورت کو بانجھ کر دے بابچی میٹھے تیل میں پیس کر
حیض کے بعد شیاف کرے دیگر ہلدی پیس کر حالت حیض میں کھائے اور جب حیض سے پاک ہو
تین روز تک کھائے حاملہ نہ ہو دیگر عورت کو بانجھ کر دے ببیل کی جڑ اور گل چنبیلی کا زیرہ برابر پیس کر
سایہ میں خشک کر کے شروع حیض میں تین روز تک کھائیں اسکے اوپر ایک گھونٹ پانی پئیں
جوشاندہ کہ مانع حمل ہے درخت فرش کی چھال اور گڑ جوش دیکر پئیں حمول سیاہ مرچ بعد
جماع کے اندام نہانی میں رکھنا حمل کو مانع ہے دوا ایک مثقال نیل اگر عورت کھائے
حمل کو مانع ہوگا دیگر کلونجی زیرہ تخم پلینہ کابلی ناگیسر بچور کلونجی کا پھل ہر ایک پانچ درم کوٹ
چھان کر گولیاں بنائیں حالت حیض میں عورت سات روز تک ایک ایک گولی کھائے
دیگر لکھا ہے کہ چنبیلی کی ایک کلی اگر عورت نگلے ایک سال تک حمل نہ رہے دیگر ایک رینڈی
کی گودی نگل جائیں ایک سال تک حمل نہ رہے اور اگر دو نگلیں دو سال تک نہ رہے
دیگر نمک طعام پیس کر حمول کرنا مانع حمل ہو دیگر چوہے کی مینگنی شہد میں ملا کر فرزجہ کرنا
حمل کو مانع ہو دیگر تدبیر کہ حمل نہ رہنے دے عورت اپنی ران جماع کے وقت بلند نہ کرے
اور مرد انزال کے وقت ذکر اپنا باہر نکال لے اور کوشش کرے کہ اپنے انزال کے ساتھ
عورت کو انزال نہ ہو اور عورت انزال کے بعد جلد کھڑی ہو کر چھینکے دیگر بالخاصیت مانع
حمل ہو لڑکے کا جو دانت پہلے گرے اور زمین پر نہ گرنے پائے اسکو لیکر آٹھ روز
چاندی میں منڈھ کر عورت بازو پر باندھے دیگر تخم حماض بائیں بازو پر باندھنا مانع حمل ہے دیگر
مینڈک کی ہڈی عورت اپنے پاس رکھے حاملہ نہ ہو دیگر جو عورت سانپ کے دانت اپنے
پاس رکھے حاملہ نہ ہو دیگر سات دانے کانچ کے حیض سے پاکی کے بعد عورت نگل لے

دیگر تخم چقندر کی لکڑی سایہ میں خشک کرکے جلا کر ایک ماشہ اسکی راکھ برابر شکر ملا کر اکیس روز تک
ہر روز کھائیں دیگر آدمی کے کان کا میل ایک دانہ باقلا کے برابر سیاہ رنگ کپڑے میں باندھ کر
عورت کی گردن میں لٹکائیں جب تک گلے میں رہے بالخاصیت مانع حمل ہو شیاف کہ تخم سپند
باریک پیس کر روغن گاؤ اور شہد میں ملا کر بعد حیض کے شیاف کریں فائدہ لکھا ہے کہ اگر عورت
اپنے لڑکے کے پیشاب پر پیشاب کرے ہرگز حاملہ نہ ہو یہ بالخاصیت ہے دوا اگر عورت ہر مہینے
میں تھوڑا پیشاب گدھے کا پئے ہرگز حمل نہ رہے دیگر حمل رہنے سے مانع اور درد رحم کو جو بعد جماع کے
ہو دافع ہے ادویات پیس کر روئی اس میں آلودہ کرکے کولہ بنا کر جماع سے پیشتر رحم کے منہ تک
پہونچائے فصل حمل گرانے کی دوا میں دوا اندرائن نچوڑ کر اس میں روئی ڈبو کر موضع مخصوص
میں رکھیں شیاف کہ حمل کو گرائے کڑوی توری نمک تخم پیس کر شیاف کریں شیاف صابون
حنظل شیاف کے بنا کر رحم کے منہ میں رکھیں یا اسکو روغن میں پیس کر روئی تر کرکے رحم کے منہ میں رکھیں
دیگر مرکی تخم سیاہ میں لپیٹ کر رکھ لیں اور ساتھ کو پیس کر شیاف کریں جوشاندہ پیٹ سے لڑکا نکالنے کے لیے
اگر تخم … پانی میں جوش دے جب آدھا پانی رہ جائے عورت پیے کہ حمل کو گرا دے نشان
بعد ازاں پیدا ہو رحم کے منہ کے پاس شیاف کرے حمل گرانا … برابر … کرنا
کرے شیاف کریں جو … لڑکے کا آنول جلد رحم سے نکالتا ہے درخت سہجنہ کی چھال … ساتھ
جوش دیکر پئیں بچہ مردہ کہ حمل کو گرا دے حنظل کبوتر کی بیٹ اور گاجر کے بیج برابر پیس کر گولی بنا کر شیاف کریں
کہ حمل کو گرائے … گیہوں میں ہوتا ہے اور ایلوا برابر لیکر شیاف کریں جلد کہ حمل گرانے میں
اعانت کرتا ہے اونٹ کی … پیس کر عورت کے پیٹ پر ضماد کریں دیگر حمل گرانے کو …
میں پیس کر ناف پر اور اسکے گرد لگائیں تجویز کہ حمل کو گراتا ہے … مرغی … کو گل … کر
بخور کریں اگر اس میں … زیادہ قوی ہو جائے بخور کہ زندہ اور مردہ لڑکے کو
پیٹ سے نکالے اور حمل کو گرائے گھوڑے کی لید عورت اپنے آگے جلائے اور بخور لے دیگر پوست
انار کا بخور بھی عمل کرتا ہے دوا کہ لڑکا گرا دے … کی جڑ جو انگل کاٹ کر اس کا ایک طرف
باریک بنائیں اور ایلوا لگا کے … میں … اس کو ایک طرف میں خوب لگا کر خشک کرکے
رحم کے منہ تک پہنچائیں اور اسکی دوسری طرف ایک تاگے سے مضبوط باندھیں اسی طرح

دو چار روز رکھیں تاکہ بچہ گر جائے دوا شورہ نیم دام نہار منہ کھائیں حمل گر جائے **شیاف**
ارنڈ کی جڑ یعنی رینڈی کے تیل میں تر کر کے شیاف کریں بخور گدھے کے سم اور اسکے گوہ کا بخور
لیں دوا اگر حمل کو گرا دے سنبل ہلدی پھٹکری ایک دام توتیا بھر کبوتر بچہ کے بچہ کا جوان ہر ایک
آدھا دام کوٹ چھان کر پانی میں ملا کر شیاف بنا کر خشک کریں پیچھے چکنا اور نرم کرنے والی چیزیں
مثل گھی اور دودھ کے فرج میں لگائیں بعد اسکے صبح و شام شیاف مذکور رکھیں اور استقاط حمل
کے بعد بھی میں ایک اندر کے مقام مخصوص میں رکھنا چاہیے کہ درد دفع ہو جائے اور بھی بعد
گر جانے حمل کے گوکھرو چھ ماشہ تخم خربزہ سونف ہر واحد ایک تولہ جوش دیکر چھان کر مصری ملا کر
پئیں اور غذا کچھ نہ کھائیں اور پانی کے عوض کپاس کی تازہ کلیاں اور بانس کی تازہ گرہیں چار چار
دام پانی میں جوش دیکر پلایا کریں دیگر جوشاندہ تخم گاجر تخم سویا تخم میتھی ہر ایک چھ دام دو سیر پانی
میں جوش دیں جب ایک سیر باقی رہے مل کر چھان کر دو ہفتہ تک اسی طرح پئیں گل گر جائے
فرزجہ مجرب ایلوا رنج سنگھوٹا تخم گاجر تخم مولی برابر کوٹ چھان کر فتیلہ کر کے رکھیں **شیاف**
کہ اسقاط حمل کیواسطے مجرب ہے ارنڈی گلی ایک دام ایلوا چار ماشہ مغز تخم گھی چار ماشہ باریک
پیسکر شیاف بنا کر صبح و شام فرج کے منہ میں رکھا کریں دیگر حمل گرانے کے واسطے چوب و جانگ
ایک مشہور کڑی ہے اسے اکثر اونٹوں کی خارش میں لگاتے ہیں ایک حصہ اس میں سے لیکر
پانی میں پیسیں اور تین حصہ ریوند ملا کر خربزے کی گٹھلی کے برابر شیاف بنائیں اور خشک کر کے رحم
کے منہ میں رکھیں دو یا تین روز میں حمل گر جائیگا اور اگر رحم کے گرد اگرد دانے پڑ جائیں اس میں
بھی لگائیں جوشاندہ پوست اخروٹ پوست بیلو تخم مولی تخم گاجر تخم سویا کلونجی مساوی چوب
کر کے دو چند گڑ ملا کر موافق قرار کے پانی میں جوش دیں جب تو ہم حصہ باقی رہے پلائیں **مفصل**
اوویہ کہ مقام مخصوص کو تنگ کرے محمول یعنی خشک کر کے پیسکر محمول کریں سفوف قبل
کی تنگی کے لئے ڈھاک کی کلیاں سایہ میں خشک کر کے برابر شکر ملا کر تین دام روز کھایا کریں چودہ
روز میں تنگ ہو جائیگی شیاف مدار کی جڑ عورت اپنے پیشاب میں پیسکر شیاف کرے چار
گھڑی کے بعد مرد کے پاس جائے مرد اس پر فریفتہ ہو جائے فرزجہ بچوب خشک کر کے عورت
اندام نہانی میں رکھے کوئی شخص اس پر قادر نہ ہو سکے دیگر تنگی کے واسطے ببول کی چھال جھربیری کی

کی چھال مولسری کی چھال کچنال کی چھال پوست انار مساوی الوزن تھوڑے پانی میں جوش دیکر
اس پانی سے آبدست لیں اور جوش کرتے وقت ایک سفید کپڑا اس میں ڈال دیں جب بھیگ جائے
تھوڑا کپڑا مقام مخصوص میں رکھیں سفوف ڈھاک کی گوند سایہ میں خشک کریں اور کوٹ چھانکر
اسکے برابر مصری ملاکر نیم دام سے دو دام تک کھائیں سات روز میں تنگی کا اثر ظاہر ہوگا دوا تنگی
کے لئے سیپ پیسکر ہر روز دو بار موضع مخصوص میں ملیں دیگر سپاری جوش کی ہوئی بھی پیسکر ملیں دیگر
گھونگچی کو خشک کرکے گیشیز سے کا پوست جلا کر راکھ اسکی ملیں دیگر گل جامن جوزی کوٹ چھان کر اندام نہانی
میں رکھیں دیگر پوست درخت بکائن خشک کرکے پیس چھان کر شیاف بنا کر مقام مخصوص میں رکھیں
نہایت مفید ہے دیگر مچھلی بالک کے بیج کوٹ چھان کر فرزجہ کریں سفوف اس رطوبت کو دفع کرے
کہ رحم سے بہتی ہے مولسری کی چھال خشک کر کے کوٹ چھان کر اسکے برابر شکر ملاکر ہر صبح ایک
کف دست تازہ پانی سے پھانکیں فرزجہ مغز تخم تمر ہندی کوٹ چھان کر صبح و شام مقام مخصوص
میں ملا کریں دیگر کیکٹ دریائی مغز تخم املیلہ برابر پیسکر موضع مخصوص میں رکھیں تنگ ہو جائے فرزجہ
اندام نہانی کی تنگی کے واسطے مجرب ہے اور اس سے بہتر کوئی دوا نہیں چرچنیا گوند چھ ماشہ باریک پیسیں
اور دو تولہ پھٹکری بریان کریں اور بریان کرتے وقت پانی میں ڈالیں چنیا گوند ملا کر اس پر چھڑکیں
بعد سرد ہونے کے پیسیں پھر تھوڑا گل دھاوہ ملا کر دوسری بار پیسکر محل مخصوص میں رکھیں فائدہ
عجیب دیکھیں دیگر تنگی کے واسطے مفید ہے کچنال کی کلی ایک دام پوست انار موچرس ہر ایک
پانچ ماشہ کچی چھالی ببول کی خشک کی ہوئی چار عدد مازو ایک عدد باریک پیسکر کپڑے میں چھان کر
استعمال کریں سہاگہ سونٹھ یعنی معجون انگریزی بلا ہند کا نسخہ ہے عورتوں کی کمر کی قوت کیواسطے
سونٹھ نیم آثار میں پاؤ گھی اور گائے کے دودھ میں جوش دیں جب گاڑھا ہو جائے مغز تخم خربزہ مغز
نشاستہ مغز ہر ایک دو تولہ مکھن ہر ایک سفید موصلی گوند ناگوری ہر ایک آدھ آدھ تولہ
تیزپات صندل پیسکر گل دھاوہ ہر ایک نو ماشہ گوکھرو پیپل سیاہ مرچ بالچھڑ ناگر موتھا مغز تخم کونچ
چنیا گوند ہر ایک چھ ماشہ کوٹ چھان کر شکر میں معجون بنائیں مفصل پیسلا کھانے سے بھی زیادہ …
خون حیض کا اگر جاری نہ ہو … میں اس بیماری میں …
… مفید ہے دوا کہ خون حیض کو جاری کرے بکائن کی کونپل ایک تولہ … کی طرح سفوف کر کے …

نکالنے کے واسطے کھونے میں مگر جس رنگت خون کی جب بدل جائے اور خون اچھا آنا شروع ہو
بند کردیں اگر فصد کھولیں اور خون بند ہو کر جی کا جالا یا گاڑھا قطرہ آجائے اس پر نمک کر باندھ دیں
اور اگر ورم کے آثار ظاہر ہوں سرد لیپ مثل صندل کے اور صندل سرخ اور رسوت کے لیپ لگاویں
باب نوان حجامت اور علق یعنی پچھنے اور سنگی اور جونکوں کے بیان میں کہ لڑکوں کے لئے
بجائے فصد ہے حجامت دو سال سے کم عمر میں جائز نہیں ہے اور بعد ساٹھ برس کے منع ہے
اور حجامت کی دو قسمیں ہیں ایک صرف سنگی کھینچنے کے بدون نشتر خلاف جہت میں جذب مادہ اور عضو
کے گرم کرنے کے واسطے ہے دوسری قسم حجامت بالشرط یعنی سنگی پچھنے دیکر یہ خاص عضو اور
اطراف جلد کے پاک کرنے کے واسطے خوب ہے وسط ماہ میں حجامت بہتر ہے حجامت ساقین یعنی
پنڈلیوں کی حجامت فصد باسلیق و صافن کی قائم مقام ہے امراض جلد میں جونکوں کا استعمال
بہتر ہے مگر مناسب مادہ کے لگائیں زیادتی اور کمی سے احتراز کریں یعنی جونکیں زہردار ہیں جو موٹی
اور ان پر سیاہ و سبز خط ہوتے ہیں اور اگر بعد چھوٹ جانے جونکوں کے خون جاری رہے راکھ باریک
چھان کر اس پر باندھیں **باب دسوان غلبہ اخلاط کی نشانیوں کے بیان میں** غلبہ خون کی
علامت منھ کی شیرینی اور رنگ زرد و چشم و قارورہ کی سرخی اور بدن سر کا بھاری ہونا اور بدن میں
دانے نکلنا اور ناک اور مسوڑھوں سے اکثر خون نکلنا غلبہ صفرا کی نشانی منھ اور آنکھ اور زبان
اور پیشاب کا رنگ زرد ہونا اور منھ کا مزہ تلخ اور ناک میں خشکی اور گھبراہٹ پایا جانا اور بیداری اور
پیاس اور سوزش کی زیادتی غلبہ بلغم کا نشان رنگ رو اور زبان اور آنکھ اور رنگ بول کی سفیدی
اور بدن کا ڈھیلا ہونا اور منھ اور ناک کی سردی اور رطوبت بہت نکلنا اور پیاس کی قلت اور نیند
کی کثرت اور منھ کی بدمزگی غلبہ سودا کے آثار تیرگی رنگ اور قارورہ کی سیاہی اور سوزش اور بدن کی
خشکی اور لاغری اور منھ ترشی اور اعضا کا بھاری ہونا اور ماندگی اور ضعف اور اشتہا اور
غلظت پیشاب کی اور جاننا چاہیے کہ بدن کی فربہی بہ رنگ سفید مزاج بلغمی کی دلیل ہے اور زردی
رنگ لاغری کے ساتھ مزاج صفراوی کی دلیل ہے سرخی رنگ فربہی کے ساتھ مزاج دموی
کی دلیل ہے اور سیاہی رنگ لاغری کے ساتھ مزاج سوداوی کی دلیل ہے اور لاغری بدن کی خشکی
کی دلیل ہے اور موٹا ہونا رطوبت کی دلیل ہے اور بالوں کا گھنجان ہونا اور ان کی کثرت حرارت

کی دلیل ہے اور سیدھا ہونا بالوں کا اور ان کی قلت برودت کی دلیل ہے اور ہر کیفیت سے
جلد اثر قبول کر لینا اس کیفیت کے غلبہ کی دلیل ہے اور ذہن کی تیزی اور جلد جلد بات کرنا
حرارت کی دلیل ہے اور ذہن کا کند ہونا اور حیا و وقار کی زیادتی برودت کی دلیل ہے اور فضلات
شدید رنگ ہونا حرارت کی دلیل ہے اور ضد اس کا برودت کی زیادتی فضول کی زیادتی رطوبت
کی دلیل ہے اور اس کی کمی خشکی کی دلیل ہے **گیارہواں باب حفظ صحت کی
ترکیبوں میں** موجودہ تندرستی کا حفظ کرنا گئی ہوئی تندرستی کے پھیرنے سے اسہل ہے حافظ
صحت کو ضرور ہے کہ نقصان کرنے والی اشیاء سے جو آگے لکھی جائیں گی پرہیز کرے اور
اپنے نفس صحت کا دوست رہے کسی چیز پر حرص نہ کرے جو دواجب الترک ہو اس میں ذرا
عقل کو دخل دے کر اس کی رغبت نہ کرے خصوصاً مرض و نقاہت کی حالت میں اور جن
چیزوں کا استعمال ضرور ہو ان میں تنگ دل نہ کرے اور کسی شے کی عادت نہ ڈالے کہ عادت
طبیعت ثانی ہو جاتی ہے ریاضت معتدل بھی حافظ صحت محلل فضول و باعث اشتہا ہے
اس کو لازم کرنا چاہیے اور دوا علالت میں ادویہ اقویہ کا استعمال نہ کریں بلکہ اگر اصلاح مزاج
کو غذا کافی ہو دوا کا استعمال نہ کریں جہاں غذا سے کام نکلے دوا نہ کھائیں اور جب تک ایک
دوا سے مقصد حاصل ہو دو دوا کا استعمال نہ کریں علیٰ ہذا القیاس دو دوا کافی ہوں تو تین دوا
کا اختیار نہ کریں اور سہل دوا سے ابتدا فرمائیں **فائدہ** علاج تین طرح سے ہوتا ہے
ایک تدبیر و غذا سے دوسرے دوا سے تیسرے اعمال ید یعنی ہاتھ کے کاموں سے
جیسا چیرنا پھاڑنا وغیرہ و اسباب ستہ ضروریہ میں کہ غذا کو بھی شامل ہے تصرف کرنے کا نام
تدبیر ہے کبھی غذا سے منع کرتے ہیں جیسا کہ بحران میں بھی تقلیل غذا کا حکم کیا جاتا ہے
اگر کچھ قوت باقی رکھنا منظور ہو اور تقلیل یا مقدار غذا کی راہ سے ہوتی ہے یا غذائیت کی
راہ سے مقدار کی کمی اس وقت چاہیے کہ طبیعت غذا کے ہضم کرنے سے عاجز ہو اور غذائیت
کی کمی اس وقت ملحوظ ہوگی کہ بھوک زیادہ ہو اور رگوں میں اخلاط بہت ہوں غذا ہر چند
قوتوں کی دوست ہے مگر دشمن بھی ہے اس وجہ سے کہ مرض کو مدد پہنچاتی ہے اور مرض
دشمن ہے اور دشمن کا دوست دشمن ہوتا ہے پس استعمال غذا کا مرض میں اسی قدر چاہیے

بھین دیگر کہ خون حیض کو بند کرے کپاس کے پھول جلا کر اسکی راکھ ایک ایک کف دست پانی کیساتھ
پھانکیں دیگر سر بالا جلا کر اسکی راکھ ایک کف دست پھانکیں دیگر کرنجی کی چھال سات ماشہ کوٹ
چھان کر تھوڑی شکر کے ساتھ پانی سے پھانکیں سفوف قطع خون حیض کو بند کرتا ہے مسور
ابر ماش دو تو سالم کے چاول ایک تولہ سب کو جلا کر باریک پیسکر سفوف بنا کر ایک کف دست
کھائیں سفوف کہ حیض بند کرے چنے جلائے ہوئے گیرو رسوت سادی پیسکر برابر شکر ملا کر ایک
کف دست پھانکیں دیگر خون حیض کے بند کرنے کے لئے گل بابونہ شکر تری ہر ایک چھ ماشہ باہم
کھائیں دیگر دال پیسکر شکر کے ساتھ سفوف بنا کر کھائیں دیگر سنگ جراحت گیرو برابر سفوف بنائیں
خوراک چھ ماشہ صبح کو سرد پانی سے پھانکیں دیگر چھوٹی دودھی سایہ میں خشک کرکے کوٹ چھان کر
ہر صبح ایک کف دست کھائیں دیگر استحاضہ کے دفع کے واسطے دانہ لاکھ شکر برابر پیس کر ایک
کف دست پانی سے کھائیں دیگر اسگندھ کوٹ چھان کر مصری برابر ملا کر ایک تولہ پانی سے پھانکیں
دیگر ببول کا گوند بریان کرکے گیرو برابر پیسکر ہر صبح دو مثقال کھائیں دوا خون حیض کی زیادتی کو
نافع ہے ہار سنگھار کی کونپل سات عدد سیاہ مرچ سات عدد پانی میں پیس چھان کر پئیں دیگر
ملتانی مٹی پانی میں بھگو کر اس کا آب زلال پئیں جوشاندہ کہ کثرت خون حیض کو نافع ہے دھنیا
خشک ایک کف دست جوش دیکر چھان کر چند روز پئیں دیگر کچنال کی کلیاں اور سیر گوبر اور خرفہ
کا ساگ اور شور کی دال اور بیسن کے پھول پکا کر خشک چاول کے ساتھ کھائیں حیض
کو روکتے ہیں معجون کوشل کہ ہندی میں اسے سپاری پاک کہتے ہیں خون حیض اور رطوبت
فرج کے دفع کے واسطے نافع ہے گائے کا دودھ پانچ سیر سپاری چکنی پاؤ سیر کوٹ چھان کر
دودھ میں ڈال کر نرم آگ پر جوش دیں تاکہ یک جائے بعد اسکے آدھ سیر شکر ڈال کر قوام کریں پھر
چھوٹی بڑی مائین ہر ایک اڑھائی درم تخم سپاری کے پھول گل دھاوا ہر ایک پانچ درم تخم
ڈھاک کا گوند آدھ پاؤ سب کو مثل سرمہ کے باریک کوٹ چھان کر جب قوام سرد ہونے کے قریب
ہو دوائیاں اس میں ملائیں اور پاکیزہ برتن میں رکھ کر بقدر حاجت ایک درم سے تین درم تک
کھائیں قرص کہ حیض کی زیادتی کو بند کرے رسوت ببول کا گوند لال ہر واحد ایک ماشہ سپاری
اڑھائی ماشہ پیس چھان کر پانی میں ایک ماشہ کے برابر قرص بنائیں دو تین قرص کھائیں معمول

کہ خون حیض کو بند کرے گدھے کی لید خشک کرکے پوٹلی میں باندھ کر حمول کریں دوا بکری کی مینگنی
خشک پیسکر پوٹلی بنا کر رحم کے منہ کے قریب رکھیں اور اگر تھوڑا کندر اسمیں ملائیں تو قوی الاثر
ہوجائے دیگر خون حیض کو روکنے کو دست ابار جوش دیکر ایک تولہ پئیں فرزجہ کہ قطع خون
کے واسطے مجرب ہے زیرہ بریان و زیرہ غیر بریان سرخ چانولوں کی پیچ میں پیسکر فرزجہ کریں
فصل احتباس حیض یعنی بند ہوجانا خون حیض کا اگر قلت خون بدن کی جہت سے حیض
بند ہوجائے عند الاطباء نہیں اور اگر کسی اور سبب سے بند ہوجائے علاج کرنا چاہیے فصل قبل ایام
حیض کے قبل کھولنا حیض کو جاری کرتا ہے جوشاندہ کہ حیض کو جاری کرے دوا تخم ترب تخم
تخم گاجر تخم سویہ تخم مولی اجوائن سونف تلی کی پتیاں دو ماشہ تو کی قند سیاہ برابر ملا کر جوش دیکر پئیں
دیگر ادرار حیض کے واسطے برگ و گل نرسکھی کپاس آدھ پاؤ ایک سیر پانی میں جوش دیں جب
چہارم پانی رہے صاف کرکے چار درم گڑ ملا کر پئیں جوشاندہ کہ حمل کو گرا دے اور حیض جاری کرے
پوست اخروٹ تخم مولی پوست املتاس برسیاوشان بارتنگ بکوفتہ ہر ایک نو ماشہ قند سیاہ دو چند
اور سب کو ملا کر جوش دیکر پئیں اور بعضے کلونجی اور پوست ترب بھی زیادہ کرتے ہیں جوشاندہ
حیض جاری کرنے کے واسطے ترب کی چھال بکوفتہ دو تولہ سونٹھ بکوفتہ چار ماشہ قند سیاہ دو تولہ
ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دیں جب آدھ پاؤ پانی رہے چھان کر پئیں جوشاندہ درد کے واسطے کہ
حالت حیض میں عورت کو عارض ہوتا ہے نافع ہے سونٹھ بارتنگ نیم درم قند سیاہ دو درم جوش دیکر
پئیں نقوع کہ حیض کو جاری کرے تخم سیاہ گلو ہر واحد ایک تولہ رات کو پانی میں تر کریں صبح کو
شیرہ نکال کر تھوڑی شکر ملا کر پئیں سفوف کہ حیض جاری کرے تخم مولی تخم گاجر تخم کوٹ چھان کر
ایک کف دست نیم گرم پانی سے پھانکیں دیگر کلونجی پیسکر ایک کف دست پھانکیں دیگر
جوارش شونیز یعنی کلونجی پیشاب اور حیض کا ادرار کرتی ہے اور درد رحم کو دفع کرتی ہے فتیلہ
یعنی بتی کہ حیض کو فراغت سے جاری کرتی ہے گڑ تھوڑے گھی میں ملا کر کسی برتن میں آگ پر پکائیں
جب بتی بنانے کے قابل ہوجائے تھوڑا ایلوہ خشک پیسکر ملا کر فتیلہ بنا کر رحم کے منہ میں
رکھیں تجویز الطفا الطبیب یعنی لکھا اگر عورت اس کا عوض چند بار سے حیض جاری ہوجائے
دیگر بھونی گندہ بیروزہ کا بھی ادرار حیض کرتا ہے ضماد حاملہ عورتوں کے لئے درد کو مفید ہے

کالی زیری دو دو درم ریٹھی کا گودا آدھ پاؤ سونٹھ ایک دام سب کو جوش دیکر پیسکر گرم ضماد کریں
حمول کہ رحم کو رطوبات سے پاک کرتا ہے مرچی لونگ برابر کوٹ چھان کر تر میں باندھ کر صبح و
شام رحم کے قریب رکھیں تین دن میں پاک کرے دیگر رحم کی رطوبات کو جذب کرے مجیٹھ
بار رنگ گندہ بیروزہ خشک ہر واحد ایک حصہ تخم سویا لاہوری نمک ہر ایک آدھا حصہ شہد دیگر
روئی اس میں تر کرکے رحم تک پہونچائیں دیگر بار رنگ کف دریا ہر واحد ایک حصہ گندہ بیروزہ خشک
لاہوری نمک ہر ایک دو حصہ کوٹ چھان کر کپڑے میں باندھ کر محل مخصوص میں رکھیں دیگر
اس درد رحم کو کہ سردی سے ہو نافع ہے تل میٹھے تیل میں پیسکر گرم ناف سے نیچے ضماد کریں
حمول گندہ بیروزہ لونگ بار رنگ لاہوری نمک زیرہ ہر ایک تھوڑا لیکر میٹھے تیل میں پیس کر اس میں
روئی تر کرکے رکھیں رحم کو رطوبات سے پاک کرتا ہے فرزجہ کہ رحم کے زخم کو نافع ہے پہلے شور کے
خیسات کریں تاکہ پیپ اور کثافت دور ہو جائے بعد اسکے مازو پانی میں جوش دیکر اس پانی میں
کپڑا تر کرکے خیسات کریں کہ خشک ہو جائے اور علق تری مقام مخصوص میں باقی نہ رہے دیگر
ہلدی باریک پیسکر گھی میں ملاکر اس میں روئی تر کرکے خیسات بنائیں اور رحم تک پہونچائیں
ورم رحم کو بالکل زائل کرے اور بہت نفع دے روغن زعفران کہ رحم کی سختی کو تحلیل کرتا ہے
پچاس مثقال زعفران ساڑھے تین رطل میٹھے تیل میں ڈال کر پانچ روز تک رہنے دیں اور
ہر روز بلا ناغہ ملا کریں بعد اسکے استعمال میں لائیں **فصل** امراض مفاصل کا علاج وجع
مفاصل جوڑوں کے درد کو کہتے ہیں اور نقرس پاؤں کے انگلیوں کے درد کا نام ہے اور
وجع الظہر پیٹھ اور کمر کے درد کو کہتے ہیں اور عرق النسا کو ہندی میں راگھن کہتے ہیں اور وہ
درد ہے کہ جوڑ سے شروع ہوتا ہے اور پاؤں کی انگلیوں تک پہونچتا ہے ہر چند کہ بیماریاں یہ
در پے منضج اور مسہل کے بدون نہیں جاتی ہیں لیکن چند دوائیں بھی کہ منفعت میں جوڑوں کے واسطے
بھی جاتی ہیں فصد کرانا ... کی ہے ان امراض میں بہت فائدہ کرتی ہے فصد کے بعد جو دوا استعمال
کریں سریع التاثیر ہوگی جوشاندہ منضج وجع مفاصل کو نافع ہے سونف تخم کاسنی گل بنفشہ
ہر ایک دو درم سونف کی جڑ کاسنی کی جڑ ملٹھی بیخ کبر ہر ایک دو مثقال گل بابونہ گلقند ہمراہ روغن گل
میں سفوف سورنجان نافع وجع مفاصل و مسہل اخلاط ہو بعد تنقیح مادہ پانچ روز تک

استعمال کریں سورنجان شیریں دس درم سنا مکی سات درم پوست ہلیلہ زرد چار درم تربد سفید
مجوف تین درم ... ہر دو درم ... زعفران ایک درم نمک کوٹ چھان کر ...
... خوراک پانچ درم تک حب ... یعنی جیسا مسہل ہو ... وجع مفاصل
کو نافع ایلوا دس درم پوست ہلیلہ زرد پانچ درم تربد سفید سورنجان کوگل ہر ایک دو دو درم سقمونیا
... نمک ہندی ... ہر واحد ایک دام اجوائن ... سیاہ ... ہر ایک
... قند تین درم کوٹ چھان کر گولیاں بنائیں خوراک تین درم حب عجب ... یہ گولیاں ...
مزاجوں کے لائق ہیں حب مقل یعنی کوگل وجع مفاصل و درد زانو و پشت کو نافع ہے کوگل
ایک حصہ قند سیاہ دو حصہ بیر کے برابر گولیاں بنائیں ایک گولی تھوڑے گھی کے ساتھ کھایا کریں
استعمال اس کا بعد مسہل لینے کے چاہیے حب ... مسہل ہے وجع مفاصل ...
اور بچھو کے درد کو نافع ہے ... ہلیلہ سیاہ ... اجوائن ہیلا ہر ایک ایک دام ...
سونٹھ اسگند ہر ایک دو دو درم کوٹ چھان کر قند سیاہ میں ملا کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں
موافق مزاج کے حب ... تمام بدن کے درد کو جیسے ہندی میں ... کہتے ہیں نافع ہے پوست
ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ سیاہ بادیان ... کالی زیری ہر واحد ایک حصہ ...
پانچ حصہ کوٹ چھان کر گولیاں بنائیں خوراک دو درم حب شنگرف درد مفاصل اور آتشک
کو نافع ہے شنگرف ہلدی ... اجوائن ... اسگند ... بچھو کے
اسگند ... سیاہ مرچ ... کوٹ چھان کر ... گولیاں
بنائیں خوراک ایک درم دیگر شنگرف پارہ ... ہر ایک دو دو ماشہ اجوائن پانچ ماشہ ...
کی گولیاں ... کے ساتھ ... شنگرف ... پارہ اور شنگرف باہم خوب پیسکر ادویہ کوٹ
چھان کر ... عرق میں ... کرکے گولیاں بنائیں اور ایک گولی کھائیں اس بات کا خیال
رکھنا چاہیے کہ حب شنگرف ... کھانے کے ایام میں ترشی ... بادی
گوشت و نمک سے پرہیز کریں اور ... انگلیوں کی ... بہت ...
... جوشاندہ ... اہل ہند سے درد کو نفع دیتا ہے ...
... سونٹھ ... مساوی کرکے دس دام ... ایک رطل پانی میں رات کو بھگو کر

صبح کو جوش دیں جب چوتھائی پانی رہ جائے چھان کر پئیں نسخہ دیگر درد کو موتھا رینڈی کا مغز ہر ایک چھ درم
گھی و شکر ہر ایک پانچ درم گائے کا دودھ آدھ سیر اول رینڈی کا مغز پیس کر گھی میں بریان کریں پھر
دودھ میں ملا کر جوش دیں جب گاڑھا ہو جائے شکر ڈال کر حلوا بنائیں جو اکثر بلغمی مزاج کے
لوگ ہیں کھائیں چھ ماشہ وجع مفاصل اور قلبی بادی بیماریوں کو نافع ہے دیگر اجوائن کلونجی میتھی برابر
لیکر صبح کو ایک چٹکی ہر شئی تین انگلیوں سے جس قدر اٹھے پھانک کر پانی کے گھونٹ سے حلق
میں اتاریں یہ نسخہ درد کمر میں بھی مفید ہے معجون وجع مفاصل کیواسطے سورنجان دس درم سنائی
پانچ درم ہلیلہ اسارون زیرہ سفید پیپل ہر ایک دو درم شہد برابر دوا کے لیکر معجون بنائیں خوراک
دو مثقال گرم پانی سے دوا درد کمر اور وجع مفاصل کو گرمی سے ہو نافع ہے دیگر ایک درم تخم
تین درم ملا کر کھائیں اور تین درم تخم خشخاش تین درم قند کے ساتھ بھی نافع ہو چار دانہ کر سے
بیماریوں میں استعمال کرتے ہیں مالکنگنی تخم کو اجوائن برابر ملا کر تین ماشہ صبح کو پانی کے
ساتھ نگل جائیں یہ دوا مقعد کو بھی مفید ہے دوا نافع وجع مفاصل اور پانی کے
اور درد کو مفید اور نافع بلغم اور حافظ صحت ہے مالکنگنی پہلے روز اول ایک دانہ کھائیں اور
ہر روز ایک ایک دانہ بڑھایا کریں جب سو دانہ تک پہنچے ایک ایک دانہ کم کریں اس عرصہ میں اور
بیماری میں بیماری مذکورہ رفع ہو جائے اور بھوک زیادہ ہو گی اور اگر زیادہ کرنے کے دنوں میں
گرمی معلوم ہو زیادہ نہ کریں بلکہ اسی وقت سے ایک ایک کم کر دیں دیگر درد کمر کو نافع ہے کریں
کی لکڑی جلا کر دو ماشہ تھوڑے گھی کے ساتھ کھائیں دیگر پھٹکری پانوں کے رہ جانے کو نافع ہے اور
بعض بادی کو نفع کرتا ہے اور جو شخص قولنج کا عادی ہو اسکو بہت فائدہ دیتا ہے رینڈی کی بھیل
کی کھائیں پہلے روز ایک دانہ دوسرے روز دو دانے اسی طرح ہر روز ایک ایک دانہ زیادہ
کرتے رہیں جب سات دانہ کی نوبت پہنچے ایک ایک دانہ روز کم کریں دیگر پانی کے درد کو نافع ہے
ہر روز ایک ماشہ تخم کھائیں دیگر درد اعضا کو نافع ہے پوست خشخاش بقدر برداشت
طبیعت پانی میں بھگو دیں اور اس قدر کہ نشہ ہو دیگر شوربہ دو ماشہ پھرتی ایک دام
شہد میں ملا کر تین روز کھائیں اور دو ماشہ میٹھے تیل میں ملا کر لگائیں دیگر شکر اور گھی ملا کھانا
درد کو قطع کرتا ہے دیگر روغن تخم لگاتے ہیں اور گھی کی طرح ہے

اعضا پر ملنا بادی کے درد اور وجع مفاصل وغیرہ امراض بادی کو مفید ہے دیگر درد کمر کو نافع ہے
رینڈی لاہوری نمک سیندھا گڑ ایک ایک تولہ مینگ چھ ماشہ گیہوں کا آٹا آدھ پاؤ سب کو باریک پیس کر
روٹی پکائیں جب ایک طرف روٹی پک جائے مقام درد پر باندھیں روغن پھلو
کے سفید مگر مائل بزردی ہوتا ہے کہ پہاڑ سے لاتے ہیں اس کا ملنا نقیہ کے وجع مفاصل اور
درد سر اور بادی اور بلغمی درد کو فائدہ رکھتا ہے روغن سنبھالو اس کا ملنا وجع مفاصل
کو نافع ہے برگ سنبھالو کوٹ کر اس کا عرق نچوڑ کر اسکے برابر میٹھا تیل ملا کر جوش دیں جب پانی
جل جائے اور صرف تیل رہ جائے چھان کر نیم گرم درد پر ملیں اور برگ سنبھالو گرم کر کے اوپر باندھیں
روغن بید انجیر وجع مفاصل کو نافع ہے آٹھ سیر پانی میں جوش دیں جب
دو سیر رہ جائے رینڈی کے تیل میں ڈال کر اس قدر جوش دیں کہ پانی جل کر صرف روغن رہ جائے
مالش کریں دیگر روغن نافع وجع مفاصل روغن السی روغن سرسوں روغن کنجد ہر ایک
آدھ پاؤ دھتورہ کے درخت کا عرق کرتی اور پھل اور جڑ سمیت نکالا ہوا ان سب تیلوں میں
ڈال کر نرم آگ پر جوش دیں جب پانی جل کر روغن رہ جائے چھان کر درد پر ملیں اکسیر ہے
ارنڈ یا مدار کے پتے باندھیں روغن مدار ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور اسکی مدد سے وجع مفاصل کو
نفع دیتی ہے مدار کی جڑ کو نشتر کر کے تیل میں جلائیں جب جل کر نشین ہو جائے روغن چھان کر
ملیں اور صرف مدار کے پتے گرم کر کے زانو کے درد پر باندھنا بھی فائدہ کرتا ہے روغن کدو
مفاصل اور فالج کو اور جسے پانی لگے بگڑا ہو نافع ہے میٹھا تیل پاؤ سیر جس میں آدھ پاؤ کیچوا چار عدد
لہسن چھلا ہوا اور کیچوا میٹھے تیل میں جلائیں کہ خاک ہو جائے پھر چھان کر استعمال کریں
اور ہوا سے پرہیز کریں روغن اسپند کمر اور پنڈلی اور پہلو کے درد اور رگ یعنی عرق النساء
کو مفید ہے اسپند میٹھے تیل میں جلائیں اور چھان کر استعمال کریں اور بعضوں کے نزدیک
روغن اسپند کی یہ ترکیب ہے اسپند آٹھ درم سونٹھ دو درم رات کو پانی میں بھگو دیں صبح کو دو سیر
روغن کنجد میں جوش دیں جب پانی اور اسپند اور سونٹھ جل کر روغن رہ جائے چھان کر مالش
کریں اور بعضے اس روغن میں شنگرف ملاتے ہیں اور روغن بابچی کی مالش کرنا فالج میں مذکور
ہوا عرق النساء کو مفید ہے حسب شدت درد مفاصل اور عرق النساء اور نقرس کو فائدہ دیتا ہے

اور ہوا سے پرہیز کریں اور جس کو سردی کا پھٹے یہ کچھ نفع دیتا ہے برگ سرس برگ سنبھالو برگ سہجنہ
پانی میں جوش کرکے نچوڑ لیں اور ادویہ کو پانی سے نکال کر عضو پر باندھیں اور ہوا سے پرہیز کریں
نچوڑ کر جو پڑ جائے مفاصل میں اور ہر عضو کے درد کو نافع ہو سنبھالو کی پتیاں سویہ کے بیج اسپند
جوش دیکر کو لیں دوا جوڑوں کے درد کو مفید ہے دھتورہ کے پتے گرم کرکے باندھیں ضماد
پیٹھ اور زانو کے درد کو مفید ہے میدہ لکڑی پیسکر نیم گرم باندھیں دیگر گھٹنے کے درد کے واسطے
ببول کی کونپل اور اسکے اندر کا پوست پیس کر پانی کا لعاب اس کا لیکر نیم گرم ضماد کریں ضماد
درد مفاصل اور گھٹنے کے درد اور نقرس کو نافع ہے نرسل کی پتیاں میٹھے تیل میں پیسکر لگائیں
ضماد گھٹنے اور مفاصل اور کمر کے درد کو مفید ہے بولہ کوٹ چھان کر تھوڑے پانی میں جوش
کریں جب گل جائے پیسکر ٹکیا بنا کر ایک دن میں دو بار نیم گرم عضو پر باندھیں چند روز میں درد
دفع ہو جائے ضماد مفاصل کے درد کو نافع ہے گلے کا تازہ گوبر سرکہ میں پکا کر موضع درد اور ورم
پر باندھیں ضماد گھٹنے کے درد کو نفع دیتا ہے کیسر کی پتیاں جوش دیکر کوٹ کر میٹھے تیل میں ملا کر
لگائیں دیگر بکری کی مینگنیاں دو حصہ جو کا آٹا ایک حصہ سرکہ اور انڈے کے تیل میں ملا کر ضماد
کریں ضماد نقرس گرم کو نافع ہے زرد قطونا سرکہ میں ملا کر ضماد کریں طلا نقرس گرم کو مفید ہے
گلی لگائیں اور اسی طرح جو کا آٹا اور خطمی کوٹ چھان کر ضماد کریں ناشہد میں ملا کر لگانا نقرس سرد کو
فائدہ دیتا ہے طلا گھٹنے کے درد کو نفع دیتا ہے سہجنہ کے بیج پیسکر نیم گرم طلا کریں درد زانو کو گرمی پہنچ
دور ہو جائے گا دوا تھوہر کانٹے دار کو پھاڑ کر گل درد پر ایک رات دن باندھے رہیں اور چند روز
اسی طرح استعمال کریں ضماد جوڑوں کے درد کے لئے تخم حنظل پانچ ماشہ وجدوار ایک تولہ ریٹھی کا مغز
چھ ماشہ پانی میں پیسکر لگائیں دوا اسگندھ کی جڑ سونٹھ پیسکر میٹھے تیل میں ملا کر نیم گرم ملیں اور اگر
بیج سرسنگھوا ہو تو نرگل کی جڑ کافی ہے ضماد نافع نقرس برگ ارنڈ جوش دیکر ضماد کریں طلا کمر
سرد درد کو تسکین دیتا ہے تو بان پیسکر سینک کریں درد دور ہو جائے ضماد گھٹنے کے درد اور
عرق النسا کو نافع ہو صابون سندھی میں ملا کر پانی میں پیسکر ضماد کریں اور بعضوں نے ناندران طلا
بھی لکھا ہے ضماد گھٹنے کے درد کو مفید ہے سندھی کی پتیاں ارنڈ کے پتے پیس کر نیم گرم زانو پر
باندھیں دوا کمر اور پیٹھ کے درد کو مفید ہے بیل کی چھال اسکے اوپر کی سیاہی دور کرکے پوست

اسیطرح افیون ہر ایک دو درم تخم کاہو اجوائن ہر ایک دس درم کوٹ چھان کر مقدار چار ماشہ کے
برابر گولیاں بنائیں خوراک ایک عدد روغن ناگوارہ گھٹیا کو نافع ہو اجوائن پیسکر میٹھے تیل
میں ملا کر ملیں روغن تمباکو جوڑوں کے درد کے واسطے تمباکو آدھ سیر روغن کنجد ایک پاؤ تمباکو
توڑ کر آدھ سیر پانی میں رات کو تر کریں صبح تمباکو کا پانی روغن کنجد میں ملا کر نرم آگ پر جوش کریں
جب پانی جلکر روغن باقی رہے صاف کرکے ملیں روغن ریحان گھٹنے کے درد کو نافع ہے
ریحان کی پتیوں کا پانی دو حصہ میٹھا تیل دو حصہ لیکر جوش کریں جب روغن رہ جائے اگر تو نہ
پتے کا پانی کرکے اس میں پکایا ہو سے ملا کر ملیں اور عضو پر بھی ملیں روغن چوب چینی مفاصل
کے درد اور پیٹھ کے درد اور اس درد کو جو آتشک سے پیدا ہووے نافع ہو چوب چینی نیکوب
میٹھا تیل ہر ایک دس شقال پانچ سیر پانی میں جوش دیں جب پانی جل جائے صاف کرکے استعمال
کریں روغن خفاش یعنی چمگادڑ کا گل وجع مفاصل اور تشنج اور فالج اور رعشہ کو نافع ہو
چمگادڑ موٹا تازہ میٹھے تیل میں جوش دیں جب چمگادڑ گل جائے صاف کرکے استعمال کریں
اور اس روغن کو سوراخ ذکر میں ٹپکانا پیشاب کو جاری کرتا ہے روغن حنا درد مفاصل کو
نافع ہو مہندی کی پتیاں چار درم نمک پانی میں جوش دیں جب نصف باقی رہے صاف کرکے دو درم
روغن تخم کے ساتھ جلا کر استعمال کریں روغن مفاصل کے درد کو نافع ہے مؤلف کا ایجاد
برگ مہندی برگ سنبھالو برگ تازہ بوبرگ دھتورہ برگ مدار برگ ارنڈ برگ کو برابر لیکر عرق
اس کا نکال کر اور برابر تیلوں کے روغن کنجد ڈال کر جوش کریں اور اسپند ایک تولہ سویہ کے بیج
ایک تولہ اجوائن چھ ماشہ ملائیں جب یہ ادویہ جل کر روغن رہ جائے صاف کرکے پہلے افیون
دو ماشہ روغن میں ملائیں پھر سورنجان تلخ ایک تولہ ملا کر استعمال کریں روغن زنجبیل یعنی
سونٹھ کا تیل مفاصل کے درد کو نافع اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے ادرک کا پانی چار حصہ میٹھا تیل آدھا
حصہ باہم ملا کر جوش دیں جب پانی جل کر روغن رہے صاف کرکے نیم گرم مالش کریں کیوڑے کا
تیل پیٹھ اور جوڑوں کے درد کو نافع ہے اور ڈھیلے اعضا کو سخت کرتا ہے کیوڑے کا پھول میٹھے
تیل میں ڈال کر چالیس روز دھوپ میں رکھکر استعمال کریں سداب کا تیل لنگ پیٹھ اور مفاصل
کے درد کو مفید ہے بچھوا درد شانہ کیواسطے کریرہ جوش دیکر بھپارہ دیں اور پتے باندھیں

اندر کا لیکر سایہ مین خشک کرکے کوٹ کر بکائین اور شکر اُسکے برابر ملا کر تھا پانچ درم سونف کے
شیرہ کے ساتھ کھائین طلا ۔ نافع نقرس بکری کی مینگنیان شہد مین ملا کر لگائین دوا نافع عرق النسا
سونٹھ ایک پاؤ باریک کوٹ چھان کر ایک تولہ پارہ خوب اسمین دونون ملا کر تھوڑا اُس سے لیکر
مالش کرین ضماد بائی کے درد کو نافع ہو سینھی کی پتیان پانی مین پیسکر گرم ضماد کرین دوا اعصاب کے
درد کو جو سردی سے ہووے نافع ہو سونٹھ کا پھیل اسگندھ برابر پیسکر مالش کرین دیگر اُس درد کو
نافع ہے جو ریح اور بلغم سے ہو ریٹھی ڈھیری نمک سیندہ لکڑی ہر واحد ایک تولہ بہنگ چھ ماشہ
گیہون کا آٹا آدھ پاؤ کوٹ چھانکر ملا کر روٹی بنائین ایک طرف روٹی کا توے پر سینک کر گرم گرم جو طرف
درد پر باندھین ضماد درد اور ورم کو مفید ہے اجوائن کوٹ چھان کر شہد مین ملا کر ضماد کرین ضماد
زیری اور تلوے کے درد کو مفید ہو شورہ سرکہ مین پکا کر گرم ضماد کرین **فصل** امراض خاص مردان
آتشک کا علاج سبب اس مرض کا مادہ سوداوی محترق ہو جاتا ہے کہ منضج کے بدن کو اخلاط
سوختہ سے کئی مرتبہ پاک کرین اور اگر علاج اس بیماری کا دیر میں سے ہے تو بہت نقصان
رکھتی ہے کراس سے گٹھیا ہو جاتی ہے اور علاج کی سو ترکیب سے جلد ہلاک ہوتا ہے چاہیے
کہ پہلے مسہل بین جداگانے اور دوا استعمال کرین مسہل جو بے زحمت ادکو نکالے اور آتشک
کو نفع دے پارہ گندھک آملہ سار ہر واحد ایک ماشہ گیرو آدھا ماشہ سفرجال گوکھرو سبزی نکال کر
تین ماشے پہلے پارہ اور گندھک کو باہم ملا کر کھرل کرین بعد اسکے اجزا اور دیگر ڈال کر پانی سے
کھرل کرکے قرص بنا کر برتن مین رکھ کر اس مین پانی بھر کر آگ پر رکھ دین جب جذب ہو جاوے
نکال کرین سیر آدھ سیر دودھ کے ساتھ کھائین یہ مسہل دیگر کہ مادہ بلغم اور صفرا کو خوبی نکالے پارہ
گندھک آملہ سار ہر واحد ایک درم سہاگہ شیطرج سیاہ مرچ سونٹھ ہر واحد تین درم سقمونیا کوٹھ
سبزی دور کرکے گیارہ درم ان سب پانی مین ایک پہر کھرل کرین خوراک ایک رتی سے دو رتی تک
شربت عنبری کے ساتھ حب مسہل آتشک کے لیے جمال گوٹہ مدبر ایک درم آملہ چار درم کوٹ
چھان کر لیمون کے پانی مین سات پہر کھرل کرکے چنے کے برابر گولیان بنائین خوراک ایک گولی
سے تین گولی تک موافق مزاج مریض کے اور بعض نسخون مین جمال گوٹہ مدبر اور ہلیلہ سیاہ
ہر واحد ایک حصہ آملہ دو حصہ لیمون کے پانی مین کھرل کرکے برابر بندوق کی گولی کے گولیان تیار

خوراک ایک گولی دیگر گندھک مغسول سیماب مغسول سہاگہ سونٹھ سیاہ مرچ جمال گوٹہ مدبر برابر
لیکر کوٹ چھان کر گاے کے دودھ مین پیسکر دو رتی کے برابر گولیان بنائین خوراک ایک گولی
پانی کے ساتھ اور گولی کھا کر جس قدر پانی پئین اسی قدر اجابت ہووے غذا شیر برنج یا دہی چاول
شربت حنظل یعنی اندرائن کا شربت مواد سوداوی کا اسہال کرتا ہے اور آتشک والون کو نافع
ہے پوست حنظل ٹکڑے ٹکڑے کرکے دو حصہ دس حصہ پانی مین جوش دین جب تیسرا حصہ رہ جاے
صاف کرکے شکر سفید برابر وزن دوا کے ملا کر قوام مین لاوین خوراک ایک پارہ درم سے تین درم تک
دوا آتشک کے لیے چاہیے کہ اول تین روز منضج لاکر اسہل دین نسخہ منضج کا [illegible] گاؤزبان شاہترہ
دو دو درم بادیان ڈیڑھ درم گلقند دو تولہ لا کر تین چوتھے روز جب التنقیل برابر کوٹ چھان کر شکر برابر
ملا کر تین روز کھائین پھر یہ حقنہ بنائین اور دھتورے کے برگ باریک پیسکر ایک دام افیون مین ملا کر تو
قرص بنائین اور تین روز ایک قرص صبح ایک دوپہر ایک شام کو بطور تمباکو کے پیکر حقے کو [illegible]
سے [illegible] حقہ مین رکھ کر [illegible] جب قرص خوب جل جاوے اسکو تولہ دیگرہ اسی
حقے کے اندر ڈال دین اور تین روز حقہ سے دم نکالین اور اسی حقہ مین پیا کرین غذا فقط جو نے
چنے یا چھے کی روٹی بے نمک تین روز تک پھر چوتھے روز طعام کھچڑی ایک دو دن کھائین بعد اسکے
اختیار ہو اور اگر منہ آئے ببول کی چھال جوش دیکر کلی کرین **روغن** آتشک کیواسطے اندرائن
کی جڑ آدھ پاؤ جو کوب کرکے دو سیر پانی مین جوش دین جب آدھ سیر رہ جاے مل کر صاف کرکے
آدھ سیر رینڈی کے تیل مین ملا کر نرم آگ پر جوش دین جب پانی جل کر روغن رہ جاے شیشہ
مین رکھین اور صبح کو ایک درم کے برابر گاے کے دودھ مین ملا کر پئین غذا مونگ کی کھچڑی
دو تین روز مین مرض دفع ہو جاتے اور یہ دوا مادہ اسہال کو دفع کرتی ہے **نقوع** کہ آتشک کو
فائدہ کرتا ہے جنداں کا پھل دو عدد آدھ پاؤ پانی مین تر کرین صبح پانی صاف اس کا پئین
دوا نافع آتشک دس درم کو گھی کی تیج پچاس درم پانی مین پیسکر نہار سات روز تک کھائین
سفوف آتشک کیواسطے مجرب ہے کنول کوٹ چھان کر پہلے روز ایک ماشہ دوسرے روز
دو ماشہ اسی طرح ہر روز ایک ماشہ زیادہ کرکے سات روز تک کھائین بعد اسکے ترک کردین
اس عرصہ مین کئی بار قے اور اسہال ہوگا اور سوائے ترشی کے اور کچھ اسمین پرہیز نہین ہے

دیگر آتشک کو نافع ہے مدار کی لکڑی کا کوئلہ پیسکر صاف کرکے اسکے برابر شکر ملاکر آدھا آدھا درم دودھ
لگی مین ملاکر سات روز کھائین غذا قلیہ دیگر نافع آتشک عباسی کے بیج جس کا پھول سرخ
ہووے جسقدر چاہین بھونکر پوست اسکا دور کرکے مغز اُس کا کوٹ چھان کر برابر شکر ملاکر سفوف
بنائین اور بقدر ایک تولہ صبح پانی سے کھائین دیگر رسکپور نو ماشہ سیاہ مرچ اکیس عدد کوٹ چھانکر
سفوف بناکر سات حصہ کرین ایک حصہ نکال کر ہر حصہ ایک صبح ایک شام بکری یا گائے
کے دودھ کے ساتھ کھائین غذا سات روز تک شیر برنج پھیکی پھر کچنال کی چھال وٹ چنبیلی کی
پتیان اسپند کے جوشاندہ سے غرغرہ کرین بعد اسکے گلہ بالچھڑ جوش دیکر کلی کرین دیگر پوست
ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ مرچ سیاہ ہر ایک دو مثقال پارہ سات مثقال شکر سولہ
مثقال کوٹ چھان کر خوراک بناکر استعمال کرین دیگر دافع آتشک پوست ہلیلہ زرد پوست
ہلیلہ سیاہ توتیا بریان کوڑی زرد سوختہ برابر لیکر عرق لیمون کے ساتھ لوہے کے برتن مین
سونٹہ سے کھرل کرکے سیاہ مرچ کے برابر گولیان بناکر ہر روز ایک گولی پان مین پندرہ روز تک
کھائین ساتھ تھوڑا کو پیسکر کا تقدیر رکھکر زخم پر لگائین اگر منہ آئے کچنال کی چھال جوش دیکر کلی کرین
حب دافع آتشک تلسی کی پتیان سبز چار درم توتیا سبز ایک دام باہم پیسکر چنے کے برابر
گولیان بنائین خوراک ایک گولی صبح کو گرم پانی کے ساتھ غذا کھچڑی بے روغن شنگرف کی
حب آتشک کے لئے کتھہ شنگرف الائچی کے دانے کھریاٹی ساوی الوزن اگر کمین ہو گلاب
نہین تو پانی مین خوب پیسکر جوار کے برابر گولیان بناکر بارہ روز تک روز ایک گولی کھائین اگر
ضعف ثابت ہووے ایک روز درمیان دیکر کھائین غذا غلیظ اور بادی اور گوشت چارپایہ
اور ترشی سے پرہیز کی رکھین اور نمک بھی کم کھائین اور گیہون کی روٹی گائے کا گھی اور مونگ
کی دال کھائین حب دافع آتشک مدار کی جڑ پانچ درم سیاہ مرچ اڑھائی درم کوٹ چھانکر
گڑ مین ملاکر جوار کے برابر گولیان بناکر ایک صبح ایک شام کھائین کھٹائی اور بادی چیز سے
پرہیز کرین حب دیگر ہلیلہ سیاہ چار دام سیاہ مرچ ایک دام توتیا سبز چوتھائی حصہ کاغذی
لیمون کے عرق مین کھرل کرکے جنگلی بیر کے برابر گولیان بناکر ایک صبح ایک شام کاغذی لیمون
کے عرق کے ساتھ چالیس روز نگل جایا کرین غذا مونگ کی دال اور اگر گولی کھاتے وقت

حلق مین سوزش معلوم ہووے تھوڑا دہی کھائین اور بھنے ہوئے چنون مین ہلیلہ زنگی بیس تولہ توتیا
ایک تولہ کتھا ہے اور سیاہ مرچ نہین ہے سنکھیا کی حب سنکھیا ایک ماشہ کتھا پانچ ماشہ
بھنگرہ کے پانی مین چنے کے برابر گولیان بناکر پہلے روز ایک گولی صبح اور ایک شام کھلائین اور
جو ہوا سرد اور مریض قوی ہووے تیسرے روز دو گولی صبح اور دو شام چودہ روز تک اسی طرح
کھلائین اور دیگر کمین ہو کیس روز تک استعمال کرین اور اگر مریض ضعیف اور ہوا گرم ہو ایک
گولی صبح اور ایک شام کھلائین اور جو گولیون کے کھلانے سے متلی اور قے عارض ہووے
پان بہت کھلائین اور خوب پرہیز کرائین حب سیماب مقعد کے زخم اور آتشک کو نافع ہے پارہ
اڑھائی درم مصطگی شکر سرخ ہر ایک تین درم کندر پانچ درم شنگرف دو درم پہلے پارہ کو تھوک مین
ملاکر انگلی سے خوب لت کرین تاکہ اجزا اسکے جدا ہو جائین پھر آدھی شکر اس مین ڈال کرین جب
پارہ شکر مین مضمحل ہو جاوے تھوڑا تھوک اور باقی شکر ڈال کر خوب پیسین اسی طرح سے ہر دوا جدا
علیحدہ کوٹ چھان کر دوا کے برابر لیکر جنگلی بیر کے برابر گولیان بناکر ایک درم ہر روز ایک ہفتہ
تک کھائین دیگر حب سیماب آتشک کے لئے پارہ کتھہ مہندی برگ کابلی اجوائن سیاہ مرچ
مہوہ کے پھول ہر واحد ایک حصہ کوٹ چھان کر دوا کے برابر لیکر جنگلی بیر کے برابر گولیان
بناکر ایک گولی صبح ایک شام پانی کے ساتھ کھائین غذا گیہون کی روٹی دیگر پارہ عاقرقرحا
اجوائن موچرس ہر ایک چھ ماشہ بھلانوہ سات عدد قند سیاہ دوا کے برابر مجموعہ بھلانوہ پوست
چھان کر گڑ مین ملاکر چودہ گولیان بنائین اور ایک گولی صبح اور ایک گولی شام کو دہی کے ساتھ کھائین
دیگر جوڑون کے درد کے واسطے جو سبب آتشک کے ہووے مفید ہو اور آتشک کو بھی فائدہ
کرتی ہے پارہ اجوائن خراسانی بھلانوہ ٹوپی دور کرکے اجمود سفید ہر ایک تین ماشہ گڑ دو دام
کوٹ چھان کر جنگلی بیر کے برابر گولیان بناکر ہر روز ایک صبح ایک شام حلق مین رکھکر پانی سے
اس طرح نگل جائین کہ دانتون پر نہ لگے غذا کھچڑی دال خشکہ اور گیہون کی روٹی ترشی اور بادی
سے پرہیز کرین پانچ روز مین مرض رفع ہووے اور اگر منہ آ جائے کلی کرین بعد مسہل کے کھانا
زیادہ مفید ہے دیگر نافع آتشک پوست بیخ رسونت سبز پیسکر جنگلی بیر کے برابر گولیان بناکر
گھی کے ساتھ کھائین دیگر دافع آتشک اجوائن کی بھوسی سرسون سیاہ مرچ ہر ایک دام

کوٹ چھان کر گولیاں بنا کر کھائیں اس دوا میں پرہیز مطلق نہیں ہے حب نافع آتشک
پارہ اجوائن سیاہ و خراسانی بھلانوہ مساوی ایک دام بیکر بھنگرہ کے شیرہ میں حل کرکے خشک
کریں اور برابر اسکے گڑ ملا کر ایک دانے کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی روز ایک ہفتہ نہایت
دو ہفتہ تک کھائیں اور اگر منھ آنے لگے تو کچنال کی چھال سے کلی کریں حب شنگرف آتشک اور
جوڑوں کے درد کو جو بسبب آتشک کے ہووے نافع ہے شنگرف افیون پارہ ہر واحد دو دانگ
اجوائن پانچ دانگ بھلانوہ ٹوپی دور کرکے سات دانگ پرانا گڑ پانچ دانگ پارہ اور شنگرف
باہم کرکے ادویہ کوٹ چھان کر ملائیں اور سب ادویہ کو ادرک کے پانی میں کھرل کرکے سات
گولی بنا کر ایک گولی روز کھائیں **حب سیماب** نافع آتشک کتھ پاپڑیا ایک بہلول پارہ چار طسوج
تین ماشہ کا پرانا گڑ تین بہلول تینوں ادویہ پیسکر ملا کر سات گولیاں بنا کر استعمال کریں **دیگر**
آتشک کو نافع اور مقوی باہ بھی ہے پارہ گندھک سہاگہ ہرتال ہر ایک ایک درم سیاہ مرچ
دو درم کوٹ چھان کر لیموں کے عرق میں ملا کر گولیاں بنائیں خوراک ایک گولی صبح ایک شام
دیگر آتشک کو مفید ہے پارہ اجوائن خراسانی سیاہ ہر ایک دو درم بھلانوہ ایک درم گڑ سو درم
گیارہ گولیاں بنا کر ایک گولی دہی کے ساتھ کھائیں جو شاندرہ آتشک کیواسطے مجرب ہے
بجز نمک نہیں لانا ہے پرہیز بھی اس میں نہیں ہے اگر پرہیز کریں قلیہ اور خشکہ کھائیں جلد آتشک کو فائدہ ہے
کچنال کی چھال اندرائن کی جڑ ببول کی پھلی چھوٹی کٹیلی معہ جڑ اور تیوں کے برابر گڑ ہر ایک
آدھ پاؤ تین پاؤ پانی میں جوش کریں جب چوتھائی رہے صاف کرکے شیشے میں بھر رکھیں اور سات
خوراک کریں انشاء اللہ جلد مرض دفع ہو جائیگا **دیگر** سرس کی چھال ببول کی چھال نیب کی
چھال ہر ایک سوا سیر سب ادویہ کو سات سیر پانی میں جوش دیں جب ایک سیر پانی رہے صاف
کرکے شیشے میں رکھیں اور ہر روز آدھ پاؤ پئیں غذا چنے کی روٹی ایک ہفتہ تک کھائیں دوا مفید
آتشک برگد کے پتے جلا کر راکھ اسکی دو کوڑی کے برابر پان میں ہر روز کھائیں آتشک جو باقی
رہی ہو دفع ہو جائے **دیگر** املی کی پتیاں پیسکر بھنگ کی طرح پئیں اور ثفل اسکا زخم پر باندھیں
دیگر آتشک کو نافع ہے برگد کی چھال ہر ایک بوٹی کی چھال پانچ درم سیاہ مرچ تین درم جمال
دام پانی میں پیسکر چودہ روز تک کھائیں دیگر ... ایک گلاس ... اور شاخ ...

جلا کر راکھ اسکی چھ ماشہ ہر روز ایک تولہ شہد یا گڑ میں ملا کر سات روز تک کھائیں **دیگر** دافع
آتشک کسوندی کی پتیاں پانچ درم سیاہ مرچ ایک درم دونوں کو پیس کر چھنیں اور بے نمک کی غذا
کھائیں **دیگر** نافع آتشک ستیاناسی کی پتیاں ابتدائے مرض میں ایک دام بیکر
پانی میں تر کرکے پانی اس کا پئیں روز تک مجرب نافع آتشک اجوائن خراسانی اڑھائی ماشہ
شنگرف پانچ ماشہ توتیا دو رتی عاقر قرحا پانچ ماشہ مدار کی چھال دس ماشہ کوٹ چھان کر بیری کی
لکڑی کی آگ پر رکھکر دھواں اس کا لیں مجرب دافع آتشک اجوائن خراسانی چھوہارے بیج
عاقر قرحا مردار سنگ ہر واحد ایک ماشہ پیسکر بیری کی لکڑی سے جلا کر دھواں لیں حقہ دافع آتشک
شنگرف توتیا سبز ہر ایک اڑھائی دام پانچ ماشہ پوست بیخ مدار دس ماشہ اگر فراخ مقوی
ہو دس ماشہ کوٹ پیسکر چھ قرص بنائیں اور بے پانی کے حقہ میں بیری کی لکڑی کی آگ سے
پئیں اور دھواں اس کا زخم پر دیں اور گل اس کا راکھ کے ہو جائے حقہ میں
صبح و شام زخم پر غذا روٹی گھی شکر کے ساتھ کھانی چاہئے کہ قبل استعمال اس دوا کے جلاب
لیں **دیگر** شنگرف عاقر قرحا کا گوند سہاگہ ہر واحد ایک دام سب ادویہ کو کوب کرکے
سات پڑیاں بنا کر ایک پڑیا چلم میں رکھکر بیری کی آگ سے پئیں جب ایک طرف اس کا پیا جائے
دوسری طرف اس کو جلا کر پئیں اگر اس عرصہ میں منہ آ جائے تو نہیں یوں ہی طرح سے ایک روز
میں دو مرتبہ یعنی صبح دوپہر شام کو استعمال کریں اور زخم پر غذا بھوگ
شکر تری کے ساتھ تین روز نہایت سات روز تک کریں منہ آئے تو کی پتیاں
جوش دیکر کلی کریں **دوا** دافع آتشک نیب کی سبز پتیاں ہر ایک چند ماشہ
سیاہ مرچ سات ماشہ تینوں کا شیرہ نکال کر چار ماشہ اسی طرح
سات روز پئیں غذا بے نمک کھائیں **دیگر** گرمی کو مفید ہے شنگرف پھٹکری اجوائن ہر واحد
ایک سب کو پیسکر دونوں وقت چلم میں رکھکر تمباکو کے بیری کی آگ سے پئیں
اور جگہ ہو رہیں اور نمک سے پرہیز کریں اور خشک روٹی کھائیں
دیگر دافع آتشک پارہ مساوی کے برابر گولیاں بنائیں ہر روز صبح کو
ایک گولی کھائیں غذا چاول یا روٹی ترش سے پرہیز کریں **دیگر** آتشک کے لئے شنگرف

ہر ایک چھ ماشہ توتیا سبز ساڑھے تین ماشہ موم سفید دو دام گائے کا گھی چار دام کتیرا چار گرہ
نیب کی پتیوں کی چھیا چھلے گیا کو روغن میں پکا کر دور کریں پھر موم ڈالیں جب وہ گل جائے
برتن کو نیچے اتار کر بکچور ڈال کر حل کریں اسکے بعد شنگرف پیسکر ملائیں پھر توتیا ڈال کر موم جامہ
کرکے پھر فتیلہ بنائیں اور اپنے تیں چادر میں چھپا کر ایک فتیلہ کیکر بیری کی لکڑی کی آگ پر جوڑ لیں
غذا تین روز نمک شیر برنج کھائیں **مرہم** آتشک کو نافع ہے سکبیہ سفیدہ کاشغری ہر ایک چھ ماشہ
چھوٹی الائچی کے دانے ساڑھے تین ماشہ گھی میں حل کرکے مرہم بنائیں **مرہم دیگر** کتھ دو ماشہ
سنگ جراحت ایک ماشہ توتیا ایک چنے کے برابر چھالیہ سوختہ ایک عدد گھی بقدر ضرورت کے لیکر
ایک سو ایک بار دھوئیں پھر اور دوائیں ملا کر مرہم بنا کر زخم پر رکھیں اور اگر کوڑی زرد جلا کر
ملائیں بہتر ہے دیگر مدار کے پتے اکیس عدد سرسوں کا تیل آدھ پاؤ سات سات پتے تین مرتبہ
تیل میں جلا کر الگ کریں بعد اسکے موم چھٹانک ملا کر مرہم بنائیں **ذرور** نافع آتشک کیفیت
جلا کر توتیا کوڑی زرد جلا کر سادی کوٹ چھان کر چھڑکیں سفیدہ پرانی سپاری ہر ایک اڑھائی
دام نگا ایک دام اور یہ کو ایک دام پانی میں پیسکر غذیر لگا کر جلائیں اور راکھ اس کی لیکر
زخم پر چھڑکیں دیگر پرانے جوتے کا چمڑا شو ہے جلا کر پیسکر زرد کریں دیگر بلیلہ زرد سہاگہ آنکھ
سب کو جلا کر پیسکر زخم پر باندھیں **فصل جذام کا علاج** یہ بیماری سوداوی ہے جب مستحکم ہو جاتی
ہے صحت نہیں ہوتی ابتدا میں فصد اور مسہل لینا لازم ہے چاہیے کہ ہر مہینے میں مسہل لیں اور گوشت و
برنج اور چاول سے پرہیز کریں اور اگر خشکی زیادہ ہو تو چیزیں کہ رطوبت اصلی کو تحلیل کرتی ہیں
ان سے پرہیز رکھیں اور بہتر غذا جذام والے کے لئے بکری کا دودھ ہے **معجون نیش یعنی**
بچھناگ یہ نسخہ جذام والے کے لئے اہل ہند کا ایجاد ہے بلیلہ ہلیلہ ہر ایک دس درم سیاہ مرچ
پانچ درم بچھناگ اڑھائی درم کوٹ چھان کر گائے کے گھی میں چرب کرکے دو وزن شہد ملا کر
معجون بنائیں خوراک ایک مثقال سے دو درم تک ایک مثقال دوا المسک کے ساتھ کہ
دو ویش کی مصلح ہے **فائدہ** اہل ہند کا مجرب ہے کہ ہرتال کا کشتہ چالیس روز کھانا جذام کو فائدہ
کرتا ہے ہرتال کے کشتہ کرنے کا طریقہ یہ ہے ہرتال ایک دام کرنجوہ بھٹکری ہر ایک دو دام
پہلے آدھا کرنجوہ ملا مقر مکعوب کرکے سکورہ میں رکھیں اس پر نصف بھٹکری کوٹ کر بچھائیں

پھر اس پر ہرتال ڈالیں اور نصف باقی مقر کرنجوہ اور بھٹکری کوٹ کر ہرتال پر بچھائیں اور کپڑ مٹی
کرکے سات سیر جنگلی کنڈہ میں رکھ کر آگ دیں جب سرد ہو جائے نکال کر آدھی رتی ہر روز پان
میں کھائیں پچاس دن میں مرض دفع ہو جائے **دوسرا طریقہ** ہرتال کے کشتہ کرنے کا یہ ہے
ایک دام ہرتال انڈے کی سفیدی میں ملا کر غلولہ بنا کر سکورہ میں رکھیں اوپر سے ایک سکورہ
رکھ کر کپڑ مٹی کرکے خشک کریں اور چار سیر آگ میں رکھیں کشتہ ہو جائے گا **نیب کا سفوف**
جذام کو نافع ہے پھول اور پتیاں اور پھل اور جڑ اور چھال پرانی نیب کی ہر ایک آدھ سیر سیاہ مرچ
پوست بلیلہ زرد پوست بہیڑہ آملہ باپچی ہر ایک پاؤ سیر کوٹ چھان کر سفوف بنائیں خوراک ایک
دو ماشہ سے چار ماشہ تک بچھیڑہ کے جوشاندہ کے ساتھ چار مہینے تک استعمال کریں گوشت
اور نمک اور گرم چیزوں سے پرہیز کریں **حب سیماب** جذام کو نافع اور مجرب ہے پارہ دو درم
سنکھیا ایک درم گندھک چھ درم پونڈ چینی تین درم چوب ہول گاؤ مرد دو درم پارہ کو کشتہ کرکے سب ادویہ
کو لیموں کے عرق میں کھرل کریں پھر گشنیز اور سات عدد بہیڑہ کے چھلکے اس میں ملا کر سیاہ مرچ
کے برابر گولیاں بنا کر صبح و شام ایک گولی کھائیں کھٹائی سے پرہیز کریں **نقوع** نافع جذام
شاہترہ اسگندھ پونڈ منڈی پوست بلیلہ زرد سادی ہم وزن دو تولے کے برابر رات کو پانی میں
تر کرکے صبح مل کر صاف کرکے پئیں **سفوف** جذام اور جوشش خون کو نافع ہے سنکوٹے کی چھال
کوٹ چھان کر ہر صبح ایک تولہ پانی کے ساتھ کھائیں ترشی اور بادی اور نمک سے پرہیز کریں
دو ہفتہ میں فائدہ بخوبی ہو گا **نقوع** جذام کو نافع ہے چنے کی بھوسی آدھ پاؤ ایک سیر پانی
میں تر کرکے صبح مل کر چھان کر اسی طور سے ایک ماہ اکیس روز تک پئیں۔ چاول اور دودھ
دہی اور جو چیز سفید ہو اور ترشی سے بھی پرہیز کریں گوشت اور گڑ اور شکر جو ان میں چیز آئے
کھائیں اگر کچھ مرض باقی رہے اور چند روز میں **دوا** جذام کو مفید تر پانی کہ کشتی کے وقت نیب
کے درخت سے ٹپکتا ہے لیکر بدن پر ملیں دیگر سرپھوکہ کا عرق استعمال کرنا جذام کو نفع دیتا ہے
دیگر نیب کے پھولوں کا عرق جذام کو مفید ہے **نقوع** کہ جذام کو فائدہ دیتا ہے ببیاری کی لکڑی
ایک دام کوٹ کر پانی میں تر کرکے ہر روز اسی طرح سے چالیس روز تک نقوع اسکا پئیں دیگر مہندی
کی پتیاں تین مثقال رات کو پانی میں تر کریں صبح مل کر صاف کرکے تھوڑی شکر ملا کر اسی طور سے

ہر ایک چھ ماشہ توتیا سبز ساڑھے تین ماشہ موم سفید دو درم گائے کا گھی چار درم کتیرا چار گرہ
زیب کی پتیوں کی جگہ پہلے بکریا کو روغن میں پکا کر دور کریں پھر موم ڈالیں جب وہ گل جائے
برتن کو نیچے اتار کر سیکھ ورد ڈال کر حل کریں اسکے بعد شنگرف پیس کر ملائیں پھر توتیا ڈال کر موم جامہ
کرکے چھ فتیلہ بنائیں اور اپنے تئیں چادر میں چھپا کر ایک فتیلہ لیکر بیری کی لکڑی کی آگ ہوکر دھواں لیں
غذا میں روز نمک شیر برنج کھائیں **مرہم** آتشک کو نافع ہے سکیلہ سفیدہ کاشغری ہر ایک ساڑھے تین
چھوٹی الائچی کے دانے ساڑھے تین ماشہ گھی میں حل کرکے مرہم بنائیں **مرہم دیگر** کتھ دو ماشہ
سنگ جراحت ایک ماشہ توتیا ایک چنے کے برابر چھالیہ سوختہ ایک عدد گھی بقدر ضرورت لیکر
ایک سو ایک بار دھوئیں پھر ادویہ میں ملا کر مرہم بنا کر زخم پر رکھیں اور اگر کوڑی زرد جلا کر
ملائیں بہتر ہے دیگر مدار کے پتے اکیس عدد سرسوں کا تیل آدھ پاؤ سات پتے تین مرتبہ
تیل میں جلا کر الگ کریں بعد اسکے موم چھ ماشہ ملا کر مرہم بنائیں ضرور نافع آتشک کیفیت
جلا کر توتیا کوڑی زرد جلا کر سادی کوٹ چھان کر چھڑکیں … سفیدہ پرانی سپاری ہر ایک اڑھائی
درم زنگار ایک درم ادویہ کو ایک درم پانی میں پیس کر غدیر لگا کر جلائیں اور راکھ اس کی لیکر
زخم پر چھڑکیں دیگر پرانے جوتے کا چمڑا سو ماشہ چنے جلا کر پیس کر دور کریں دیگر بلیلہ زرد … آکا
سب کو جلا کر پیس کر زخم پر باندھیں **فصل جذام کا علاج** یہ بیماری سوداوی ہے جب مستحکم ہو جاتی
ہے صحت نہیں ہوتی ابتدا میں فصد اور مسہل لینا لازم ہو جاتا ہے کہ ہر مہینے میں مسہل لیں اور زخم و
مرچ اور جانے سے پرہیز کریں اور اگر خشکی زیادہ ہو تو وہ چیزیں کہ رطوبت اصلی کو تحلیل کرتی ہیں
اُن سے پرہیز رکھیں اور بہتر غذا جذام والے کے لئے بکری کا دودھ ہے **معجون نیش** یعنی
بچھناگ یہ نسخہ جذام والے کے لئے اہل ہند کا ایجاد ہے بلیلہ … ہر ایک دس درم سیاہ مرچ
پانچ درم بچھناگ اڑھائی درم کوٹ چھان کر گائے کے گھی میں چرب کرکے دو وزن شہد ملا کر
معجون بنائیں خوراک ایک مثقال سے دو درم تک ایک مثقال دوا المسک کے ساتھ کر
وہ نیش کی مصلح ہو **فائدہ** اہل ہند کا مجرب ہے کہ ہرتال کا کشتہ چالیس روز کھانا جذام کو فائدہ
کرتا ہے ہرتال کے کشتہ کرنے کا طریقہ یہ ہے ہرتال ایک درم کرنجوہ پھٹکری ہر ایک دو درم
پہلے آدھا کرنجوہ ملا کر … کرکے سکورہ میں رکھیں اس پر نصف پھٹکری کوٹ کر بچھائیں

پھر اس پر ہرتال ڈالیں اور نصف باقی مغز کرنجوہ اور پھٹکری کوٹ کر ہرتال پر بچھائیں اور گل حکمت
کرکے سات سیر جنگلی کنڈہ میں رکھ کر آگ دیں جب سرد ہو جائے نکال کر آدھی رتی ہر روز پان
میں کھائیں پچاس دن میں مرض دفع ہو جائے **دوسرا طریقہ** ہرتال کے کشتہ کرنے کا یہ ہے
ایک درم ہرتال انڈے کی سفیدی میں ملا کر غلولہ بنا کر سکورہ میں رکھیں اوپر سے ایک سکورہ
رکھ کر گل حکمت کرکے خشک کریں اور چار سیر آگ میں رکھیں کشتہ ہو جائے گا **زیب کا سفوف**
جذام کو نافع ہے پھول اور پتیاں اور پھل اور جڑ اور چھال پرانی زیب کی ہر ایک آدھ سیر سیاہ مرچ
پوست بلیلہ زرد پوست بہیڑہ آملہ پانچ ہر ایک پاؤ سیر کوٹ چھان کر سفوف بنائیں خوراک
دو ماشہ سے چار ماشہ تک گھیکوار کے جوشاندہ کے ساتھ چار مہینے تک استعمال کریں گوشت
اور نمک اور گرم چیزوں سے پرہیز کریں **حب سیماب** جذام کو نافع اور مجرب ہے پارہ دو درم
سنکھیا ایک درم گندھک چھ درم ریوند چینی تین درم ہول … دو درم پارہ کو کشتہ کرکے سب ادویہ
کو لیموں کے عرق میں کھرل کریں پھر کشتہ اور سات عدد بہیڑہ کے پتے اس میں ملا کر سیاہ مرچ
کے برابر گولیاں بنا کر صبح و شام ایک گولی کھائیں کھٹائی سے پرہیز کریں **منقوع** نافع جذام
شاہترہ اسگندھ پرتھی ہری پوست بلیلہ زرد سنا دی ہر ایک وزن دو تولہ کے برابر رات کو پانی میں
تر کرکے صبح مل کر صاف کرکے پئیں **سفوف** جذام اور سوزش خون کو نافع ہو … کی چھال
کوٹ چھان کر ہر صبح ایک تولہ پانی کے ساتھ کھائیں ترشی اور بادی اور نمک سے پرہیز کریں
دو ہفتہ میں فائدہ قوی ہوگا **منقوع** جذام کو نافع ہے چنے کی بھوسی آدھ پاؤ ایک سیر پانی
میں تر کرکے صبح مل کر چھان کر اسی طور سے ایک ماہ اکیس روز تک پئیں۔ چاول اور دودھ
دہی اور جو چیز سفید ہو اور ترشی سے بھی پرہیز کریں گوشت اور گڑ اور شکر جو ان میں جو چیز آئے
کھائیں اگر کچھ مرض باقی رہے اور چند روز میں **دوا** جذام کو مفید ہے پانی کشتی کے وقت زیب
کے درخت سے ٹپکتا ہے لیکر بدن پر ملیں دیگر سرپھوکہ کا عرق استعمال کرنا جذام کو نفع دیتا ہے
دیگر زیب کے پھولوں کا عرق جذام کو مفید ہے **منقوع** کہ جذام کو فائدہ دیتا ہے بھیلاں کی لکڑی
ایک درم کوٹ کر پانی میں تر کرکے ہر روز اسی طرح سے چالیس روز تک **منقوع** اسکا پئیں دیگر مہندی
کی پتیاں تین مثقال رات کو پانی میں تر کریں صبح مل کر صاف کرکے تھوڑی شکر ملا کر اسی طور سے

چالیس دن تک پئیں دوا نافع جذام سرس کی پتیاں ایک دام تخم سیاہ مرچ دو ماشہ پانی میں
پیس کر چالیس روز تک پئیں دیگر نافع جذام ببول کی چھال دو دام مکوب کرکے پانی میں تر کرے
صبح مل کر صاف کرکے ہر روز اسی طرح سے پئیں بسکھپرا کا شربت فساد خون کی سب بیماریوں
اور جذام اور گرمی کو نافع ہے بسکھپرا چھوٹی کی جڑ کا برادہ پاؤ سیر تین سیر دریا کے پانی میں آٹھ پہر بھگو کر
صبح جوش دیں جب نصف پانی رہے تب پاؤ شکر میں قوام کریں اور اسکے پچھلے تولہ ہر صبح دو ماشہ
اس طریق سے کہ بسکھپرا کی بجری لکڑی کا برادہ آدھ دام لیکر آدھ پاؤ پانی میں جوش دیں جب نصف
پانی رہے صاف کرکے شربت مذکور ملا کر پئیں چالیس روز تک اسی طرح سے استعمال کریں ترشی اور
دودھ دہی اور بقولات وغیرہ سے پرہیز کریں دوا نافع جذام درخت مسندی کی چھال کوٹ
چھان کر ہر صبح ایک تولہ پانی کے ساتھ تین روز کھائیں اور تین روز ناغہ کریں اسی طرح سے
اکیس روز تک کھائیں اور اس مدت میں مونگ کی دال اور کھچڑی غذا کریں ابتدا میں جو مرض ہو
اور جو مرض مستحکم ہو اول دنوں میں کچے ہوگی بعد چند روز کے آپ ہی آپ موقوف ہو جائے گا دوا
سیب کی پتیوں کا نمک جذام اور خارش اور درد کو مفید ہے فائدہ بہت جذام والوں کو دیکھا
کہ ابتدائے مرض میں انہوں نے افیون اور پوست کھانے کی عادت کی مرض میں تخفیف ہو گئی
شربت جھاؤ کی جڑ کا جوشاندہ دو ... اس مرض میں سرخ گندھک کا حکم رکھتا ہے اور صاحب تجربہ
داؤدی نے مجرب لکھا ہے دوا کہ جذام اور داد خفیف کو نافع ہے سیب کی پتیاں اور اس کے
برابر سیاہ تل اور تھوڑا لاہوری نمک لیکر کوٹ کر سب اور ویسے برابر ملا کر ہر روز پانچ درم کھائیں
فصل سعفہ یعنی سر کے گنج کا علاج وہ سر کا زخم ہے پیپ اور خشک ریشہ یعنی کھرنڈ کے ساتھ
ہوتا ہے پیدائش اس مرض کی سودائے غیر طبعی سے ہے بچپن کے زمانہ میں کہ رطوبت غالب
ہوتی ہے شروع شباب تک شدت کرتا ہے علاج جونکیں لگانا مفید ہے دوا مجرب
آملہ جلا کر پاؤ سیر پوست خشخاش سوختہ آدھ پاؤ کیلہ ہر ایک چار چار دام توتیا سہاگہ بریان
کے چھلکے کا دھواں کشتی کی راکھ ہر واحد ایک دام کوٹ چھان کر سرسوں کے تیل میں ملا کر لگائیں
روغن اوراق نافع سعفہ برگ بسکھپرا برگ فراش برگ نیم برگ گلستی برگ ارنڈ برگ بکائن
بے برگ اندرجیں ہر ایک دو تولہ پیسکر ٹکیا بنا کر پاؤ سیر میٹھے تیل میں جلائیں پھر ایک ماشہ توتیا

مسندی کی پتیاں مردار سنگ سہاگہ بریان بارہ سنگھا سوختہ کتھ آملہ سوختہ سیاہ مرچ سوختہ ہر ایک
چھ ماشہ پیسکر روغن میں جلا کر ببول کی لکڑی سے حل کرکے استعمال کریں گدھے کی لید کا تیل
گنج سر کو نافع ہے گدھے کی لید خشک گھڑے میں رکھ کر تھوڑے کو سے ڈال کر جب تین اور اوپر
سلگنے والے کی ایسی تھالی کہ دینگے لب اٹھے ہوئے ہوں اس طرح اُس گھڑے پر چنیں کہ تمام
لگے زمین سے دو انگل نکلے رہیں تاکہ بخار لید کا اس تھال میں جمع ہو اسکو لیکر ملا کریں طلا نافع
گنج سر زنگار نصف بریان نصف خام پیسکر کڑوے تیل میں ملا کر لگائیں دوا گنج سر کو نافع ہے مسندی
کی پتیاں چار تولہ مردار سنگ کیلا کتھ سہاگہ ہر ایک دو دو تولہ توتیا تین ماشہ کوٹ چھان کر کڑوے
تیل میں ملا کر طلا کریں ضماد گنج سر کو مفید ہے چھ دام توتیائے سبز تین دام آدھ پاؤ میٹھے تیل میں
جلا کر پیسکر ضماد کریں طلا بیلہ کا پتی گندھک زرد کا چھلکا ہر واحد ایک درم توتیائے سبز آدھا درم کوٹ
چھان کر طلا کریں دوا لڑکوں کے گنج سر اور پھوڑے اور پھنسیوں کو جو لڑکوں کے سر پر
پیدا ہوتی ہیں نافع ہے کیلا کتھ گیرو شورہ توتیا ہر واحد ایک حصہ مردار سنگ سیاہ مرچ دو حصہ
مسندی کی پتیاں چار حصہ سرسوں کے تیل کو گرم کرکے اس میں ملا کر استعمال کریں ضماد نافع گنج
سر ارنڈ کی کونپل کوٹ کر تھوڑا نمک ملا کر ضماد کریں دوا گنج سر کو فائدہ دیتی ہے پرانے جوتے کا تلا
جلا کر کڑوے تیل میں ملا کر استعمال کریں دیگر کتھا کو کا ... پیسکر کڑوے تیل میں ملا کر لگائیں دیگر آب
اچار لیموں جو ایک سال کا ہو گنج سر پر لگائیں دیگر گھوڑے کا سم جلا کر میٹھے تیل میں ملا کر سر پر
لگائیں روغن بکائن سعفہ کو نافع ہے بکائن کے پھل کا مغز مکوب کرکے تیل میں جلا کر صاف
کرکے گنج سر پر استعمال کریں روغن فراش گنج سر کو نافع ہے برگ فراش پیسکر ٹکیا کڑوے تیل
میں جلا کر صاف کرکے لگائیں ضماد دھنیا سبز پیسکر لگانا گنج سر کو نفع کرتا ہے ضماد چقندر کے
پتے پیسکر لگانا مفید ہے دوا بکری کی مینگنیاں لگانا گنج سر اور قروح سارے یعنی پھیلنے والے زخم
کو نافع ہے فصل برص و بہق ابیض یعنی سفید داغ کا علاج ان دونوں میں فرق یہ ہے کہ
برص ان سفید داغوں کو کہتے ہیں جو ظاہر جلد میں ہوتے ہیں اور گوشت اور جلد کے اندر گھسے ہوتے ہیں
اور بہق ابیض سفید رقیق ... ہے برص سے کم ... نہیں ہوتی ہے اور بہق کا اگر ابتدا میں جلد علاج
کیا جائے زائل ہو جاتا ہے علاج بعد تنقیہ کے مادہ بلغم کا تنقیہ کریں بلغمیات اور اشیائے سرد سے

جس سے چارہ نہ ہو اور دوا سے معالجہ کرنے کے تین قاعدہ ہیں ایک وزن دوا کا اختیار کرنا دوسرے دوا کی کیفیت یعنی گرمی سردی خشکی تری کو جانچنا تیسرے مرض کا وقت معلوم کرنا کہ چاروں وقتوں سے کون وقت ہے اور چار وقت یہ ہیں ابتدا اشتداد انتہا انحطاط مثلاً ورم کی اگر ابتدا ہو ان ادویہ کا استعمال کریں کہ مادہ کو روکیں اور انحطاط میں بالکل تحلیل کرنے والی چیزوں کا استعمال کریں اور اشتداد یعنی زیادتی ورم میں رادع اور محلل ملا کر استعمال کریں **فائدہ** اطبائے ہند اس بات پر متفق ہیں کہ پوست ہلیلہ زرد کا مدت ایک سال اس طرح کھانے سے بیماریاں دفع ہوتی ہیں اور صحت تمام حاصل رہتی ہے کہ ماہ چیت اور بیساکھ میں ایک درم شہد کے ساتھ اور جیٹھ اور اساڑھ میں منقے کے ساتھ اور ساون اور بھادوں میں نمک لاہوری کے ساتھ جس قدر نمک پسند ذائقہ ہو اور کنوار اور کاتک میں ہم وزن مصری کے ساتھ اور اگہن و پوس میں ہم وزن سونٹھ کے ساتھ اور ماگھ اور پھاگن میں تین عدد پیپلوں کے ساتھ بمقدار ایک درم کے کھائیں انشاء اللہ جملہ بیماریوں اور قبض سے محفوظ رکھے گا **دوسرا انتقال**

علاج صداع یعنی دردسر کے بیان میں اگر سر میں ایک طرف درد ہو اس کو شقیقہ کہتے ہیں بس اگر اس کا سبب چاروں خلطوں سے کوئی خلط یا ریح ہو اس کو مادی کہتے ہیں اگر اس کا سبب ان میں سے کوئی چیز نہ ہو اس کو ساذج کہتے ہیں اور اگر دھوپ یا آگ یا ہوا کی گرمی یا دوائے گرم کھانے سے پیدا ہو وہ حار ساذج ہے اور اگر ہوائے سرد یا آب سرد کے استعمال یا مقام سرد میں ٹھہرنے یا ادویہ سرد کھانے سے پیدا ہو وہ بارد ساذج ہے **گرمی کی علامت** جلد کی سوزش اور گرمی اور گرانی کا ہونا اور اشیائے سرد سے نفع اور گرم سے ضرر پانا **علامت سردی کی** سستی اور سردی جلد اور سوزش کا نہ پایا جانا اور اشیائے سرد سے ضرر اور گرم سے نفع پانا اصل یہ ہے کہ تقدم سبب کی وجہ سے گرمی و سردی کے پہچاننے میں دشواری نہیں ہوتی اور ہر خلط کے غلبہ کی علامت پیشتر مذکور ہو چکی اور **ریح کی علامت** ایک جگہ سے دوسری جگہ درد کا انتقال کرنا اور کان میں کسی طرح کی آواز معلوم ہونا **علاج دردسر کا** اگر خون کا غلبہ ہو فصد سرد لیں اور اگر بلغم یا صفرا یا سودا یا ریح غالب ہو بعد نضج کے قواعد طب کے موافق مسہلات سے مادہ کو نکالیں اور ساذج میں مزاج کی تعدیل کریں یعنی اگر

گرمی ہو سرد کریں اگر سردی ہو گرم کریں اب یہاں چند نسخے دردسر اور شقیقہ کے لکھے جاتے ہیں **اطریفل کشنیزی** کہ واسطے دردسر اور دوران سر آنکھوں کی بیماری کے مفید ہے پوست ہلیلہ زرد و ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ کشنیز مقشر ہر ایک ایک تولہ کوٹ چھان کر گھی میں چرب کر کے سہ چند شہد قوام کر کے معجون بنائیں خوراک دو تولہ **اطریفل ملین** کہ طبیعت کو نرم کرتا ہے اور اخلاط فاسدہ کو معدہ اور دماغ سے نکالتا ہے اور صداع اور کان کی بھنبھناہٹ اور آنکھوں کی تیرگی کو فائدہ کرتا ہے پوست ہلیلہ کابلی پوست ہلیلہ زرد پوست آملہ بہیڑہ و ہلیلہ سیاہ ہر ایک تین درم گل سرخ سنا مکی تربد مجوف خراشیدہ ہر ایک ایک درم سونٹھ نیم درم کوٹ چھان کر روغن بادام میں چرب کر کے سہ چند شہد یا قند میں ملائیں مقدار شربت موافق مزاج پاشویہ دردسر کو مادی ہو یا ساذج نافع ہے کھاری نمک دو درم بھوسی گندم دو مٹھی بیر کی پتی برگ خطمی تخم عنب الثعلب ہر ایک آدھ پاؤ تخم خطمی چار درم پانی میں جوش کریں جب آدھا باقی رہے نیم گرم سے پاشویہ کریں اگر سب دوائیں نہ ملیں جس قدر مل سکیں کافی ہیں اگر کوئی دوا نہ ملے صرف گرم پانی بھوسی گندم نمک شور کفایت کرتا ہے اور پاؤں کو دبانا اور تلووں سے ملنا دردسر گرم و سرد میں مفید ہے پاشویہ دھونا پاؤں اور تلووں کا نیم گرم پانی سے اور تلووں میں گھسنا دبانا دردسر کو نفع دیتا ہے شیخ بو علی بن سینا نے قانون میں لکھا ہے کہ میں صاحب دردسر کے ہاتھ پاؤں پر اکثر گرم پانی کا ترشح دیتا رہا یہاں تک کہ معلوم ہوا کچھ حصہ سر سے ہاتھ پاؤں کی طرف اترتی ہے پس دردسر دفع ہو گیا اور ابو ماہر نے لکھا ہے کہ سرد پانی سے نہانا صداع گرم کو فائدہ کرتا ہے **فائدہ** دردسر کی سب قسموں میں آرام سے رہنا کھانے پانی کی قلت رکھنا اور حرکت اور جنبش ترک کرنا غذائے غلیظ و نفاخ و مبخر یعنی ابخرہ پیدا کرنے والی سے پرہیز کرنا لازم ہے **مجرب** ہے بھپارا کہ بالخاصیت دردسر دور کرتا ہے ایک تغار میں پانی بھر کر اپنے آگے رکھیں اور اپنے تئیں بالکل چادر سے چھپالیں اور ایک اینٹ کا ڈھیلا گرم کر کے اس میں ڈالیں اور سر جھکا کر اس کے بخار کا بھپارا لیں دردسر دفع ہو جائے گا **مجرب** صداع حار اور بارد کو نفع رکھتا ہے کاک کا گر ایک درخت ہے اس کو سی کہتے ہیں ٹکڑے ٹکڑے کر کے جوش دے کر بھپارا لیں اس کے بعد صندل دو حصہ ریٹھی

پرہیز لازم جانیں حب جنگلی انجیر کی چھال تنتیس درم شیطرج سولہ درم گندھک بندرہ درم
بلیلہ سیاہ وغیرہ ہر ایک چھ درم کوٹ چھان کر گائے کے بچھڑے کے پیشاب میں ملا کر جوش دیں جب
گاڑھا ہو جانے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا کر ایک مہینہ میں روز تک ہر روز ایک صبح ایک شام
کھائیں حب سفید داغ کو نافع ہے اور بالوں کو سفید نہیں ہونے دیتی ہے بابچی مدبر نقشہ پوست
